(مشائخ نقشبند کے عملیات وظائف اور تعویذات بنام)

مجربات مشائخ نقش بند

جمع وترتیب

مفتی اِحسان الحق

فاضل و متخصص فی علوم الحدیث

جامعہ علوم اسلامیہ علامہ محمد یوسف بنوری ٹاؤن کراچی

مکتبہ الحسنی

0332-2177075

جملہ حقوق محفوظ ہیں

نام کتاب:-----------------مجربات مشائخ نقش بند

جمع وترتیب:-----------------مفتی احسان الحق

سن اشاعت:-----------------

تعداد اشاعت:-----------------

فائنل سیٹنگ:-----------------

ناشر:-----------------مکتبہ الحسنی

برائے رابطہ

مکتبہ الحسنی

0332-2177075

1	انتساب
2	مقدمہ
3	آسمانی اور زمینی تمام آفات و بلیات سے حفاظت کے لئے
3	آسیب کا لپٹ جانا
3	دفع آسیب کے لئے
4	ازالہ آسیب کا ایک آسان وظیفہ
4	دفع آسیب وسحر
5	آشوب چشم کے لئے
5	ناگہانی آفات اور حادثات سے حفاظت کے لئے
6	دیگر وظائف برائے آفات وسحر وغیرہ
6	آمدن میں برکت کے لئے
6	آنکھوں کے درد کے لئے
7	باہمی اتفاق اور خانگی الفت کے لئے نسخہ اکسیر
7	استخارہ نقشبندیہ
8	آسان استخارہ
8	عدم اسقاط کے لئے
9	اصحاب کہف کے ناموں کا تعویذ
9	افسر کو اپنی طرف مائل کرنے کے لئے اور غلط فیصلہ سے بچنے کے لئے
10	امتحان میں کامیابی کا وظیفہ
10	امتحان میں کامیابی کے لئے
10	سارا دن ساری رات امن و امان میں رہنے کے لئے
11	انٹرویو کے لئے جاتے وقت
11	طلب اولاد کے وظیفہ

11	اولاد نہ ہوتی ہو
12	برائے اصلاح اولاد
12	برائے اولاد نرینہ
13	برائے اصلاح اولاد
13	نرینہ اولاد کے لئے وظائف
13	ایمان کی سلامتی کی دعا
14	ظالم بادشاہ، سرکش دشمن اور ہر قسم کے فتنے سے حفاظت کے لئے
14	بانجھ ہونا
15	برائے دفع درد باؤ
15	بچے کے ڈر کا تعویذ
15	بچے کو تمام آفات سے بچانے کے لئے تعویذ
16	بچہ زندہ نہ رہنا
16	بچوں کے رونے اور مضر اشیا سے بچنے کے لئے
16	بچھو، بھڑ وغیرہ درد کے لئے
17	بخار کے لئے
17	بخار کے لئے تعویذ
18	وہ بخار جس میں بندہ کانپتا ہے اس کا تعویذ
18	تیسرے دن کے بخار کے لئے
18	وہ بخار جس میں جسم پر سرخ دانے نکل آتے ہیں اس کا تعویذ
19	دفع بخار و درد کے لئے
19	بخار کے واسطے
19	بدن کی صحت و دفع امراض کے لئے
20	برکت اور دفع قرض کے لئے

بصارت میں برکت کا وظیفہ	20
ہر بلا اور مصیبت کے لئے امن واَمان کی چیز	21
وظیفہ برائے دفع بلیات و برائے حاجات	21
بھاگے ہوئے کو لوٹانے کے لئے	21
بواسیر کے مرض کے لئے	22
ہر قسم کی بواسیر کے خاتمہ کے لئے	22
بواسیر سے شفا کے لئے	22
بواسیر کے خاتمہ کا ایک اور عمل	23
گنڈہ برائے بواسیر خونی	23
ناگہانی بیماریوں کے لئے	23
عام بیماروں کے لئے	24
بیماری سے نجات کے لئے	24
بیماری سے شفایابی کے لئے	24
ہر قسم کی بیماری کے لئے	24
بے خوابی اور نیند میں ڈرنے کا علاج	25
ہر پریشانی اور شریروں کے شر سے حفاظت کے لئے	25
پسلی کے عارضہ کے واسطے	25
برائے درد پہلو اور درد شکم	26
پہلو کے درد کے واسطے	26
پھوڑا، پھنسی یا ورم	26
پھوڑا پھنسی	27
پیٹ کے درد کے لئے	27
پیر طلب کرنے کی دعا	27

پیر طلب کرنے کی ایک اور دعا	28
پیشاب یا پاخانہ بند ہو یا مثانہ میں پتھری ہو	28
پیشاب جاری رہتا ہو یا حیض کی کثرت ہو یا نکسیر بہتی ہو	29
پیشاب رک جانا یا پتھری ہو جانا	29
تسخیر کے لئے	29
برائے تسخیر	30
عمل سورہ مزمل برائے تسخیر	30
تلی بڑھ جانا	31
برائے دفع تنگ دستی	32
تنہائی میں خوف کے دور کرنے کے لئے	32
تکالیف اور مشکلات حل کرنے کے لئے	32
ہر تکلیف میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعا	32
تکلیف سے نجات کا طریقہ	33
ہر تنگی سے بچنے کی دعا	33
توپ و تفنگ سے حفاظت کے لئے	33
برائے تھنیلا	34
تینتیس آیات	34
ثوابِ عظیم حاصل کرنے کا طریقہ	38
برائے دفع جادو وسحر	39
وقت پر جاگنے کے لئے	39
جانوروں کی بیماری کے لئے	39
جانوروں کے دودھ میں زیادتی کے لئے	40
جانوروں کے دودھ میں برکت کے لئے	40

جسم کے ہر درد کی دعا	41
اگر کوئی جل گیا ہو	41
جنات دور کرنے کے لئے	41
جن دفع کرنے کے واسطے	42
برائے دفع جن وجنون	42
جیل سے رہائی کا وظیفہ	45
حضرت مرشد عالم کو حضرت لاہوریؒ کا تیر بہدف عطیہ کردہ وظیفہ	46
چیچک کے مرض کے لئے	46
چیچک کے لئے	46
چیچک کے لئے	47
چیچک	47
چیونٹیاں بھگانے کا عمل	47
ہر حاجت کے لئے وظیفہ	48
اسماء الحسنیٰ	48
حاجت پوری ہونے کے واسطے	48
حاجت پوری ہونے اور غائب کو حاضر کرنے اور شفائے مریض کے لئے 48	
حاجت روائی کے لئے	48
ہر طرح کی حاجت کے لئے	49
حاجات پوری ہونے کے واسطے	49
انجاح حاجت	50
حاجت روائی کے لئے	50
قضائے حاجات کے لئے	51
عمل سیف قاطع برائے حاجت برآری	51

قوت حافظہ کے لئے	52
قوت حافظہ کے لئے	52
قوت حافظہ کے لئے	52
قوت حافظہ کے لئے	53
حب اور تسخیر کے واسطے	53
غائبانہ حصار اعظم	53
خشک حمل کے لئے	53
حمل گر جانا	54
گنڈہ برائے حفاظت حمل	54
مجرب المجرب عمل برائے استقرار حمل	54
حمل محفوظ رہے	55
حفاظت حمل کے لئے	56
پورے ہفتے حفاظت سے رہنے کا عمل	56
پورے مہینہ حفظ و امان میں رہنے کے لئے	56
حاکم و آقا سے مامون رہنے کے لئے	56
حاملہ ہونے اور نرینہ اولاد جننے کے لئے تعویذ	56
دفع خارش، پھلبھری اور چنبل	57
وظیفہ برائے دفع خانگی اختلافات	57
خاوند کا ناراض یا بے پرواہ رہنا	57
خسرہ سے بچاؤ کے لئے	58
خط یا قاصد آنے سے پہلے یہ دعا پڑھے	58
خنازیر کے خاتمہ کے لئے	58
خنازیر یعنی کنٹھ مالا کے واسطے	58

اگر کسی کو بادشاہ یا کسی با اقتدار کا خوف ہو	59
دعائے برائے خوف	59
برائے دفع خوف وحزن	59
خیالات فاسدہ اوران کی دوری کے لئے وظیفہ	60
برے خیال اور وسوسے سے بچنے کا نسخہ	60
خیر و برکت اور اِصلاح احوال کا وظیفہ	60
خیر و برکت حاصل کرنے کے لئے	61
ہر قسم کے درد کے لئے خواہ کہیں ہو	61
ہر قسم کے درد کے لئے	61
دردسر کے واسطے	62
دردزہ کے وقت	62
دردزہ کی آسانی کے لئے	62
ہر درد سے شفا کا تعویذ	63
درود تنجینا	63
درود شریف کے فضائل	63
درود خمسہ کی اِجازت اور سند	64
دشمنوں کو دور کرنے کے لئے	65
دشمن کے شر سے بچنے کے لئے	65
دشمنوں کے شر سے بچنے کے لئے	66
دشمنوں سے حفاظت کے لئے	66
دشمن سے حفاظت کے لئے	66
برائے دفع دشمن	66
دشمن سے پوشیدہ ہونے کے لئے	67

دشمن کی دشمنی دور کرنے کے لئے	67
دشمنوں سے حفاظت کا انتہائی مجرب عمل	67
دشمنوں پر فتح پانے کے لئے	68
دشمنوں کی دشمنی سے محفوظ رہنے کے لئے	68
دکان وغیرہ کی حفاظت اور برکت کے لئے	69
دل پھڑک جائے	69
برائے ہول دلی	69
دماغ کے بوجھ کے لئے	70
دماغ کا کمزور ہوجانا	70
برائے دمہ	70
دودھ کم ہونا	70
دنیاوی کاموں میں خیر وبرکت کے لئے	71
دنیا اور آخرت کی کامیابی کا وظیفہ	71
دینی اور دنیاوی کاموں کے فائدہ کے لئے	71
دینی ودنیاوی مشکلات میں کامیابی کے لئے	71
بہت بڑے فائدے کے حصول کے لئے	72
دینی ودنیوی فوائد کے حصول کے لئے دعا	72
دین پر ثابت قدم رہنے کی دعا	72
دیو کا شبہ ہونا	72
ڈاڑھ میں درد ہو	73
حضور کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذکر واذکار کا خلاصہ	73
ذہن کی تیزی اور مطالعہ کھلنے کے لئے	74
رات کو جاگنے کے لئے	74

فراخیٔ رزق کے لئے	75
فراخی رزق، حصول رزق حلال اور دفع آفات کا وظیفہ	75
وسعت رزق اور دشمن سے حفاظت کے لئے	75
کشائش رزق	75
وسعت رزق کی دعا	76
مرض رشتا کے لئے	76
رشتہ نکاح کے لئے	76
نسخہ اکسیر برائے روزگار	77
زبان میں ہکلا پن یا ذہن کم ہونا	77
بچے کی زبان کھلنے کا وظیفہ	77
زخم اچھا ہونے کے لئے	77
برائے دردزہ	78
دردزہ کے واسطے	78
دردزہ کا ایک اور عمل	78
برائے زیارت جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	79
خواب میں زیارت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وظیفہ	80
سامان جلدی بکنے کے لئے	80
سانپ، بچھو اور بھڑ وغیرہ کا کاٹ لینا	80
سانپ کا گھر میں نکلنا یا آسیب ہونا	80
سانپ کے لئے	81
سحر و آسیب کے لئے	81
سحر سے بچنے کے لئے	82
سحر و جادو اور سانپ کے کاٹے کے لئے	84

ردسحر	84
ردسحر	84
برائے دفع سحر	85
سراور دانت کے درد اور ریاح کے لئے	85
دردسر کے لئے	85
برائے دردسر	86
سفر کی حوادث سے بچنے کی دعا	86
سگریٹ، بیڑی چھڑانے کے لئے	87
سلسلہ کے کام میں دشواری ہو	88
سونے کے وقت کی دعائیں	88
شادی کے لئے مجرب عمل	89
شادی اور دیگر اہم کاموں کے لئے	89
دفع شر کے لئے	89
دفع شر اعدا کے لئے	89
ہر قسم کے شر و بلیات، جن و بھوت سے حفاظت کے لئے	90
ہر قسم کی شفا کے لئے ایک اور وظیفہ	90
صبح و شام کی بڑے فائدے والی مختصر دعا	90
انشراح صدر کے لئے	90
تعویذ برائے دفع طحال	91
دفع طحال کے لئے	91
عبادت سے نفرت اور گناہوں سے نفرت کا طریقہ	91
عافیت کے لئے دعا	91
تمام دن آرام و عافیت میں رہے	92

عشق مجازی سے حفاظت	92
عشق مجازی سے نجات کے لئے	93
برائے علم وحفظ	93
علمی اور روحانی ترقیوں کے لئے نسخہ اکسیر	94
علم وذہن کی ترقی کے لئے	94
عقدہ علمی کے حل کے لئے	95
عقیدہ پختہ کرنے کی بہترین دعا	95
حصول عنایت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے	95
جس عورت کے صرف لڑکی پیدا ہوتی ہو	95
جس عورت کی لڑکی ہی پیدا ہوتی ہو	96
جس عورت کا بچہ زندہ نہ رہتا ہو	96
ردغائب	97
ردغائب	97
غم وسختی دور کرنے کا مجرب نسخہ	98
غموم اور ہموم سے نجات کے لئے	98
غیبت سے حفاظت کا نسخہ	99
قیدی کی رہائی اور دفع غم کے لئے	99
اگر غم زیادہ ہو اور کشائش رزق کے لئے	99
غنائے ظاہری وباطنی کے لئے	99
عمل سورہ فاتحہ مع طریقہ زکاۃ	100
فالج ،شوگر، بلڈ پریشر اور اچانک حوادثات سے بچنے کے لئے	100
فالج اور کمر کے درد کے لئے	100
فتنوں سے بچنے کے لئے	101

قحط سالی کے خاتمہ کے لئے	101
قرض ادا کرنے کے لئے	101
قرض کی ادائے گی کے لئے	101
قرض سے خلاصی کے لئے	102
ادائے گی قرض کے لئے	102
قرض سے نجات کے لئے	102
قرض اور ہر مشکل کے لئے	102
وظیفہ قرض	103
قرض سے چھٹکارہ حاصل کرنے کا وظیفہ	103
قساوت قلبی دور کرنے کا وظیفہ	103
اختلاج قلب کے لئے	103
برائے اختلاج قلب	104
کاروبار میں ترقی کے لئے	104
تعویذ برائے کاروبار ودکان کے لئے	104
برائے ترقی کاروبار	104
اگر پاگل کے کتے نے کاٹا ہو	105
اگر کسی کو دیوانہ کتا کاٹ لے	105
کشادگی ذہن کے لئے	105
کلمہ طیبہ کے فضائل	105
برائے دورۂ کمیرہ	106
کھیتی باڑی کی حفاظت کے لئے	106
کھیت کی حفاظت کے لئے	106
گاڑی حادثہ سے محفوظ رہے	107

گلے کے سوجنے کے لئے	107
گم شدہ چیز کی بازیابی کے لئے	107
گناہوں کی معافی وفراخیٔ رزق کے لئے	107
گناہوں سے معافی اور خاتمہ بالخیر ہونے کا طریقہ	108
گھبراہٹ دور کرنے کے لئے	108
گھریلو پریشانیوں کے لئے	108
جس گھر میں بدبو آتی ہو	108
جس گھر میں پتھر لگتے ہوں	109
لڑکا بدخو ہو	109
لڑکا پیدا ہونے کے واسطے	109
لڑکیوں کے رشتے کے لئے	110
ورد برائے دفع لکنت لسانی	110
ماہواری کی کمی	110
ماہواری کی زیادتی	111
ایام ماہ واری میں بے قاعدگی کو درست کرنے کے لئے	111
متفرق چیزوں کے لئے	112
بچوں کے مٹی کھانے کا علاج	112
مثانہ کی کمزوری کی تکلیف کے لئے	112
ایک مجرب عمل	112
محبت کا عمل	113
محبت الٰہی اور دفع شرم ساری کے لئے	113
محبت الٰہی کا دوسرا نسخہ	114
طریقہ	114

اللہ تعالیٰ کی محبت کے لئے	114
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت کے لئے	115
محبت زوجین کے لئے	115
دفع مرگی	115
مرض مرگی کے واسطے	116
مریض کی صحت یابی کے لئے	116
ہر مرض کی شفا کے لئے	117
مریض کی صحت کے لئے	117
مریض کی شفا کے لئے	117
مریض کی شفا کے لئے دعا	118
مختلف امراض سے حفاظت کے لئے	118
تمام امراض، جن و آسیب اور نظر بد وغیرہ کی دوری کے لئے	118
سخت امراض کے لئے	119
ہر مرض کے واسطے	119
جس مریض کے علاج سے ڈاکٹر عاجز آ گئے ہوں	120
شفائے مریض کے لئے	120
دفع امراض کے لئے	121
امراض بد سے بچنے کے لئے	121
مریض کا حال معلوم کرنا	121
برائے مسان و بخار	121
گنڈہ برائے مسان	122
جہاں کوئی مشکل پیش آئے	122
برائے حل مشکل	122

حل مشکلات کے لئے وظیفہ	122
حل مشکلات کے لئے ایک اور وظیفہ	123
دنیا کی تمام مشکلات کے خاتمہ کے لئے	123
ہر مشکل کے لئے وظیفہ	124
برائے جملہ مشکلات	124
ہر مشکل کے لئے	124
حل مشکلات کے لئے	124
مشکلات کے حل کے لئے	124
ہر جائز مشکل کے لئے	125
کسی مشکل کے لئے	125
مشکلات سے نجات پانے کے لئے	125
ہر مشکل سے نجات کے لئے ایک مجرب عمل	125
مصیبتوں کے خاتمہ کے لئے	126
مطالعہ وسیع کرنے کے لئے	126
مطالعہ جاری کرنے کے لئے	126
معاشی اور مالی پریشانیوں کے دور کرنے کے لئے	126
مغفرت کے لئے اعلیٰ نسخہ	126
گناہوں کی مغفرت کی دعا	127
مفقود الخبر کے لئے	127
مقصد کے لئے دعا	127
اپنے جملہ مقاصد کے لئے	128
مقصد برآری کے لئے	128
جملہ مقاصد کے حل ہونے کے لئے	128

129	جملہ مقاصد کے حل کے لئے
129	تمام مقاصد کے حصول کے لئے
129	جائز مقصد کے لئے لکھ کر دیں
129	ہر مقصد کے لئے
130	برائے حصول جائز مقاصد
130	ہر مقصد کے لئے
130	مقدمہ میں کامیابی کا نسخہ
131	مقدمہ میں باعزت رہائی کے لئے
131	مقروض سے قرضہ وصول کرنے کے لئے
131	ہر ملاقاتی سے خیر حاصل ہونے کا وظیفہ
131	موافقت زوجین
132	موذیات سے حفاظت
132	اگر ناراض کو راضی کرنا چاہے
133	ناف ٹل جانا
133	ناف ٹل جانا
133	برائے درد زیر ناف
133	مجلس سے ناگوار آدمی کو اٹھانے کا طریقہ
134	نظر کی کمزوری کے لئے
134	کسی کو نظر بد ہو جائے
134	نظر بد دور کرنے کے لئے
134	نظر بد سے بچنے کے لئے
135	نظر بد کے لئے
135	نظر بد

نفس وشیطان سے حفاظت کا طریقہ	135
نماز فجر قضا نہ ہوگی	135
نگاہ کی کمزوری کے لئے	136
نماز میں سستی دور کرنے کے لئے	136
نیند کی خلل وخرابی کے لئے	136
نیند کم کرنے کی دعا	136
رات کو نیند نہ آئے	137
زبردست وظیفہ	137
خصوصی وظیفہ	137
شیطانی وساوس سے بچنے کے لئے	137
وساوس سے بچنے کے لئے	138
وسوسے دور کرنے کے لئے	138
وسوسوں کا علاج	138
وسوسہ اور پریشانی کے لئے وظیفہ	138
برائے دفع وساوس وذوق تدریس ومطالعہ	139
برائے ولادت طفل	139
ولد صالح کے لئے	139
برے ہمسایہ سے حفاظت کے لئے	139
تعویذ وبائے ہیضہ وطاعون وغیرہ کا	140
ہیضہ اور ہر قسم کی وبا طاعون وغیرہ کے لئے	140
یرقان کے خاتمہ کے لئے	140
یرقان کے لئے	141
حوالہ جات	141

حزب البحر کی اجمالی اِجازات	**146**
دعاء حزب البحر	**148**
اس حزب البحر کی اِجازت	**149**
حزب النصر کی اجازت	**153**
حزب النصر کی زکاۃ	**153**
مشکل وقت میں پڑھنے کا طریقہ	**154**
خصوصیت	**155**

انتساب

میں اپنی اس کاوش کو اپنے استاد محترم شیخ الحدیث والتفسیر مرشد کامل

حضرت مولانا محمد اسفندیار خان قدس اللہ سرہ

کے نام کرتا ہوں۔

ایک موقع پر حضرت شیخ قدس اللہ سرہ نے مجھ جیسے نالائق کو جہاں بہت سی اجازات سے نوازا تو ساتھ میں یہ بھی فرمایا کہ: تمہیں ہر "اسم" کی اجازت ہے۔

نسیم صبح تیری مہربانی

اللہ پاک مرحوم کو کروٹ کروٹ راحتیں عطا فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلی سے اعلی مقام مقدر فرمائے۔ آمین

اور جن مشایخ کرام کے مجربات اس کتاب میں درج کئے گئے ہیں اللہ پاک ان مرحومین کی بھی کامل مغفرت فرمائے، ان کی فیوض وبرکات وروحانی توجہات سے ہمیں وافر حصہ نصیب فرمائے۔ اور ہمیں جب تک زندہ رکھے اسلام پر زندہ رکھے اور جب موت آئے تو ایمان پر موت آئے۔ آمین

مقدمہ

الحمدللہ علی اِحسانہ کہ اس نے راقم الحروف کووظائف،عملیات وتعویذات مشائخ نقش بند جنھیں مجربات مشائخ نقش بند کا نام دیا گیاہے کے جمع وترتیب کی توفیق عطافرمائی۔

کافی عرصہ سے راقم الحروف کے جی میں آرہاتھا کہ مکتوبات وغیرہ کے مطالعہ کے دوران بہت سے مجرب وظائف وعملیات کاذکربھی آجاتاہے کاش کہ انہیں یکجا کرنے کی توفیق مل جائے تاکہ بوقت ضرورت کام آسکیں،اللہ تعالی کی مددوتوفیق شامل حال رہی اوراس پرکام شروع کیااورالحمدللہ ملفوظات مشائخ نقشبندنامی کتاب کی ترتیب کے بعداس کام کوشروع کیااورجلدہی اسے پایہ تکمیل تک پہنچ گیا۔فللہ الحمدوالشکر

کوشش کی گئی ہے کہ اس کتاب میں آسان وظائف،عملیات وتعویذات درج کئے جائیں اوربعض وجوہات کی بناپرحصہ نقوش سے صرف نظرکی گئی ہے۔

اگراس کتاب سے استفادہ کرناچاہیں توتین روزے لگاتاررکھیں (شوال اورمحرم کامہینہ نہ ہو) اوراس کے بعدکسی کودم کریں یاوظیفہ بتائیں یاتعویذدیں اس کتاب سے یاکسی بھی مستندکتاب سے ان شاءاللہ تاثیردوبالاہوگی۔

ہمارے استاذمحترم حضرت مولانامفتی محمدحسن زیدمجدہ نے ہمیں اسی طرح عملیات وتعویذات کی اِجازت دی تھی اورانہیں اس شرط کے ساتھ شیخ المشائخ حضرت مولاناسرفراز خان صفدرقدس اللہ سرہ نے اِجازت دی تھی۔

اللہ تعالی سے دعاگوہوں کہ اللہ تعالی ہمیں اس کتاب سے کماحقہ استفادے کی توفیق عطافرمائے۔آمین بحرمۃ سیدالاولین والآخرین،والحمدللہ رب العالمین۔

تاریخ:۶/۶/۲۰۲۰۔یوم السبت۔

آسمانی اور زمینی تمام آفات وبلیات سے حفاظت کے لئے

معمول: سورۂ فاتحہ، آیت الکرسی، چہار قل پڑھ کر دم کرنا از حد مفید ہے۔(۱)

آسیب کا لپٹ جانا

سورۂ مؤمنون کی یہ آیات:

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ﴿۱۱۵﴾فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ﴿۱۱۶﴾وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰـهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ﴿۱۱۷﴾وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ﴿۱۱۸﴾

پڑھ کر کان میں دم کرنا، سورۃ الطارق، کو سات بار کان میں دم کرنا، اور داہنے کان میں اذان اور بائیں کان میں تکبیر کہنا بھی آسیب کو دفع کرتا اور بھگا دیتا ہے، ان شاء اللہ تعالی۔(۲)

دفع آسیب کے لئے

جس کے بارے میں شبہ ہو کہ اس پر جن کا اثر ہے تو اس پر سورۂ فاتحہ اور خلدون تک آیت الکرسی، آمن الرسول سے آخر سورت تک، آیت شهد الله سے عزيز حكيم تک، سورۂ صافات کی پہلی دس آیات، سورۂ جن کی پہلی پانچ آیتیں، سورۂ حشر کی آخری تین آیتیں، چاروں قل، کلمات اذان واقامت ایک، ایک بار اور اول آخر درود شریف تین، تین بار ،اس طرح دم کریں کہ تھوک کہ کچھ قطرات بھی اس پر گریں، اگر ہر نماز کے وقت ہو تو بہتر ہے ،صبح وشام ہو، یا دن میں ایک بار پڑھیں، اور پانی پر دم کرے پلا دیں، اگر فرصت کم ہو تو آیت الکرسی ،کلمات اذان و اقامت اور چاروں قل پڑھ کر دم کریں، اگر فرعون، ہامان، قارون،

---

۱)۔عمدۃ السلوک: حصہ دوم: ص: ۴۳۱۔

۲)۔معارف بہلوی: کتاب الادعیہ: فصل سوم: ج: ۴ ص: ۴۰۶۔

شداد،نمرود،ابلیس علیہم اللعنۃ واتباع ایشاں دفع شوندوگرنہ سوختہ شوند،لکھ کر بتی بنا کر کالے کپڑے میں لپیٹیں، پھر آگ لگا کر اس کا دھواں تمام بدن پر پہنچا دیں تو یہ آخری علاج ہے، چند دن کریں اس وقت کریں جب دوسرے علاج سے کفایت نہ ہو،اور یہ تعویذ گلے میں ڈالیں:

أُعِیْذُ حَامِلَ هٰذِهٖ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَشَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَأَنْ يَّحْضُرُوْنِ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ أَجْمَعِيْنَ۔

اور یااللہ، یارحمن ، یارحیم کا تعویذ ہر روز پلاتے رہیں،اور یہ تعویذ بہت سے لکھ دیں ،تاکہ ہر روز پیتے رہیں،اگر سات کنوؤں کے پانی پلائیں تو بہتر ہے،ان شاءاللہ تعالی رحمت ہوجائے گی۔(۱)

ازالہ آسیب کا ایک آسان وظیفہ

جب کسی پر آسیب کے آثار ظاہر ہوں اور جنات تکلیف پہنچائیں تو آسیب زدہ کے دائیں کان میں اذان اور بائیں کان میں اقامت پڑھیں ،شیطان اذان واقامت سے بھاگتا ہے جب آپ یہ عمل کریں گے تو اللہ پاک اسے نجات عطا فرمائیں گے۔(۲)

دفع آسیب وسحر

آسیب زدہ اور جادو کے دفع کے لئے یہ عمل مجرب ہے،سوا پاؤ کچی گھانی کے سرسوں کا تیل کسی تانبے کے برتن میں ڈال کر چودہ دفعہ آیت قطب پڑھ کر تیل پر اس طرح دم کرے کہ ہر بار پڑھے اور زور کے ساتھ تیل پر پھونکے، پھر دم کیا ہوا تیل آسیب زدہ یا جادو کئے ہوئے کے سارے بدن پر اس طرح ملے کہ بال برابر بھی خالی نہ چھوڑے۔اس بات کی بھی احتیاط رہے کہ پڑھے ہوئے تیل کی ایک بوند تک زمین پر نہ گرنے پائے اور نہ اس میں کسی

---

۱)۔معارف بہلوی: کتاب الادعیہ: فصل سوم: ج: ۴ ص: ۴۰۲۔ ۴۰۳۔

۲)۔خطبات مشاہیر: ج: ۴ ص: ۴۸۲۔ ۴۸۳۔

اور کا ہاتھ پڑنے پائے اور بدن پر مالش جو پہلے روز کرے وہی روزمرّہ کرتا رہے، نیز جو وقت اول دن مقرر کرے اس سے منٹ بھر کا فرق نہ کرے، خدا نے چاہا تو بھوت پریت جادو سب دفع ہو جائے گا وہ آیت قطب یہ ہے:

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَآىِٕفَةً مِّنْكُمْ ۙ وَطَآىِٕفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ۭ يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ ۭ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ۭ يُخْفُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ ۭ يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ۭ قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ ۚ وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۱۵۴﴾ ۔۔۔(۱)

آشوب چشم کے لئے

اگر کسی کی آنکھوں میں تکلیف ہو تو یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ مَتِّعْنِيْ بِبَصَرِيْ، وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ مِنِّيْ، وَأَرِنِيْ فِي الْعَدُوِّ ثَأْرِيْ، وَانْصُرْنِيْ عَلٰى مَنْ ظَلَمَنِيْ ۔(۲)

ناگہانی آفات اور حادثات سے حفاظت کے لئے

درج ذیل دعا جو شخص صبح کو پڑھ لے تو شام تک اور اگر شام کو پڑھ لے تو صبح تک اس کو کوئی مصیبت نہ پہنچے گی۔

اَللّٰهُمَّ أَنْتَ رَبِّيْ، لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ، عَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ، وَأَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ، مَا شَاءَ اللّٰهُ كَانَ، وَمَا لَمْ يَشَأْ لَمْ يَكُنْ، لَا

---

۱)۔تذکرہ علماء حق: عملیات خاندان ولی اللہی: ص:۹ ۵۴۔

۲)۔ترجمان شریعت وطریقت: مخصوص دعائیں: ص: ۲۳۴۔

حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ، أَعْلَمُ أَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، وَأَنَّ اللّٰهَ قَدْ أَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا، اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ، وَمِنْ شَرِّ كُلِّ دَابَّةٍ أَنْتَ آخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا، إِنَّ رَبِّيْ عَلٰى صِرَاطٍ مُسْتَقِيْمٍ۔(۱)

دیگر وظائف برائے آفات وسحر وغیرہ

درود شریف تین (۳) بار، سورۂ فاتحہ مع بسم اللہ سات (۷) بار، آیت الکرسی سات (۷) بار، چاروں قل سات سات بار، پڑھ کر اپنے اوپر اور دوسرے مریضوں پر دم کریں۔ ان شاء اللہ ہر قسم کی آفات وامراض سے نجات نصیب ہوگی۔ رہائش گاہ، اور دوسرے احاطوں پر بھی پڑھ کر دم کردیں، بفضلہ تعالی جملہ مصائب وآلام اور ہر طرح کے فتنہ اور شر سے محفوظ ومصئون رہیں گے۔(۲)

آمدن میں برکت کے لئے

مشائخ موسی زئی شریف کا ایک درود شریف معمول ہے، وہ اپنی سہولت کے ماتحت ایک تعداد مقرر کرلیں اور اس کو ہمیشہ جاری رکھیں:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ أَفْضَلِ صَلَوَاتِكَ بِعَدَدِ مَعْلُوْمَاتِكَ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

یہ درود شریف ہے۔(۳)

آنکھوں کے درد کے لئے

فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ﴿۲۲﴾

---

۱)۔ وظیفہ سعدیہ: ص: ۱۶۔ بحوالہ عمل الیوم واللیلۃ لابن السنی۔

۲)۔ وظیفہ سعدیہ: ص: ۲۳۔

۳)۔ ماہنامہ: الشریعہ: آفتاب معرفت شیخ المشائخ خواجہ خان محمدؒ: ص: ۲۳۔ ستمبر: ۲۰۱۰۔

کو ہر نماز کے بعد دس مرتبہ پڑھنا چاہیے۔(۱)

باہمی اتفاق اور خانگی الفت کے لئے نسخہ اکسیر

سات مرتبہ مندرجہ ذیل آیات پڑھ کر شیرینی پر دم کریں، خود بھی کھائیں اور متعلقہ افراد کو بھی کھلائیں۔

هُوَ الَّذِیٓ اَیَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۶۲﴾ وَاَلَّفَ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ ؕ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَیْنَهُمْ ؕ اِنَّهٗ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ ﴿۶۳﴾

اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَیَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا ﴿۹۶﴾

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا یُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ؕ

یہ آیات پڑھنے کے بعد اللہ سے دعا مانگنی چاہیے:

اَللّٰهُمَّ أَلِّفْ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ۔(۲)

استخارہ نقشبندیہ

عشا کی نماز کے بعد تازہ وضو کر کے صدق دل سے أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَأَتُوْبُ إِلَیْهِ ،ایک سو ایک بار پڑھے، اور اپنے تمام اندونی وظاہری گناہ سے توبہ کرے اور خیال کرے کہ میں پھر سے مسلمان ہوا ہوں، اس کے بعد دو رکعتیں نماز استخارہ کی اس نیت سے پڑھے کہ میں خدا سے آرزو کرتا ہوں کہ مرشد کے وسیلہ سے مجھ کو شریعت محمدی کا پابند کر دے اور پہلی رکعت میں الحمد کے بعد آیت الکرسی اور دوسری

---

۱)۔معمولات مظہریہ:ص:۱۳۴۔

۲)۔خطبات مشاہیر:ج:۴ص:۴۹۷۔۴۹۸۔

رکعت میں الحمد کے بعد سورۃ الکافرون، خشوع وخضوع سے پڑھے اور بارگاہ الٰہی میں روئے اور سلام پھیر کے ایک سوایک بار کلمہ تمجید پڑھ کر ہاتھ اٹھا کر دعا مانگے، جب نیند کا غلبہ ہوتو وہیں زمین پر سورہے اور اگر کوئی عذر ہوتو جہاں چاہے سورہے، سوتے میں جو کچھ خواب دیکھے مرشد سے بیان کرے اور حالت استخارہ میں اپنے دل کی حالت پر غور کرے اگر قلب میں اعتقاد کی وہی مضبوطی ہے تو یہی بشارت ہے۔(۱)

آسان استخارہ

سب سے آسان استخارہ یہ ہے کہ بدھ، جمعرات اور جمعہ کی رات کو برابر نماز عشا کے بعد سب کاموں سے فارغ ہوکر بسم اللہ الرحمن الرحیم تین سو (۳۰۰) مرتبہ پڑھ کر سورۃ الانشراح مع بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ سترہ (۱۷) بار پڑھے اور اپنے منہ اور سینہ پردم کرے اور خداوند تعالی سے دعا کرے کہ فلاں امر میں جو ہونے والا ہے وہ مجھ کو خواب میں غنودگی میں کسی آواز دینے والے کی آواز سے معلوم کرادے، اس کے بعد یہ درود شریف ایک سو مرتبہ پڑھے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَعْلُوْمٍ لَّکَ۔

اِن شاءاللہ العزیز تینوں راتوں میں مقصد حاصل ہوجائے گا۔(۲)

عدم اسقاط کے لئے

عدم اسقاط کے لئے یہ عمل بھی چلتا ہوا ہے، چالیس روز تک ایک پاک برتن میں یہ آیتیں لکھ کر عورت کو پلاوے:

فَلَآ اُقْسِمُ بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ ﴿۷۵﴾ وَاِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ ﴿۷۶﴾

---

۱)۔رموز تصوف:ص:۶۱۔بحوالہ کلیات امدادیہ:ص:۴۰۔

۲)۔تذکرہ علماء حق:عملیات خاندان ولی اللہی:ص:۵۵۳۔

اِنَّهٗ لَقُرۡاٰنٌ كَرِيۡمٌ ﴿۷۷﴾ فِىۡ كِتٰبٍ مَّكۡنُوۡنٍ ﴿۷۸﴾ لَّا يَمَسُّهٗۤ اِلَّا الۡمُطَهَّرُوۡنَ ﴿۷۹﴾ تَنۡزِيۡلٌ مِّنۡ رَّبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ﴿۸۰﴾ ۔فَلۡيَنۡظُرِ الۡاِنۡسَانُ مِمَّ خُلِقَ ﴿۵﴾ خُلِقَ مِنۡ مَّآءٍ دَافِقٍ ﴿۶﴾ يَّخۡرُجُ مِنۡۢ بَيۡنِ الصُّلۡبِ وَالتَّرَآئِبِ ﴿۷﴾ اِنَّهٗ عَلٰى رَجۡعِهٖ لَقَادِرٌ ﴿۸﴾

اور فَاللّٰهُ خَيۡرٌ حٰفِظًا ۖ وَّهُوَ اَرۡحَمُ الرّٰحِمِيۡنَ ﴿۶۴﴾ ۔۔۔(۱)

اصحاب کہف کے ناموں کا تعویذ

برائے برکت وامان از غرق وحرق وسرق وغارت وغیرہ ذالک از امراض وحاجات، ان أسماء کولکھ کر مکان، کشتی، متاع میں یا اپنے پاس رکھے۔ أمان الٰہی میں رہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ إلٰهی بحرمة یملیخا مکسلمینا، میلسنامرتوش دبرطنوش، شادنوش، مرطونس، اسم کلبھم قطمیر۔

حضرت خواجہ محمد عثمان دامانیؒ سے مروی ہے کہ اسمائے اصحاب کہف کتابوں میں چند طریقوں سے لکھے گئے ہیں لیکن مجھے اپنے پیرومرشد سے اسی طری پر پہنچے ہیں۔(۲)

افسر کو اپنی طرف مائل کرنے کے لئے اور غلط فیصلہ سے بچنے کے لئے

یَالَطِیۡفُ، یَاوَدُوۡدُ، ہرنماز کے بعد ایک تسبیح۔

دوم: مقصد کو دل میں رکھ کر کھیعص، کُفِیۡتُ، حمعسق حُمِیۡتُ۔ سات مرتبہ، وَاللّٰهُ الۡمُسۡتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوۡنَ، سات مرتبہ۔ پڑھ کر افسر پر دم کرے۔(۳)

---

۱)۔تذکرہ علماءِ حق: عملیات خاندان ولی اللّٰہی: ص: ۵۴۰۔

۲)۔عمدۃ السلوک: حصہ دوم: ص: ۴۳۳۔

۳)۔خطبات افغانی: ص: ۴۴۸۔

امتحان میں کامیابی کا وظیفہ

جب سوالیہ پرچہ آئے تو اسے پڑھنا نہیں ہے، بل کہ الٹا کر کے رکھ دینا ہے، تین بار درود شریف، پھر گیارہ مرتبہ

سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ﴿۳۲﴾

پھر گیارہ مرتبہ یَافَتَّاحُ

پھر سات مرتبہ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ﴿۱۸﴾

پھر تین مرتبہ درود شریف پڑھے۔

اس کے بعد سوالیہ پرچہ دیکھے، اور جواب حل کرنا شروع کرے، اِن شاءاللہ العزیز غیبی اِمداد ہوگی۔(۱)

امتحان میں کامیابی کے لئے

پرچہ شروع ہونے سے پہلے سورۃ الاعلیٰ، یا سورۃ القلم، یا سورۃ الرحمن یا سورۃ الانشراح پڑھ کر کامیابی کے لئے دعا کریں۔(۲)

سارا دن ساری رات امن و امان میں رہنے کے لئے

اگر یہ دعا صبح یا شام کو پڑھ لے تو سارا دن اور ساری رات امان میں رہے گا، نیز جس مکان اور منزل میں رہے گا، ہر جن، انس اور جانور وغیرہ سے امن و امان میں رہے گا:

أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

ترجمہ: پناہ مانگتا ہوں میں، اللہ تعالیٰ کے کلموں اور نازل شدہ کتابوں کے ساتھ، جو پوری

---

۱)۔خطبات افغانی:ص:۴۴۹۔

۲)۔انوار شمسیہ:ص:۹۰۔

اور کامل ہیں،نقصان اور برائی اس چیز سے جو پیدا کی ہے۔

تین بار صبح کو اور تین بار عصر کی نماز کے بعد اول وآخر تین ،تین بار درود شریف پڑھے۔۔(۱)

انٹرویو کے لئے جاتے وقت

جب امتحان اور انٹرویو دینے جائیں تو جاتے وقت راستہ بھر یہ دعا پڑھتے ہوئے جائیں،اِن شاء اللہ کامیابی ہوگی: دعا یہ ہے:

رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ﴿٢٥﴾ وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ ﴿٢٦﴾ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ﴿٢٧﴾ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ﴿٢٨﴾ ۔(۲)

طلب اولاد کے وظیفہ

ایک شخص نے حضرت مولانا عبد الغفور المدنی العباسی قدس اللہ سرہ سے اولاد صالح کے پیدا ہونے کے لئے عمل طلب کیا،آپ قدس اللہ سرہ نے فرمایا: سورۃ الفاتحہ بسم اللہ الرحمن الرحیم کی "م" کو الحمد کے ساتھ ملا کر (یعنی مِلحمدُ) روزانہ ایک تسبیح پڑھا کرو۔اس کے بعد اللہ تعالی سے عاجزی کے ساتھ نیک اولاد کے لئے دعا مانگا کرو، یہ وظیفہ تمام مشکلات کے لئے مفید ہے۔(۳)

اولاد نہ ہوتی ہو

جس عورت کی اولاد نہ ہوتی ہو،تو ہرن کے چمڑے پر آیت

وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى ؕ بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ جَمِيْعًا ؕ اَفَلَمْ يَايْـَٔسِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ

---

۱)۔معارف بہلوی: کتاب الادعیہ:فصل اول: ج:۴ ص:۳۸۱۔۳۸۲۔

۲)۔حضرت علامہ عبد الشکور فاروقی لکھنوی حیات وخدمات:ص:۱۹۲۔

۳)۔تجلیات غفوری:ص:۱۶۰۔

لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ لَهَدَى النَّاسَ جَمِيْعًا ط

تک لکھ کر اس کی کمر سے باندھ دے۔ اِن شاءاللہ تعالیٰ حمل ٹھیرے گا۔

یا لونگ کے چالیس دانوں پر آیت

اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰىهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ط ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ط اِذَآ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا ط وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ﴿۴۰﴾

تک، ہر ایک دانہ پر سات مرتبہ پڑھے اور عورت کو حیض موقوف ہونے کے بعد سے ہر روز ایک کھلایا جائے اور شوہر اس زمانے میں اس سے ہم بستر ہو۔(۱)

برائے اصلاح اولاد

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ﴿۷۴﴾

یہ دعا روزانہ کثرت سے ہر نماز کے بعد مانگنا چاہئے۔(۲)

برائے اولاد نرینہ

رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿۸۹﴾ صلے

یہ آیت شریفہ تعویذ میں لکھیں، اور عامل تعویذ لکھنے سے پہلے اول و آخر گیارہ، گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے، نیز یہ تعویذ عورت کو گلے میں لٹکا کر روزانہ سو(۱۰۰) مرتبہ، استغفار پڑھنے کا کہیں، اور ہر نماز کے بعد سات مرتبہ درجہ بالا آیت پڑھنے کا کہیں۔(۳)

---

۱)۔مقامات اِرشادیہ وعنایتیہ: ص: ۴۳۴۔۴۳۵۔

۲)۔انوارشمسیہ: ص: ۹۴۔

۳)۔انوارشمسیہ: ص: ۱۰۰۔۱۰۱۔

برائے اصلاح اولاد

رَبِّ هَبْ لِيْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ﴿۱۰۰﴾
بعداز ہرنماز سات مرتبہ، تین باردرود شریف ۔۔(۱)

نرینہ اولاد کے لئے وظائف

ذرج ذیل طریقوں میں سے کسی طریقہ پر بھی **عمل** کرنے سے اِن شاءاللہ تعالی نرینہ اولاد نصیب ہوگی:

۱)جس عورت کی نرینہ اولاد نہ ہوتی ہوتو اس کا شوہر سورہ فاتحہ **مکمل** سات مرتبہ پڑھے اور بیوی کے پیٹ پر انگلی سے دائرہ بنا کر اس کے درمیان انگلی رکھے اور یہ کلمات پڑھے: یااللہ! نیک فرزند ورازحیات عطا فرمائیں، میں اس کا نام **محمد** رکھوں گا، جو دین کے لئے وقف ہوگا، اللہ تعالی نیک فرمائے گا، اِن شاءاللہ۔

۲)جس عورت کی نرینہ اولاد نہ ہوتی ہوتو درج ذیل **عمل** کرنے سے اللہ تعالی رحم فرمائے گا، **عمل** یہ ہے کہ: سورۃ الشّمس **مکمل** جو کہ آخری پارے میں ہے، ۴۱ بار، ۴۱ چھوہاروں پر پڑھ کردم کرے اور اپنی بیوی کو ماہ واری کے فورا بعد پہلی رات کو ایک چھوہارہ، دوسری رات کو دو چھوہارے، تیسری رات کو تین چھوہارے، اور اسی ترتیب کے ساتھ ہر آنے والی رات کو ایک ایک چھوہارہ زیادہ کر کے کھلایا کریں، یہاں تک کہ سارے چھوہارے ختم ہوجائیں (۲)

ایمان کی سلامتی کی دعا

اگر کوئی شخص ہرنماز کے بعد تین بار یہ دعا اور اول آخر ایک، ایک باردرود شریف پڑھتا رہے تو مرتے دم اور قبر تک ایمان سلامت رہے گا

---

۱)۔انوار شمسیہ: ص:۹۵۔

۲)۔خطبات مشاہیر: ج:۴ ص:۵۱۷۔

يَاوَلِيَّ الْإِسْلَامِ وَأَهْلِهِ، ثَبِّتْنِيْ بِهِ حَتّٰى أَلْقَاكَ۔۔(۱)

ظالم بادشاہ، سرکش دشمن اور ہر قسم کے فتنے سے حفاظت کے لئے

مندرجہ ذیل دعا صبح وشام ایک ایک مرتبہ پڑھ لینے سے ظالم بادشاہ، سرکش دشمن اور ہر قسم کے فتنے سے اللہ تعالیٰ حفاظت فرماتا ہے:

بسم الله والحمد لله محمد رسول الله لاقوة إلا بالله، بسم الله على ديني ونفسي بسم الله على أهلي ومالي، بسم الله على كل شيء أعطانيه ربي، بسم الله خير الاسماء بسم الله رب الأرض والسماء بسم الله الذي لايضر مع اسمه داء بسم الله افتتحت وعلى الله توكلت، لاقوة إلا بالله .لاقوة إلا بالله لاقوة إلا بالله ،والله أكبر .الله أكبر .الله أكبر، الله أكبر، لاإله إلا الله الحليم الكريم .لاإله إلا الله العلي العظيم .تبارك الله رب السماوات السبع ورب العرش العظيم ورب الأرضين ومابينهما والحمد لله رب العالمين عزجارك وجل ثناءك ولاإله غيرك اجعلني في جوارك من شر كل ذي شر ومن شر الشيطان الرجيم إن ولي الله الذي نزل الكتب وهو يتولى الصالحين۔ فإن تولوا فقل حسبي الله لاإله إلا هو عليه توكلت وهو رب العرش العظيم۔(۲)

بانجھ ہونا

چالیس لونگیں لے کر ہر ایک پر سات سات بار اس آیت کو پڑھے اور جس دن عورت پاکی کا غسل کرے اس دن سے ایک لونگ روزانہ سوتے وقت کھانا شروع کرے اور اس

---

۱)۔معارف بہلوی: کتاب الادعیہ: فصل اول: ج: ۴ ص: ۳۸۵۔

۲)۔وظیفہ سعدیہ: ص: ۱۵۔۱۶۔ بحوالہ کنز العمال

پر پانی نہ پئے اور کبھی کبھی میاں کے پاس بیٹھے اٹھے، آیت یہ ہے:

أَوْ كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ط ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ط اِذَآ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰهَا ط وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ﴿۴۰﴾

اِن شاء اللہ تعالیٰ اولاد ہوگی۔(۱)

برائے دفع درد باؤ

اَللّٰهُمَّ أَنْتَ الْبَاعِثُ وَأَنَا الْمَبْعُوْثُ وَمَنْ يَّدْعُ الْمَبْعُوْثُ إِلَّا الْبَاعِثُ يَارَبِّ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ أَجْمَعِيْنَ۔

لکھ کر درد کی جگہ باندھیں۔(۲)

بچے کے ڈر کا تعویذ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّات مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّهَامَّةٍ وَّعَيْنٍ لَّامَّةٍ تَحَصَّنْتُ بِحِصْنِ أَلْفِ أَلْفِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔(۳)

بچے کو تمام آفات سے بچانے کے لئے تعویذ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّهَامَّةٍ وَّعَيْنٍ لَّامَّةٍ تَحَصَّنْتُ بِحِصْنِ أَلْفِ أَلْفِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ أَجْمَعِيْنَ۔

---

۱)۔عمدۃ السلوک: حصہ دوم: ص:۳۹۷۔

۲)۔عمدۃ السلوک: حصہ دوم: ص:۳۸۹۔

۳)۔تحفہ زواریہ: مکتوب نمبر:۱۰۴۔ص:۱۴۹۔

اس تعویذ کو لکھ کر گلے میں ڈالے، یہ عمل جن وآسیب کے لئے بھی مفید ہے۔(۱)

بچہ زندہ نہ رہنا

اجوائن اور کالی مرچ ڈیڑھ،ڈیڑھ پاؤ لے لیں،اس پر پیر کے دن دوپہر کے وقت چالیس بارسورہ والشّمس اس طرح پڑھیں کہ ہردفعہ کے ساتھ اول آخر درودشریف پڑھیں،جب چالیس بار ہوجائے ،پھرایک دفعہ درودشریف پڑھے،ایسی خاتون جس کا بچہ زندہ نہ رہتاہو،وہ دودھ چھڑانے تک روزانہ ان دونوں چیزوں میں سے تھوڑا تھوڑا کھا لیا کرے،اِن شاءاللہ تعالی اولاد زندہ رہے گی۔(۲)

بچوں کے رونے اور مضر اشیا سے بچنے کے لئے

الف:أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِهِ وَعِقَابِهِ، وَشَرِّ عِبَادِهِ، وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِينِ وَأَنْ يَّحْضُرُونِ۔ صبح وشام تین مرتبہ

ب:أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۔

صبح وشام تین مرتبہ۔(۳)

بچھو، بھڑ وغیرہ درد کے لئے

حم،عسق۔ کھیعص

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۲۶﴾

وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ۭ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۱۳﴾

اے درد کثر دم مثلہ رفع شو۔

ورنہ :اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيْدٌ ﴿۱۲﴾ ۔ پڑھ کردم کرے۔اوردرد کی جگہ سے ہاتھ

---

۱)۔عمدۃ السلوک: حصہ دوم:ص: ۴۳۳۔

۲)۔معارف بہلوی: کتاب الادعیہ:فصل سوم: ج: ۴ ص: ۴۰۴۔

۳)۔انوار شمسیہ:ص:۸۹۔

پھیرتے ہوئے نیچے لائے، بہتر ہے کہ کسی لوہے کی چیز کے اشارے سے اس پر دم کرے اور لوہے کی چیز متاثرہ جگہ سے نیچے کی طرف اس طرح ہٹائے جیسے درد کو وہاں سے دور کیا جارہا ہو، اِن شاء اللہ شفا ہوگی۔(۱)

بخار کے لئے

اگر بغیر سردی کے بخار ہو تو یہ آیت لکھ کر باندھیں اور اسی کو پڑھ کر دم کریں:

قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ﴿٦٩﴾

اور اگر سردی سے ہو تو یہ آیت لکھ کر گلے میں یا بازو پر باندھیں:

بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا ۭ اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٤١﴾ ۔۔۔(۲)

بخار کے لئے تعویذ

اگر بخار اور حرارت بڑھ جائے تو یہ تعویذ لکھ کر گلے میں ڈالیں:

بِاسْمِ اللّٰهِ الْكَبِيْرِ، أَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ مِنْ كُلِّ عِرْقٍ نَعَّارٍ، وَمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ۔ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ أَجْمَعِيْنَ۔

اور یا اللہ یا رحمن یا رحیم کے تعویذ سات یا اس سے زیادہ لکھ دیں، ان میں سے ایک، ایک ہر روز پیتا رہے، اللہ تعالیٰ شفا عطا فرمائیں گے، اگر یہ آیت لکھ کر پلائیں تو بہتر ہے:

قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ﴿٦٩﴾

اس سے شفا ہوگی، اِن شاء اللہ تعالیٰ۔(۳)

---

۱)۔معارف بہلوی: کتاب الادعیہ: فصل سوم: ج: ۴ ص: ۴۱۲۔

۲)۔عمدۃ السلوک: حصہ دوم: ص: ۳۹۶۔

۳)۔معارف بہلوی: کتاب الادعیہ: فصل سوم: ج: ۴ ص: ۴۰۳۔

وہ بخار جس میں بندہ کانپتا ہے اس کا تعویذ

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ﴿٦٩﴾ وَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَخْسَرِيْنَ ﴿٧٠﴾ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ وَصَلَّى اللهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ أَجْمَعِيْنَ۔(۱)

تیسرے دن کے بخار کے لئے

اول بخار کے شروع ہونے میں بروز نوبت اول وآخر درود شریف اور ایک بار سورہ رعد پڑھ کر دم کریں۔ اِن شاءاللہ تعالیٰ صحت ہوجائے گی۔ پس چاہیئے کہ سہ نوبت کو دم تمام کرے اگرچہ اول یا دوسری نوبت پر آرام ہوجائے، اگر تینوں نوبت پر دم نہ کریں گے تو چند روز بعد بخار پھر لوٹ کر آئے گا۔(۲)

وہ بخار جس میں جسم پر سرخ دانے نکل آتے ہیں اس کا تعویذ

بخار کے دوران سرخ دانے نکلنے پر مندرجہ ذیل دعا سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور پڑھنے کے دوران چھری کے ساتھ جسم پر سے بیماری کے کٹ کر ختم ہوجانے کے طور پر چھری کا اِشارہ کرتے رہیں۔ دعا یہ ہے:

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اللهم صل على محمد وعلى آل محمد وبارك وسلم بسم الله العظيم الحليم الكريم الرحمن الرحيم رب العرش العظيم بعزته وقدرته وسلطانه أيتها الحمرة جاءتك جنود من السماء وقال سليمان أيتها الرحيم أجيبي داعي الله ومن لم يجب داعي

---

۱)۔ معمولات مظہریہ: ص: ۱۳۳۔

۲)۔ عمدۃ السلوک: ص: ۳۸۸۔۳۸۹۔

الله فماله من ملجاوماله من ظهير۔بسم الله والثناء الطيب على الله ،الله يكفيك من داءيوذيك ومن كل آفة تعتريك لاحول ولاقوة إلابالله العلى العظيم وصلى الله على خير خلقه محمد وآله وأصحابه وسلم تسليما كثيرا برحمتك ياأرحم الراحمين(۱)

دفع بخار و درد کے لئے

بخار اور درد کے لئے یہ دعا پڑھے:

بِسۡمِ اللّٰهِ الۡكَبِيۡرِ، نَعُوۡذُ بِاللّٰهِ الۡعَظِيۡمِ مِنۡ شَرِّ عِرۡقٍ نَعَّارٍ، وَمِنۡ شَرِّ حَرِّ النَّارِ۔۔۔(۲)

بخار کے واسطے

یہ لکھے اور مریض کے سر پر باندھے۔

كٓهٰيٰعٓصٓ ﴿۱﴾ ذِكۡرُ رَحۡمَتِ رَبِّكَ عَبۡدَهٗ زَكَرِيَّا ﴿۲﴾ اِذۡ نَادٰى رَبَّهٗ نِدَآءً خَفِيًّا ﴿۳﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّىۡ وَهَنَ الۡعَظۡمُ مِنِّىۡ وَاشۡتَعَلَ الرَّاۡسُ شَيۡبًا وَّلَمۡ اَكُنۡۢ بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِيًّا ﴿۴﴾

تک اور آیت

قُلۡنَا يٰنَارُ كُوۡنِىۡ بَرۡدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبۡرٰهِيۡمَ ﴿۶۹﴾

لکھ کر دھو کر پلائے۔۔۔۔(۳)

بدن کی صحت و دفع امراض کے لئے

یہ آیت: لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنۡتَ سُبۡحٰنَكَ اِنِّىۡ كُنۡتُ مِنَ الظّٰلِمِيۡنَ ﴿۸۷﴾

---

۱)۔معمولات مظہریہ:ص:۱۳۳۔

۲)۔وظیفہ سعدیہ:ص:۱۹۔بحوالہ عمل الیوم واللیلۃ لابن السنی۔

۳)۔مقامات ارشادیہ وعنایتیہ:ص:۴۳۶۔

ایک سوایک مرتبہ پڑھیں۔(۱)

برکت اور دفع قرض کے لئے

بعد نماز عشا سو بار ''یَامُعِزُّ'' اور اول آخر گیارہ ، گیارہ بار درود شریف پڑھے، نیز یَاوَهَّابُ چودہ سو چودہ (۱۴۱۴) مرتبہ اور اول آخر درود شریف سات، سات بار پڑھتا رہے، یا بعد نماز عشا یہ عمل کر کے سو بار یہ دعا پڑھے:

يَاوَهَّابُ هَبْ لِيْ مِنْ نِّعْمَةِ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ إِنَّكَ أَنْتَ الْوَهَّابُ

اس کو بزرگ کیمیائے درویشاں فرماتے ہیں۔

نیز سنت فجر کے بعد فرض سے پہلے یامغنی گیارہ سو بار اور اول آخر درود شریف سات، سات بار پڑھتا رہے، اور ہر نماز کے بعد اکتالیس ، اکتالیس بار اور اول آخر درود شریف ایک، ایک بار پڑھا کرے، اِن شاء اللہ تعالی فراغت اور برکت ہوگی اور قرض دفع ہوگا۔(۲)

بصارت میں برکت کا وظیفہ

ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ یَانُوْرُ پڑھ کر ہاتھوں کی انگلیوں پر دم کر کے انہیں آنکھوں پر پھیر لیا کریں۔

اور فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ﴿۲۲﴾

اور اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ؕ اَلْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ ؕ اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ ۙ

---

۱)۔ترجمان شریعت وطریقت: مخصوص دعائیں ص: ۲۳۴۔

۲)۔معارف بہلوی: کتاب الادعیہ: فصل سوم: ج: ۴ ص: ۴۰۶۔

يَكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ؕ نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ ؕ يَهْدِى اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيْمٌ ۙ﴿۳۵﴾

پڑھ کر آنکھوں پر دم کرنا ازدیادِ بصر کے لئے مفید ہوتا ہے۔(۱)

ہر بلا اور مصیبت کے لئے امن وأمان کی چیز

جو شخص یہ دعا پڑھتا رہے، ہر بلا، دکھ، اور غم سے امن وامان میں رہے گا:

اللّٰهُمَّ أَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِي الْأُمُورِ كُلِّهَا، وَأَجِرْنَا مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْآخِرَةِ۔

طریقہ: ہر نماز کے بعد سات بار، اول آخر ایک، ایک بار درود شریف پڑھے۔(۲)

وظیفہ برائے دفع بلیات و برائے حاجات

نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد ۲۱۶ مرتبہ اَلْجَبَّارُ، اور اس سے پہلے اور بعد میں ایک ایک مرتبہ درود شریف پڑھ لیا جائے، جملہ آفات ومصائب سے حفاظت ہوگی اور ہر حاجت پوری ہوجائے گی۔ اِن شاء اللہ۔(۳)

بھاگے ہوئے کو لوٹانے کے لئے

بھاگے ہوئے کو لوٹانے کا یہ عمل ہے کہ لوہے کے تالے پر اکیس بار سورۂ فاتحہ پڑھ کر اس کا نام لے کر تالے کو بند کرے اور مٹی کی نئی ہانڈی میں پانی ڈال کر تالا اس میں ڈال دے اور چولہے پر رکھ کر نرم آگ تمام دن جلائے، اِن شاء اللہ تعالی حاضر ہوجائے گا۔(٤)

---

۱)۔خطبات مشاہیر: ج:۴ ص:۴۸۲۔

۲)۔معارف بہلوی: کتاب الادعیہ: فصل اول: ج:۴ ص:۳۸۵۔

۳)۔خطبات مشاہیر: ج:۴ ص:۵۳۴۔

٤)۔مقامات اِرشادیہ وعنایتیہ: ص:۴۳۰۔

بواسیر کے مرض کے لئے

بواسیر کے مرض والے کو چاہئے کہ بروز پیر یا بروز جمعۃ المبارک کو:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
یَارَحِیۡمَ کُلِّ صَرِیۡخٍ وَّمَکۡرُوۡبٍ یَارَحِیۡمُ۔
وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیۡرِ خَلۡقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ وَأَصۡحَابِہٖ أَجۡمَعِیۡنَ۔

کولکھ کر کمر پر باندھ لے، اِن شاءاللہ صحت حاصل ہوگی۔(۱)

ہر قسم کی بواسیر کے خاتمہ کے لئے

یَارَحِیۡمَ کُلِّ صَرِیۡخٍ وَّمَکۡرُوۡبٍ وَّغِیَاثَہٗ وَمَعَاذَہٗ یَارَحِیۡمُ۔ وَصَلَّ اللّٰہُ عَلٰی تَعَالٰی خَیۡرِ خَلۡقِہٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ وَأَصۡحَابِہٖ أَجۡمَعِیۡنَ۔ لکھ کر کمر میں باندھیں۔(۲)

بواسیر سے شفا کے لئے

یَارَحِیۡمَ کُلِّ صَرِیۡخٍ وَّمَکۡرُوۡبٍ وَّغِیَاثَہٗ وَمَعَاذَہٗ یَارَحِیۡمُ۔

ہر نماز کے بعد سات مرتبہ پڑھ کر شفا کے لئے بارگاہ ذوالجلال میں دعا کریں۔شافی مطلق سے شفا کی امید ہے۔(۳)

مندرجہ بالا دعا ختم حضرت خواجہ احمد سعید مہاجر مدنی قدس اللہ سرہ ہے۔جو مشائخ نقشبندیہ میں معمول ہے۔

---

۱)۔معمولات مظہریہ:ص:۱۳۶۔

۲)۔عمدۃ السلوک:حصہ دوم:ص:۳۸۹۔

۳)۔تحفہ زاہدیہ:حصہ دوم:مکتوب:۱۰۔ص:۱۸۰۔

بواسیر کے خاتمہ کا ایک اور عمل

اگر صبح وشام سورۂ فاتحہ مع بسم اللہ سات بار پڑھتا رہے تو بہتر ہے،اور اگر یہ نہ ہوسکے توصرف بسم اللہ شریف صبح وشام پڑھ کر اپنے جسم پر ناف سے زانو تک آگے پیچھے دم کرے(۱)

گنڈہ برائے بواسیر خونی

کچا سوت سرخ رنگ ڈیڑھ گز لمبا اکیس تار لے کر سورۃ اللھب پوری اکیس بار، پڑھ کر گرہ لگا تا اور دم کرتا رہے پھر الٹی طرف سے ہر گرہ پر

أَنْ لَّآ إِلٰهَ إِلَّآ أَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ إِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٨٧﴾

(رَبِّ) أَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَأَنْتَ أَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿٨٣﴾

ایک باردم کرکے پھر سیدھی طرف سے ایک بار ہر گرہ پر

وَقِيْلَ يٰٓأَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ أَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْأَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِيِّ وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٤٤﴾

دم کرتا چلا آئے اور بواسیر والے کی کمر پر باندھ دیا جائے،باذن اللہ بہت جلد آرام ہوجائے گا۔(۲)

ناگہانی بیماریوں کے لئے

اکثر اوقات میں کثرت کے ساتھ استغفار کو ورد بنائیں تمام کاموں اور مشکلات میں مفید ہوگا۔(۳)

---

۱)۔عمدۃ السلوک: حصہ دوم:ص:۳۸۹۔

۲)۔عمدۃ السلوک: حصہ دوم:ص:۴۱۰۔۴۱۱۔

۳)۔مجموعہ فوائد عثمانیہ: فصل اول: ملفوظ نمبر:۵۹ ص:۱۳۶۔

عام بیماروں کے لئے

الحمد شریف اور چاروں قل شریف پڑھ کر نمک پر دم کر دیا کریں۔ اللہ تعالیٰ جل شانہ جو شافی مطلق ہے شفائے کلی عطا فرمائے گا۔(۱)

بیماری سے نجات کے لئے

(رَبِّ) اَنِّیۡ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنۡتَ اَرۡحَمُ الرّٰحِمِیۡنَ ۟ۚ ۔
رَبَّنَا لَا تُزِغۡ قُلُوۡبَنَا بَعۡدَ اِذۡ هَدَيۡتَنَا وَهَبۡ لَنَا مِنۡ لَّدُنۡكَ رَحۡمَةً ۚ اِنَّكَ اَنۡتَ الۡوَهَّابُ ۝ ۔

سو بار صبح اور سو بار شام ورد فرمائیں۔ سات سات بار اول و آخر درود پڑھیں۔ اس کے بعد دعائے صحت کریں۔(۲)

بیماری سے شفایابی کے لئے

صبح کی نماز میں فجر کی سنت و فرض کے درمیان سات مرتبہ سورہ فاتحہ مع بسم اللہ الرحمن الرحیم بلا ناغہ پڑھ کر سات روز تک مریض پر دم کریں، اور اِس کا ثواب حضرت قبلہ وکعبہ (حاجی دوست محمد قندھاری) نور اللہ مرقدہ شریف کی روح مبارک کو پہنچائیں۔ اور مریض کی شفائے کلی کے لئے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگیں۔(۳)

ہر قسم کی بیماری کے لئے

سورۃ القدر مکمل، سات مرتبہ۔ صبح و شام۔ اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھ

---

۱)۔ تحفہ زاہدیہ: حصہ اول: مکتوب: ۱۲۲۔ ص: ۱۵۰۔

۲)۔ تحفہ زواریہ: مکتوب نمبر: ۱۳۴۔ ص: ۱۷۴۔

۳)۔ تحفہ زاہدیہ: حصہ اول: مکتوب: ۶۰۔ ص: ۱۰۹۔

کرمریض پر دم کرنا ہے۔ یہ ہر قسم کی بیماری کے لئے تریاق ہے(۱)

بے خوابی اور نیند میں ڈرنے کا علاج

أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّةِ مِنْ غَضَبِهِ وَعِقَابِهِ، وَشَرِّ عِبَادِهِ، وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِينِ وَأَنْ يَحْضُرُونِ۔۔۔(۲)

ہر پریشانی اور شریروں کے شر سے حفاظت کے لئے

درود شریف تین مرتبہ

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ قَبْلَ كُلِّ شَيْءٍ

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ بَعْدَ كُلِّ شَيْءٍ

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ يَبْقٰى رَبُّنَا وَيَفْنٰى كُلُّ شَيْءٍ۔ ۔تین مرتبہ۔۔(۳)

پسلی کے عارضہ کے واسطے

یہ **عمل** پسلی کے عارضے کے واسطے بہت مفید ثابت ہوا ہے کہ ایک چاقو جس کا دستہ بھی لوہے کا ہو، بچہ کے سینے سے ناف تک بار بار لائے ،اور یہ آیت شریف سات مرتبہ یا گیارہ مرتبہ پڑھے اور ہر بار دم کرتا رہے ،شرط یہ ہے کہ دو وقتہ تین روز یہ **عمل** کرے، إن شاء اللہ العزیز بہت جلد شفا ہوگی:

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ‏ وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا ؕ وَاللهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ﴿٧٢﴾۔۔۔(٤)

---

۱)۔مجالس غور غشتوی:ص:۲۶۳۔

۲)۔وظیفہ سعدیہ:ص:۱۸۔بحوالہ الترغیب۔

۳)۔انوار شمسیہ:ص:۹۲۔۹۳۔

٤)۔تذکرہ علماء حق:عملیات خاندان ولی اللہی:ص:۵۳۶۔

برائے درد پہلو اور درد شکم

پیٹ کے درد کے لئے ایک لاٹھی لے اور اس کے دونوں سرے اپنے دونوں ہاتھوں میں پکڑے اور سورۃ الناس سات بار پڑھ کر اس لکڑی کو درد کی جگہ کسی قدر زور سے دبادے اور اگر اس جگہ سے دوسری جگہ وہ درد منتقل ہوجائے تو اسی طرح وہاں لکڑی سے دبادے۔ان شاء اللہ تعالی۔درد جاتا رہے گا ،یا مریض کو اوندھا لٹادے اور سورہ اخلاص باوضو چالیس بار پڑھ کر دم کرے مجرب ہے۔(۱)

پہلو کے درد کے واسطے

یہ آیت لکھ کر پہلو پر باندھے اور ہر روز تین دفعہ پڑھ کر دم کرے:

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۔

الَّذِيۡنَ يَذۡكُرُوۡنَ اللّٰهَ قِيٰمًا وَّقُعُوۡدًا وَّعَلٰى جُنُوۡبِهِمۡ وَيَتَفَكَّرُوۡنَ فِىۡ خَلۡقِ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ‌ۚ رَبَّنَا مَا خَلَقۡتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبۡحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۱۹۱﴾...(۲)

پھوڑا ،پھنسی یا ورم

پاک مٹی، پنڈول وغیرہ، چاہے ثابت ڈھیلا چاہے پسی ہوئی مٹی لے کر اس پر یہ دعا تین بار پڑھ کر تھوک دے:

بِاسۡمِ اللّٰهِ تُرۡبَةُ أَرۡضِنَا بِرِيۡقَةِ بَعۡضِنَا لِيُشۡفٰى سَقِيۡمُنَا بِإِذۡنِ رَبِّنَا

اور اس پر تھوڑا پانی چھڑک کر وہ مٹی تکلیف کی جگہ یا اس کے آس پاس دن میں دو چار بار ملا کرے۔(۳)

---

۱)۔تذکرہ علماء حق :عملیات خاندان ولی اللہی :ص:۵۳۵۔

۲)۔تذکرہ علماء حق :عملیات خاندان ولی اللہی :ص:۵۳۵۔

۳)۔عمدۃ السلوک: حصہ دوم :ص:۳۹۶۔

پھوڑا پھنسی

قرآن کریم کی آیت: سَلٰمٌ ۚ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ۝۵۸

کو اکتالیس بار ملتانی مٹی اور مکھن پر دم کرے، متاثرہ جگہ پر پہلے دم شدہ مکھن لگائے، پھر ملتانی مٹی کو پانی سے گیلا کرکے اس جگہ پر لگائے، اوپر سے نیم کے پتے باندھے، چند دن اس طرح کریں، شفا ہوگی، اِن شاءاللہ تعالیٰ۔

اسی طرح آیت ذیل:

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ

اکتالیس بار اور اول آخر درود شریف، تین، تین بار پڑھ کر کہے:

ای بلا بیرونی و درونی خشک شو، خدائے ما بزرگ است تو بزگ مشو و رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ازیں جا ہجرت کردہ است تو نیز ہم برو۔ اَمْ اَبْرَمُوْۤا اَمْرًا فَاِنَّا مُبْرِمُوْنَ ۝۷۹

امر حق بشنو، تین بار پڑھے، اِن شاءاللہ تعالیٰ تکلیف رفع ہو جائے گی، اور شفا نصیب ہوگی۔(۱)

پیٹ کے درد کے لئے

یہ آیت پانی وغیرہ پر تین بار پڑھ کر پلائیں یا لکھ کر پیٹ پر باندھیں:

لَا فِيْهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ ۝۴۷ ...(۲)

پیر طلب کرنے کی دعا

آدھی رات کو اٹھ کر وضو کیا جائے اور دو رکعت نفل ادا کرنے کے بعد سجدہ میں الحاح وزاری کے ساتھ فریاد کی جائے اور اس دعا کو پڑھا جائے:

---

۱)۔معارف بہلوی: کتاب الادعیہ: فصل سوم: ج: ۴ ص: ۱۳۴۔

۲)۔عمدۃ السلوک: حصہ دوم: ص: ۳۹۵۔

يَارَبِّ يَارَبِّ دُلَّنِيْ عَلٰى عَبْدٍ مِّنْ عِبَادِكَ الْمُقَرَّبِيْنَ يَدُلُّنِيْ عَلَيْكَ وَيُعَايِنُنِيْ طَرِيْقَ الْوُصُوْلِ إِلَيْكَ۔

یہ دعا حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ نے حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی قدس اللہ سرہ سے نقل کر کے لکھی ہے۔(۱)

پیر طلب کرنے کی ایک اور دعا

حضرت خلیفہ غلام رسول قدس اللہ سرہ کے جب شیخ کا انتقال ہوا تو وہ دوسرے شیخ سے رجوع کے لئے یہ دعا پڑھا کرتے تھے:

يَاعَلِيْمُ عَلِّمْنِيْ يَاخَبِيْرُ أَخْبِرْنِيْ يَارَشِيْدُ أَرْشِدْنِيْ۔(۲)

پیشاب یا پاخانہ بند ہو یا مثانہ میں پتھری ہو

کسی کا پیشاب رک جائے، یا پاخانہ بند ہو جائے یا مثانہ میں پتھری اٹک جائے تو یہ آیتیں لکھ کر پلائے، جاری ہو جاوے گا:

وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ۙ﴿۵﴾ فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْۢبَثًّا ۙ﴿۶﴾ وَّحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً ۙ﴿۱۴﴾

اسی طرح یہ آیت بھی وہی تاثیر رکھتی ہے:

وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ؕ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ؕ

اور یہ آیت بھی اس کے مانند ہے:

قُلْ كُوْنُوْا حِجَارَةً اَوْ حَدِيْدًا ۙ﴿۵۰﴾
اَوْ خَلْقًا مِّمَّا يَكْبُرُ فِيْ صُدُوْرِكُمْ ۚ فَسَيَقُوْلُوْنَ مَنْ يُّعِيْدُنَا ؕ قُلِ الَّذِيْ فَطَرَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۚ فَسَيُنْغِضُوْنَ اِلَيْكَ رُءُوْسَهُمْ

---

۱)۔مکتوبات شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ: مکتوب نمبر:۱۸ص:۱۱۰۔۱۱۱۔

۲)۔دکان عشق: ص: ۹۴۔۹۵۔

وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هُوَ ؕ قُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ قَرِيْبًا ﴿۵۱﴾

اور پیشاب جاری کرنے کے واسطے یہ آیت بھی مفید ہے: لکھ کر گلے میں ڈالے۔

فَفَتَحْنَآ اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ ﴿۱۱﴾ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا فَالْتَقَى الْمَآءُ عَلٰٓى اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ ﴿۱۲﴾۔۔۔۔(۱)

پیشاب جاری رہتا ہو یا حیض کی کثرت ہو یا نکسیر بہتی ہو

کسی کا پیشاب جاری رہتا ہو، یا حیض کثرت سے ہو، یا نکسیر بہتی ہو تو یہ آیتیں لکھ کر بیمار کو پلائے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ قِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ۔ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَصْبَحَ مَآؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ يَّاْتِيْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِيْنٍ ﴿۳۰﴾۔۔۔۔(۲)

پیشاب رک جانا یا پتھری ہو جانا

کلمات ذیل کو لکھ کر ناف پر باندھ دیا جائے

ربنا الله الذی فی السماء تقدس اسمك امرك فی السماء والارض كما رحمتك فی السماء فاجعل رحمتك فی الارض واغفر لنا حوبنا وخطايانا أنت رب الطيبين فانزل شفاء من شفائك ورحمة من رحمتك على هذا الوجع۔(۳)

تسخیر کے لئے

سورہ قریش وقت سحر، سو بار۔ وبعد نماز مغرب سو بار، اگر وقت سحر نہ پڑھ پائے تو فجر کی

---

۱)۔مقامات ارشادیہ وعنایتیہ: ص: ۴۳۰۔۴۳۱۔

۲)۔مقامات ارشادیہ وعنایتیہ: ص: ۴۳۱۔

۳)۔عمدۃ السلوک: حصہ دوم: ۴۰۵۔

نماز کے بعد پڑھ لے، ورنہ ہر نماز کے بعد ۲۱ مرتبہ پڑھنے پر مداومت کرے، مفید ہے۔(۱)

برائے تسخیر

اَللّٰھُمَّ أَنْتَ جَبَّارٌ مَنْ فِی الْأَرْضِ وَجَبَّارٌ مَنْ فِی السَّمَاوَاتِ لَاجَبَّارَ فِیْھِمَا غَیْرُكَ اَللّٰھُمَّ أَنْتَ مُقْتَدِرٌ مَنْ فِی السَّمَاوَاتِ وَمُقْتَدِرٌ مَنْ فِی الْأَرْضِ لَامُقْتَدِرٌ فِیْھِمَا غَیْرُكَ۔

یہ کلمات ایک سوپچپن بار عشا کے بعد پڑھیں۔(۲)

عمل سورہ مزمل برائے تسخیر

مغرب کے بعد سات بار پڑھنا اور جب یہ آیت پڑھیں: وَتَبَتَّلْ اِلَیْهِ تَبْتِیْلًا ۝۸ ۔تو یہ آیت گیارہ بار پڑھیں۔عشا کے بعد بھی پڑھ سکتے ہیں۔اس میں بہت تسخیر ہے۔(۳)

عامل کو چاہیئے کہ: سورہ مزمل کا معمول رکھے، بزرگوں نے اس کی تلاوت میں دینی اور دنیوی بہت فائدے اٹھائے ہیں، اس کی تلاوت ہر آفت اور مصیبت کو دور کرتی ہے اور عزت بڑھاتی ہے اور پڑھنے والا جس کام کے لئے پڑھے وہ آسان ہوجاتا ہے اور زمانہ کی تکلیفوں سے محفوظ رہتا ہے۔(٤)

اور بعض بزرگوں سے اکتالیس بار کا پڑھنا بھی پہنچا ہے، سورہ مزمل کے معمول رکھنے کی یہ بھی ترکیب ہے کہ عشا کے بعد دو رکعتوں میں اکتالیس بار پڑھے، اس طرح کہ اکیس بار پہلی

---

۱)۔خطبات افغانی:ص:۴۴۹۔

۲)۔مجالس غورغشتوی:ص:۲۶۲۔

۳)۔مجالس غورغشتوی:ص:۲۶۱۔

٤)۔مجالس غورغشتوی:ص:۲۶۳۔

رکعت میں اور بیس بار دوسری رکعت میں۔(۱)

اور آسان اور مجرب ایک طریق یہ بھی ہے کہ بعد سنت فجر کے ایک بار اور بعد ہر نماز پنجگانہ کے دودو بار کہ شب وروز میں گیارہ بار ہوجائے اور اگر گیارہ بار پڑھنے کی بھی فرصت نہ ہوتو سات بار ورنہ ایک بار توضرور ہی بلاناغہ پڑھے۔لیکن جب اس آیت پر پہنچے :رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَفَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا۔پچیس مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ۔پڑھ کر سورۃ تمام کرے۔(۲)

سورۃ مزمل پابندی سے تلاوت کرتے رہیں۔

طریقہ سورۂ مزمل: أعوذ باللہ اور بسم اللہ پڑھ کر سورۂ مزمل کی تلاوت شروع کریں جب رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَفَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا پر پہنچیں تو اس آیت کو تین بار پڑھ کر آگے تلاوت شروع کریں۔جب وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ط پر پہنچیں،اس کو بھی تین بار دہرائیں۔پھر جب يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ پر پہنچیں ،تو اس کو بھی تین بار مکرر پڑھیں اور آخر میں وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ط اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ بھی تین بار پڑھیں۔

مذکورہ طریقے سے تلاوت میں عجیب اسرار ہیں۔(۳)

تلی بڑھ جانا

یہ آیت مع بسم اللہ لکھ کر تلی کی جگہ باندھیں:

ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ۔۔(٤)

---

۱)۔مجالس غور غشتوی:ص:۲۶۳۔

۲)۔مجالس غور غشتوی:ص:۲۶۳۔۲۶۴۔

۳)۔مجالس غور غشتوی:ص:۲۵۵۔

٤)۔عمدۃ السلوک:حصہ دوم:ص:۳۹۵۔

برائے دفع تنگ دستی

يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ أَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔

ایک سو بار، صبح اور ایک سو بار شام۔ اول وآخر تین تین بار درود شریف۔(۱)

تنہائی میں خوف کے دور کرنے کے لئے

يَاجَبَّارُ۔ اکیس دفعہ پڑھا کریں۔(۲)

تکالیف اور مشکلات حل کرنے کے لئے

سورۃ الملک کی آیت ہے: اَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ ؕ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ﴿۱۴﴾

بعض اہل خواص نے اس آیت کے بہت زیادہ فوائد بیان کئے ہیں جیسے:

۱) بلاؤں کو دور کرتی ہے۔ ۲) مریض کو نفع دیتی ہے۔

۳) مشکلات اور تکلیفات کو دور کرتی ہے۔

۴) اس کے پڑھنے سے بڑے بڑے منصب ملتے ہیں۔

عشا کے بعد دوسو مرتبہ پڑھا کریں۔(۳)

ہر تکلیف میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعا

جب کبھی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کوئی پریشانی لاحق ہوتی تو یہ دعا پڑھتے:

يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ أَسْتَغِيْثُ

(اس میں اسم اعظم بھی ہے)۔(٤)

---

۱)۔ مجالس غور غشتوی: ص: ۲۶۳۔

۲)۔ فتاوی فریدیہ: کتاب الطب والرقیۃ والتعویذ: ج:۱ ص:۴۱۱۔

۳)۔ مجالس غور غشتوی: ص: ۱۳۔ ۱۴۔

٤)۔ ترجمان شریعت وطریقت: مخصوص دعائیں ص: ۲۳۵۔

تکلیف سے نجات کا طریقہ

اگر کسی تکلیف سے راہ نجات خواب میں معلوم کرنا چاہے تو وضو کرے، پاک کپڑے پہن کر روبقبلہ راست پہلو پر لیٹ کر سورہ شمس سات بار، سورۃ واللیل سات بار، سورۂ اخلاص یا سورۃ التین سات بار پڑھ کر ثم یقول:

اَللّٰهُمَّ أَرِنِيْ فِيْ مَنَامِيْ كذا و كذا (إشارة الى المطلوب)
وَاجْعَلْ لِّيْ مِنْ أَمْرِيْ فَرَجًا وَّمَخْرَجًا وَأَرِنِيْ فِيْ مَنَامِيْ
مَا اسْتَدَلَّ بِهٖ عَلٰى إِجَابَةِ دَعْوَتِيْ)

اگر پہلی رات خواب دیکھا تو بہتر، ورنہ سات رات تک ایسا کریں ضرور دیکھے گا ان شاء اللہ تعالی۔(۱)

ہر تنگی سے بچنے کی دعا

إِلٰهِيْ نَجِّنِيْ مِنْ كُلِّ ضَيْقٍ
بِجَاهِ الْمُصْطَفٰى مَوْلَى الْجَمِيْعِ
فَهَبْ لِيْ فِيْ مَدِيْنَتِهٖ قَرَارًا
حَيَاتًا ثُمَّ دَفْنًا فِي الْبَقِيْعِ

طریقہ: ہر نماز کے بعد سات بار یہ دعا پڑھے اور اول آخر ایک، ایک بار درود شریف پڑھا کرے۔(۲)

توپ وتفنگ سے حفاظت کے لئے

گھر سے نکلتے ہی یا آفس سے نکلتے ہی سات مرتبہ یا کم از کم ایک مرتبہ آیت الکرسی

---

۱)۔مکتوبات افغانی: مکتوب نمبر:۷ ص:۵۱۔۵۲۔

۲)۔معارف بہلوی: کتاب الادعیہ: فصل اول: ج:۴ ص:۳۹۳۔۳۹۴۔

پڑھ کر تصور اا پنے او پر دم کیا جائے ،ان شاء اللہ تعالیٰ حفاظت رہے گی۔(۱)

برائے تھنیلا

بعض اوقات عورتوں کے پستان میں بوجہ زیادتی دودھ وغیرہ درد اور دکھن ہوتی ہے تو اس دعا کو چھنی ہوئی راکھ یا مٹی پر سات بار اس طرح پڑھیں کہ ہر بار پڑھ کر اس راکھ یا مٹی میں تھوک دیں پھر پانی سے اس کو پتلا کر کے درد کی جگہ لیپ کر دیں:

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ بِاسۡمِ اللّٰهِ تُرۡبَةُ أَرۡضِنَا بِرِيۡقَةِ بَعۡضِنَا لِيُشۡفٰى سَقِيۡمُنَا بِإِذۡنِ رَبِّنَا ۔(۲)

تینتیس آیات

حضرت شاہ احمد سعید صاحب مدنی قدس اللہ سرہ فرماتے ہیں کہ: جو شخص ایک بار صبح کی نماز کے بعد اور ایک بار مغرب کی نماز کے بعد یہ تینتیس (۳۳) آیات پڑھے گا وہ اللہ تعالیٰ کی حفاظت وأمان میں رہے گا۔ بحکم الٰہی اس پر زہر اور بددعا کا اثر نہیں ہوگا۔ شیاطین اور دشمنوں کے شر سے محفوظ و مامون رہے گا۔(مناقب شریف)

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ فرماتے ہیں کہ:

یہ تینتیس آیات مع سورۂ فاتحہ و چار قل ردّ سحر میں بے حد نفع بخش ہیں۔ شیاطین، چوروں اور درندوں سے پناہ ہو جاتی ہے۔(القول الجمیل)

دفع امراض وسحر کے لئے پانی پر دم کر کے پئیں۔

أعوذ باللہ من الشیطن الرجیم

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ○

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ۙ﴿۱﴾ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۙ﴿۲﴾ مٰلِكِ يَوۡمِ

---

۱)۔خزینۃ الاسرار: ج:۱ ص:۵۵۔

۲)۔عمدۃ السلوک: حصہ دوم: ۴۰۸۔

الدِّيْنِ ﴿٣﴾ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ﴿٤﴾ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ
الْمُسْتَقِيْمَ ﴿٥﴾ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ۬ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ
عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ﴿٧﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓمّٓ ﴿١﴾ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛۚ فِيْهِ ۛۚ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿٢﴾
الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ
يُنْفِقُوْنَ ﴿٣﴾ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ
قَبْلِكَ ۚ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ﴿٤﴾ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ
رَّبِّهِمْ ۗ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿٥﴾

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ۬ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ
مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا
بِاِذْنِهٖ ؕ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ
بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ﴿٢٥٥﴾

لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ ۙ۫ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ
بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ۗ
لَا انْفِصَامَ لَهَا ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿٢٥٦﴾

اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۙ يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ۬
وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰٓـئُهُمُ الطَّاغُوْتُ ۙ يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ
اِلَى الظُّلُمٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٢٥٧﴾

لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَاِنْ تُبْدُوْا مَا فِيْٓ
اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ ؕ فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ
وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٢٨٤﴾

اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ كُلٌّ اٰمَنَ

بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ قف لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ قف وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ق غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ﴿٢٨٥﴾
لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ط لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ط رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ج رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ج رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ج وَاعْفُ عَنَّا وقفة وَاغْفِرْ لَنَا وقفة وَارْحَمْنَا وقفة اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٢٨٦﴾
اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ قف يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا لا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِهٖ ط اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ ط تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٥٤﴾
اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ط اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿٥٥﴾
وَلَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا ط اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٥٦﴾
قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ط اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ج وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ﴿١١٠﴾ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ﴿١١١﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ﴿١﴾ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ﴿٢﴾ فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ﴿٣﴾ اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ﴿٤﴾ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ﴿٥﴾ اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ ِۨالْكَوَاكِبِ ﴿٦﴾

وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ۝٧ لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى
وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ۝٨ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ۝٩
اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ۝١٠ فَاسْتَفْتِهِمْ
اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ خَلَقْنَا ؕ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ
لَّازِبٍ ۝١١

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ؕ لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ۝٣٣
فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝٣٤ يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ ۙ
وَّنُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرٰنِ ۝٣٥

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا
مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ
يَتَفَكَّرُوْنَ ۝٢١

هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ
الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝٢٢

هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ
الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝٢٣
هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ؕ يُسَبِّحُ لَهٗ
مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝٢٤

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا
عَجَبًا ۝١ يَّهْدِيْٓ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ؕ وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَآ
اَحَدًا ۝٢ وَّاَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ۝٣ وَّاَنَّهٗ
كَانَ يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا ۝٤

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ
قُلۡ يٰۤاَيُّهَا الۡكٰفِرُوۡنَ ۙ﴿۱﴾ لَاۤ اَعۡبُدُ مَا تَعۡبُدُوۡنَ ۙ﴿۲﴾ وَلَاۤ اَنۡتُمۡ
عٰبِدُوۡنَ مَاۤ اَعۡبُدُ ۚ﴿۳﴾ وَلَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدۡتُّمۡ ۙ﴿۴﴾ وَلَاۤ اَنۡتُمۡ
عٰبِدُوۡنَ مَاۤ اَعۡبُدُ ؕ﴿۵﴾ لَكُمۡ دِيۡنُكُمۡ وَلِىَ دِيۡنِ ﴿۶﴾

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ
قُلۡ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ﴿۱﴾ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ﴿۲﴾ لَمۡ يَلِدۡ ۙ وَلَمۡ يُوۡلَدۡ ۙ﴿۳﴾ وَلَمۡ
يَكُنۡ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ﴿۴﴾

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ
قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ ۙ﴿۱﴾ مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ﴿۲﴾ وَمِنۡ شَرِّ غَاسِقٍ
اِذَا وَقَبَ ۙ﴿۳﴾ وَمِنۡ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِى الۡعُقَدِ ۙ﴿۴﴾ وَمِنۡ شَرِّ حَاسِدٍ
اِذَا حَسَدَ ﴿۵﴾

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ
قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ﴿۱﴾ مَلِكِ النَّاسِ ۙ﴿۲﴾ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ﴿۳﴾ مِنۡ
شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ ۙ الۡخَنَّاسِ ﴿۴﴾ الَّذِىۡ يُوَسۡوِسُ فِىۡ صُدُوۡرِ
النَّاسِ ۙ﴿۵﴾ مِنَ الۡجِنَّةِ وَالنَّاسِ ﴿۶﴾ ۔۔۔(۱)

ثوابِ عظیم حاصل کرنے کا طریقہ

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس کو ہر مؤمن مرد وعورت کی گنتی کے مقدار ثواب ملے، تو یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ۔

طریقہ: سو بار یہ دعا اور اول آخر تین، تین بار درود شریف پڑھتا رہے، تو تمام مؤمنین کے برابر اس کو ثواب ملتا رہے گا، اور اس کی ہر مشکل آسان ہوگی۔(۲)

---

۱)۔وظیفہ سعدیہ: ص:۶ تا ۱۱۔

۲)۔معارف بہلوی: کتاب الادعیہ: فصل اول: ج: ۴ ص: ۳۸۶۔

برائے دفع جادو وسحر

اول وآخر درود شریف تین مرتبہ بعد میں سات رسات مرتبہ الحمد شریف۔سات مرتبہ آیت الکرسی ،سات رسات بار چاروں قل ،خود پر اور مریضوں پر دم کریں۔ اِن شاءاللہ تمام تکالیف رفع دفع ہوجائیں گی۔ نیز اسی طرح پڑھ کر اپنے تمام گھر اور صحن میں بھی دم کریں ، یہ ورد جمیع امراض واسقام کے لئے مفید ہے۔(۱)

وقت پر جاگنے کے لئے

سوتے وقت اپنے آپ کو نام لے کر مخاطب کریں اور کہیں کہ مجھے فلاں وقت جگا دینا، اِن شاءاللہ بروقت جاگ جاؤ گے۔(۲)

جانوروں کی بیماری کے لئے

یہ تعویذ تین بار لکھ کر جانور کے گلے میں ڈالیں:

اَلْاِسْلَامُ حَقٌّ وَالْکُفْرُ بَاطِلٌ

نیز اَلْاِسْلَامُ حَقٌّ ، کے کلمے کو چند بار لکھ دیں، تا کہ ایک،ایک ہر روز پلاتے رہیں، اگر جانوروں میں عام بیماری پڑ جائے تو یہ تعویذ لکھے:

ہر چہ کند خدا کند بندہ عاجز چہ کند

اس کو تین بار لکھ کر تعویذ بنائے ،کسی جانور کے گلے میں لٹکا دے، یا ایسی جگہ باندھ دیں کہ نیچے سے جانور گزرتے رہیں، رحمت ہوگی، اِن شاءاللہ تعالیٰ۔(۳)

---

۱)۔تحفہ زاہدیہ: حصہ اول: مکتوب: ۵۵۔ص:۱۰۶۔

۲)۔رموز تصوف: حصہ فرمودات: ص:۱۷۶۔

۳)۔معارف بہلوی: کتاب الادعیہ: فصل سوم: ج: ۴ ص: ۴۰۳۔

جانوروں کے دودھ میں زیادتی کے لئے

اگر کوئی گائے بھینس وغیرہ دودھ نہ دیتی ہو،تو آٹے کے ایک پیڑے پر آیات ذیل پڑھ کر اس جانور کو کھلائیں:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ وَاِنَّ لَکُمۡ فِی الۡاَنۡعَامِ لَعِبۡرَۃً ؕ نُسۡقِیۡکُمۡ مِّمَّا فِیۡ بُطُوۡنِہٖ مِنۡۢ بَیۡنِ فَرۡثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِیۡنَ ﴿۶۶﴾

وَاِنۡ یَّکَادُ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا لَیُزۡلِقُوۡنَکَ بِاَبۡصَارِہِمۡ لَمَّا سَمِعُوا الذِّکۡرَ وَیَقُوۡلُوۡنَ اِنَّہٗ لَمَجۡنُوۡنٌ ﴿۵۱﴾ وَمَا ہُوَ اِلَّا ذِکۡرٌ لِّلۡعٰلَمِیۡنَ ﴿۵۲﴾

اَفَغَیۡرَ دِیۡنِ اللّٰہِ یَبۡغُوۡنَ وَلَہٗۤ اَسۡلَمَ مَنۡ فِی السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ طَوۡعًا وَّ کَرۡہًا وَّاِلَیۡہِ یُرۡجَعُوۡنَ ﴿۸۳﴾

سُبۡحٰنَ الَّذِیۡ سَخَّرَ لَنَا ہٰذَا وَمَا کُنَّا لَہٗ مُقۡرِنِیۡنَ ﴿۱۳﴾ ۔۔۔(۱)

جانوروں کے دودھ میں برکت کے لئے

مٹی کے ڈھیلے پر سورہ فاتحہ پڑھ کر اس پر دم کریں پھر معوذتین یعنی:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ ۙ﴿۱﴾ مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ﴿۲﴾ وَمِنۡ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ﴿۳﴾ وَمِنۡ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الۡعُقَدِ ۙ﴿۴﴾ وَمِنۡ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ﴿۵﴾

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ﴿۱﴾ مَلِکِ النَّاسِ ۙ﴿۲﴾ اِلٰہِ النَّاسِ ۙ﴿۳﴾ مِنۡ شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ ۬ۙ الۡخَنَّاسِ ۪ۙ﴿۴﴾ الَّذِیۡ یُوَسۡوِسُ فِیۡ صُدُوۡرِ النَّاسِ ۙ﴿۵﴾ مِنَ الۡجِنَّۃِ وَالنَّاسِ ﴿۶﴾

---

۱)۔عمدۃ السلوک: حصہ دوم: ۴۰۷۔۴۰۸۔

اور وَإِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْأَنْهٰرُ ؕ وَإِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَآءُ ؕ وَإِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝

پڑھ کر اسی مٹی کے ڈھیلے پر دم کریں، پھر اسے پیس دیں، پھر ہاتھ میں اس مٹی کو لے کر جانور کے نتھنے پر ڈالتے ہوئے سر کی جانب سے دُم تک برابر ڈالتے چلے جایئے، مگر یہ بات ملحوظ رہے کہ یہ مٹی کہیں جانور کی آنکھ میں نہ چلی جائے۔(۱)

جسم کے ہر درد کی دعا

جہاں درد ہو، دایاں ہاتھ رکھ کر تین بار بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھے اور سات بار أَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ وَأُحَاذِرُ پڑھے۔اس کے بعد سورہ فلق اور سورہ ناس پوری پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے، مجرب ہے۔(۲)

اگر کوئی جل گیا ہو

اگر کوئی جل گیا ہو تو اس پر یہ پڑھ کر دم کریں:

أَذْهِبِ الْبَأْسَ، رَبَّ النَّاسِ، وَاشْفِ أَنْتَ الشَّافِيْ، لَا شِفَاءَ إِلَّا شِفَاؤُكَ، شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا ۔(۳)

جنات دور کرنے کے لئے

یَابُدُّوحُ پچیس (۲۵) مربع خانوں میں لکھ کر گھر کی دیواروں اور چھت پر چسپاں کرنے سے جنات دفع ہوتے ہیں۔مریض کے گلے میں بھی باندھیں اور پلاویں بھی، دافع جنات ہے۔(٤)

---

۱)۔خطبات مشاہیر: ج:۴ ص:۴۸۱۔۴۸۲۔

۲)۔سوانح مجاہد ملت حضرت مولانا غلام غوث ہزارویؒ: ص:۱۰۴۔

۳)۔تجلیات غفوری: ص:۱۵۹۔

٤)۔رموز تصوف: حصہ فرمودات: ص:۱۷۴۔۱۷۵۔

جن دفع کرنے کے واسطے

یہ تعویذ لکھ کر گردن میں لٹکائے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ. هٰذَا كِتَابٌ مِنۡ مُّحَمَّدٍ رَّسُوۡلِ اللّٰهِ رَبِّ الۡعَالَمِيۡنَ إِلٰى مَنۡ طَرَقَ الدَّارَ مِنَ الۡعُمَّارِ وَالزُّوَّارِ وَالسَّائِحِيۡنَ، إِلَّا طَارِقًا يَطۡرُقُ بِخَيۡرٍ يَا رَحۡمٰنُ.

أَمَّا بَعۡدُ: فَإِنَّ لَنَا وَلَكُمۡ فِي الۡحَقِّ سَعَةً، فَإِنۡ تَكُ عَاشِقًا مُوۡلِعًا، أَوۡ فَاجِرًا مُقۡتَحِمًا أَوۡ رَاغِبًا حَقًّا أَوۡ مُبۡطِلًا، هَذَا كِتَابُ اللّٰهِ يَنۡطِقُ عَلَيۡنَا وَعَلَيۡكُمۡ بِالۡحَقِّ إِنَّا كُنَّا نَسۡتَنۡسِخُ مَا كُنۡتُمۡ تَعۡمَلُونَ [الجاثية: 29] ، وَرُسُلُنَا يَكۡتُبُوۡنَ مَا تَمۡكُرُوۡنَ، اتۡرُكُوا صَاحِبَ كِتَابِيۡ هَذَا، وَانۡطَلِقُوۡا إِلٰى عَبَدَةِ الۡأَصۡنَامِ، وَإِلٰى مَنۡ يَزۡعُمُ أَنَّ مَعَ اللّٰهِ إِلٰهًا آخَرَ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ كُلُّ شَيۡءٍ هَالِكٌ إِلَّا وَجۡهَهُ لَهُ الۡحُكۡمُ وَإِلَيۡهِ تُرۡجَعُونَ [القصص: 88] تُقَلَّبُوۡنَ، حم لَا تُنۡصَرُوۡنَ، حم عسق [الشورى: 2] ، تُفَرَّقُ أَعۡدَاءَ اللّٰهِ، وَبَلَغَتۡ حُجَّةُ اللّٰهِ، وَلَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ {فَسَيَكۡفِيۡكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيۡعُ الۡعَلِيۡمُ} [البقرة: 137]۔۔۔(۱)

برائے دفع جن وجنون

اگر کسی پر جن وآسیب کا اثر ہو یا دماغ خراب ہوگیا ہوتو اس کو سامنے بٹھا کر اس پر یہ آیتیں پڑھ کر دم کریں، اِن شاء اللہ تعالی مریض آسیب وجن تندرست ہوجائے گا۔(۲)

---

۱)۔مقامات اِرشادیہ وعنایتیہ :ص:۴۲۹۔۴۳۰۔

۲)۔وظیفہ سعدیہ:ص:۱۱۔بحوالہ:سنن ابن ماجہ ومسند احمد۔

أعوذ بالله من الشيطن الرجيم

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ○

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ۙ‏ ﴿۱﴾ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۙ‏ ﴿۲﴾ مٰلِكِ يَوۡمِ الدِّيۡنِ ؕ‏ ﴿۳﴾ اِيَّاكَ نَعۡبُدُ وَاِيَّاكَ نَسۡتَعِيۡنُ ؕ‏ ﴿۴﴾ اِهۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِيۡمَ ۙ‏ ﴿۵﴾ صِرَاطَ الَّذِيۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَيۡهِمۡ ۙ غَيۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَيۡهِمۡ وَلَا الضَّآلِّيۡنَ ﴿۷﴾

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

الٓمّٓ ۚ‏ ﴿۱﴾ ذٰلِكَ الۡكِتٰبُ لَا رَيۡبَ ۛۚ فِيۡهِ ۛۚ هُدًى لِّلۡمُتَّقِيۡنَ ۙ‏ ﴿۲﴾

الَّذِيۡنَ يُؤۡمِنُوۡنَ بِالۡغَيۡبِ وَيُقِيۡمُوۡنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقۡنٰهُمۡ يُنۡفِقُوۡنَ ۙ‏ ﴿۳﴾ وَالَّذِيۡنَ يُؤۡمِنُوۡنَ بِمَآ اُنۡزِلَ اِلَيۡكَ وَمَآ اُنۡزِلَ مِنۡ قَبۡلِكَ ۚ وَبِالۡاٰخِرَةِ هُمۡ يُوۡقِنُوۡنَ ؕ‏ ﴿۴﴾ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنۡ رَّبِّهِمۡ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الۡمُفۡلِحُوۡنَ ﴿۵﴾

وَاِلٰهُكُمۡ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحۡمٰنُ الرَّحِيۡمُ ﴿۱۶۳﴾

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلۡحَىُّ الۡقَيُّوۡمُ ۚ لَا تَاۡخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوۡمٌ ؕ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الۡاَرۡضِ ؕ مَنۡ ذَا الَّذِىۡ يَشۡفَعُ عِنۡدَهٗۤ اِلَّا بِاِذۡنِهٖ ؕ يَعۡلَمُ مَا بَيۡنَ اَيۡدِيۡهِمۡ وَمَا خَلۡفَهُمۡ ۚ وَلَا يُحِيۡطُوۡنَ بِشَىۡءٍ مِّنۡ عِلۡمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرۡسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ ۚ وَلَا يَـُٔوۡدُهٗ حِفۡظُهُمَا ۚ وَهُوَ الۡعَلِىُّ الۡعَظِيۡمُ ﴿۲۵۵﴾

لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الۡاَرۡضِ ؕ وَاِنۡ تُبۡدُوۡا مَا فِىۡۤ اَنۡفُسِكُمۡ اَوۡ تُخۡفُوۡهُ يُحَاسِبۡكُمۡ بِهِ اللّٰهُ ؕ فَيَغۡفِرُ لِمَنۡ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنۡ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرٌ ﴿۲۸۴﴾

اٰمَنَ الرَّسُوۡلُ بِمَآ اُنۡزِلَ اِلَيۡهِ مِنۡ رَّبِّهٖ وَالۡمُؤۡمِنُوۡنَ ؕ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۚ لَا نُفَرِّقُ بَيۡنَ اَحَدٍ مِّنۡ رُّسُلِهٖ ۚ وَقَالُوۡا سَمِعۡنَا وَاَطَعۡنَا ۚ غُفۡرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيۡكَ

الْمَصِيْرُ ﴿۲۸۵﴾
لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ؕ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا
مَا اكْتَسَبَتْ ؕ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا
وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ
رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا وقفة وَاغْفِرْ
لَنَا وقفة وَارْحَمْنَا وقفة اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۸۶﴾
شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا
بِالْقِسْطِ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱۸﴾
اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ
ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۫ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ
حَثِيْثًا ۙ وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍ بِاَمْرِهٖ ؕ اَلَا لَهُ
الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ ؕ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۵۴﴾
اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱۵﴾
فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ
الْكَرِيْمِ ﴿۱۱۶﴾ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ
فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَقُلْ رَّبِّ
اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۱۸﴾
وَّاَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ﴿۳﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ﴿۱﴾ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ﴿۲﴾ فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ﴿۳﴾ اِنَّ
اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ﴿۴﴾ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ
الْمَشَارِقِ ﴿۵﴾ اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ الْكَوَاكِبِ ﴿۶﴾
وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ﴿۷﴾ لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى
وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ﴿۸﴾ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ﴿۹﴾

إِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَأَتْبَعَهُ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ﴿۱۰﴾ فَاسْتَفْتِهِمْ أَهُمْ أَشَدُّ خَلْقًا أَمْ مَّنْ خَلَقْنَا ۚ إِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِينٍ لَّازِبٍ ﴿۱۱﴾

هُوَ اللّٰهُ الَّذِي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيمُ ﴿۲۲﴾

هُوَ اللّٰهُ الَّذِي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ ۚ الْمَلِكُ الْقُدُّوسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ۚ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُونَ ﴿۲۳﴾ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنٰى ۚ يُسَبِّحُ لَهُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿۲۴﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ ﴿۱﴾ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ﴿۲﴾ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُولَدْ ﴿۳﴾ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُ كُفُوًا أَحَدٌ ﴿۴﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ﴿۱﴾ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ﴿۲﴾ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ إِذَا وَقَبَ ﴿۳﴾ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ﴿۴﴾ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ ﴿۵﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ ﴿۱﴾ مَلِكِ النَّاسِ ﴿۲﴾ إِلٰهِ النَّاسِ ﴿۳﴾ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ﴿۴﴾ الَّذِي يُوَسْوِسُ فِي صُدُورِ النَّاسِ ﴿۵﴾ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ﴿۶﴾ ...

جیل سے رہائی کا وظیفہ

قیدیوں کی رہائی کے لئے کثرت سے إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رٰجِعُونَ ﴿۱۵۶﴾۔
کا وظیفہ جاری رکھیں، اللہ پاک اس کی برکت سے آسانیاں فرمادے گا۔

قیدیوں کی رہائی کی نیت سے ان کے ورثا اور متعلقین اور عام مسلمان ہر نماز کے بعد ۴۰ مرتبہ یَامُعِیۡدُ کا ورد جاری رکھیں۔(۱)

جو چاہیں مل جائے

حضرت مرشد عالمؒ کو حضرت لاہوریؒ کا تیر بہدف عطیہ کردہ وظیفہ

حضرت مرشد عالم مولانا غلام حبیبؒ فرمایا کرتے تھے کہ: یہ وظیفہ درحقیقت ایک چیک تھا جو بمنزلہ کیش کے مجھے ملا، اس کی برکت سے جو چاہتا مل جاتا اور حج کے موقع پر لاکھوں روپے راہ خدا میں خرچ فرماتے۔

وظیفہ یہ ہے: ہر نماز کے بعد اول آخر ایک ایک مرتبہ درود شریف اور درمیان میں سات مرتبہ سورہ قریش پڑھیں۔(۲)

چیچک کے مرض کے لئے

جس شخص کو چیچک کی بیماری ہو، اس کے لئے سورۃ الرحمن پڑھیں اور نیلے رنگ کا دھاگہ وغیرہ لے کر ہر فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ پر عقدہ گانٹھ لگاتے جائیں جب سورۃ ختم ہوجائے تو اس دھاگے کو چیچک کی مرض والے کے گلے میں ڈال دیں تو ان شاءاللہ چیچک کا اثر ظاہر نہیں ہوگا، اگر چیچک کے دانے ظاہر ہو بھی جائیں تو ان شاءاللہ ضرر ونقصان نہیں ہوگا۔(۳)

چیچک کے لئے

مونگ کے دانے پر گیارہ بار سورۂ اخلاص اور اول آخر درود شریف ایک، ایک بار دم

---

۱)۔خطبات مشاہیر: ج:۴ ص:۴۸۷۔

۲)۔خزینۃ الاسرار: ج:۱ ص:۵۸۔

۳)۔معمولات مظہریہ: ص:۱۳۴۔

کرکے، ہر چیچک والے کو طاق عدد کھلاتا رہے، مثلاً: ایک، تین، پانچ، اگر مریض بالکل چھوٹا ہے، کہ خود نہیں کھا سکتا تو پیس کر کھلاتا رہے، رحمت ہوگی، اِن شاء اللہ تعالی۔(۱)

چیچک کے لئے

سرخ کپڑے پر درود شریف پڑھے پھر بیچ میں

وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۸﴾

تین دفعہ پڑھ کر تین گرہ لگائیں اور اگر چیچک نکل آئے تو پھر اس آیت مذکورہ کو چاول پر دم کرے، چھوٹے بچوں کو دودھ میں بھگو کر پلائیں اور بڑے تین دانے کھائیں مفید و مجرب ہے۔(۲)

چیچک

کا **عمل** یہ ہے کہ سات چاول ثابت لے کر ہر ایک چاول پر سات مرتبہ سورۂ کوثر پڑھے اور اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے اور چاول بچہ کو کھلائے۔(۳)

چیونٹیاں بھگانے کا عمل

مٹی پر یہ آیت: يٰۤاَيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا مَسٰكِنَكُمْ ۚ لَا يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمٰنُ وَجُنُوْدُهٗ ۙ وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۸﴾ ۔پڑھ کر دم کریں۔ اور اسے مٹی کو چیونٹیوں کے راستے پر بکھیر دیں۔ اللہ پاک اپنے کرم سے ان کی اذیت سے محفوظ فرمادے گا۔(۴)

---

۱)۔معارف بہلوی: کتاب الادعیہ: فصل سوم: ج: ۴ ص: ۴۰۵۔

۲)۔ترجمان شریعت وطریقت: مخصوص دعائیں ص: ۲۳۴۔۲۳۵۔

۳)۔مقامات اِرشادیہ وعنایتیہ: ص: ۴۳۱۔

۴)۔خطبات مشاہیر: ج: ۴ ص: ۴۹۹۔

ہر حاجت کے لئے وظیفہ

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنۡتَ سُبۡحٰنَكَ ۖ اِنِّیۡ كُنۡتُ مِنَ الظّٰلِمِیۡنَ ﴿۸۷﴾

روزانہ ۱۴۰ مرتبہ

یا

اسماء الحسنیٰ

روزانہ صبح وشام ایک مرتبہ

اور ہر اسم کے ساتھ جَلَّ جَلَالُہٗ پڑھے۔

یا

سورۃ الاخلاص گیارہ مرتبہ، اور ہر بار اللہ الصمد پر جب پہنچے تو اسے سو(۱۰۰) مرتبہ پڑھ کر سورت مکمل کریں۔(۱)

حاجت پوری ہونے کے واسطے

یہ دعا ایک ہزار دوسو بار، بار دن تک تک پڑھے۔ اللہ تعالی پوری کردے گا۔

یَابَدِیۡعَ الۡعَجَائِبِ بِالۡخَیۡرِ یَابَدِیۡعُ ...(۲)

حاجت پوری ہونے اور غائب کو حاضر کرنے اور شفائے مریض کے لئے

سورۂ فاتحہ اکتالیس مرتبہ سنت اور فرض فجر کے درمیان پڑھے۔(۳)

حاجت روائی کے لئے

شب وروز میں باوضو ہوکر پانچ سو مرتبہ درود شریف کا ورد رکھیں۔

---

۱)۔انوار شمسیہ: ص: ۸۷۔۸۸۔

۲)۔مقامات ارشادیہ وعنایتیہ: ص: ۴۳۴۔

۳)۔مقامات ارشادیہ وعنایتیہ: ص: ۴۳۲۔

عصر کی نماز کے بعد اور صبح صادق سے پہلے نہایت عاجزی سے سو(۱۰۰)مرتبہ استغفار پڑھیں۔امید قوی ہے اِن شاءاللہ یہ ورد آپ کی حاجت روائی میں مفید ہوگا۔(۱)

ہر طرح کی حاجت کے لئے

ہر قسم کی حاجات ومشکلات کے واسطے پانچ سو مرتبہ یہ دعا پڑھے:

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝۸۷

اول وآخر ایک سو مرتبہ درود شریف(۲)

حاجات پوری ہونے کے واسطے

سورہ یٰس کا اس طور سے پڑھنا بہت مفید ہے کہ اول تین بار درود شریف پڑھ کر لفظ یٰس تین بار پڑھے اور ہر ایک مبین کے بعد

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝۱ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝۲ مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۝۳ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ۝۴

تک پڑھے اور انگشت شہادت کھڑی کر کے کلمات اذان کہے اور جب

ذٰلِكَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ ۝۳۸

تو یہی آیت سات بار پڑھے۔ اور یَاقَدِیْرُ یَاعَزِیْزُ یَاعَلِیْمُ سات سات دفعہ پڑھے۔اور جب

سَلٰمٌ ۣ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ۝۵۸

پر پہنچے تو یہی آیت سات بار پڑھ کر یاسلام یارب یارحیم۔سات سات بار پڑھے اور جب ''مِثْلَهُمْ'' پر پہنچے تو اس کلمہ کو تین بار پڑھے، پھر سورۂ فاتحہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝۱ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝۲ مٰلِكِ یَوْمِ

---

۱)۔تحفہ زاہدیہ:حصہ اول:مکتوب:۱۴۱۔ص:۹۵۔

۲)۔ترجمان شریعت وطریقت:مخصوص دعائیں ص:۲۳۴۔

الدِّيْنِ ﴿٣﴾ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ﴿٤﴾

تک پڑھ کر انگشت شہادت کے اشارہ سے کلمات اذان کہے اور سورۂ فاتحہ تمام کر کے ایک سو بار درود شریف اور ایک سو بار لاحول ولاقوۃ إلا باللہ اور ایک سو بار، یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ۔ اور ایک سو بار لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ﴿٨٧﴾۔ پڑھ کر تین بار درود شریف پڑھے اور اس کا ثواب جناب امام ربانیؒ کی روح پر فتوح کو ہدیہ کر کے اپنی حاجت پوری ہونے کی دعا اس سورۃ کے وسیلے سے جناب باری میں کرے۔ اگر درمیان میں کام ہو جائے تو بہتر ورنہ چالیس روز تک پڑھے۔(۱)

انجاح حاجت

تمام مشکلات کے حل کے لئے اسم یَالَطِیْفُ بعد نماز عشا گیارہ سو گیارہ مرتبہ پڑھے، اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھے اور پھر دعا کرے۔(۲)

حاجت روائی کے لئے

آیت کریمہ بھی تریاق مجرب ہے، اور اس کے دو طریقے ہیں:

آیت کریمہ: لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ﴿٨٧﴾

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّیْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَکَذٰلِكَ نُـْۨجِی الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿٨٨﴾

پہلا طریقہ: آیت کریمہ کو سوا لاکھ مرتبہ اجتماعی حالت میں ایک مجلس میں پڑھا جائے، اور پھر دعا کی جائے۔

دوسرا طریقہ: ایک شخص اس آیت کو تن تنہا تین سو بار بعد نماز عشا کے تاریک

---

۱)۔ مقامات ارشادیہ وعنایتیہ: ص: ۴۲۸۔ ۴۲۹۔

۲)۔ عمدۃ السلوک: حصہ دوم: ۴۰۶۔

(اندھیرے) مکان میں بیٹھ کر شرائط طہارت اور استقبال قبلہ کے ساتھ پڑھے اور پیالہ پانی کا بھر کر پاس رکھ لے اور لحہ لحہ اس پانی میں اپنا ہاتھ ڈال کر بدن اور منہ پر پھیرتا رہے تین روز یا سات روز یا چالیس روز تک اسی ترتیب سے پڑھے۔(۱)

قضائے حاجات کے لئے

یہ **عمل** بہت مجرب ہے۔ سورہ فاتحہ سات بار اور یہ درود شریف دوسو (۲۰۰) مرتبہ:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَآلِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

اور یَاخَفِیَّ اللُّطْفِ أَدْرِكْنِیْ بِلُطْفِكَ الْخَفِیِّ

پانچ سو بار

سورۃ الفاتحہ سات بار

اور درود مذکورہ دوسو بار اور یَاقَاضِیَ الْحَاجَاتِ دوسو (۲۰۰) بار پڑھے۔ اور اپنی حاجت گڑگڑا کر خداوند تعالیٰ سے مانگے، بہت جلد حاجت برآئے گی۔(۲)

عمل سیف قاطع برائے حاجت برآری

اس **عمل** پر بزرگان دین کا قیام ہے اور تاثیر میں سیف قاطع ہے اس کی ترکیب یہ ہے کہ: شب جمعہ (جمعرات کے دن کے بعد والی رات) عشا کی نماز کے بعد خلوت (تنہائی) میں دو رکعت نماز پڑھے، اس حاجت کی نیت سے جو چاہتا ہے۔

پہلی رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد سورہ انعام جو کہ ساتویں پارہ میں ہے اول سے آخر تک پڑھے، پھر دوبارہ از سرنو شروع کرے اور اس آیت تک پڑھے:

وَ كُنْتُمْ عَنْ اٰيٰتِهٖ تَسْتَكْبِرُوْنَ۝۹۳

اور رکوع میں جائے پھر دوسری رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد

---

۱)۔تذکرہ علماء حق: عملیات خاندان ولی اللہی: ص:۵۲۲۔

۲)۔تذکرہ علماء حق: عملیات خاندان ولی اللہی: ص:۵۲۴۔

وَلَقَدْ جِئْتُمُوْنَا فُرَادٰی سے آخر سورت تک پڑھ کر رکوع کرے۔
پھر نماز ختم کرنے کے بعد ہزار بار درود شریف پڑھے:
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ وَسَلِّمْ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی
اس کے بعد دعا مانگے اور گڑگڑا کر اپنی حاجت (خدا سے) مانگے اِن شاء اللہ العزیز قبول ہوگی، یہ عمل مجرب ہے خواہ آپ کرے یا دوسرے سے کرائے۔(۱)

قوت حافظہ کے لئے

سر پر دایاں ہاتھ رکھ کر ایک ہی سانس میں یَاقَوِیُّ، گیارہ مرتبہ پڑھیں۔(۲)

قوت حافظہ کے لئے

قوت حافظہ کے جہاں اور بہت سے اسباب ہیں ان میں سے اہم سبب اپنے اساتذہ کے لئے دعا کرنا بھی ہے جتنا بھی اس کا اہتمام کیا جائے گا قوت حافظہ میں اسی قدر اِضافہ ہوتا رہے گا۔(۳)

قوت حافظہ کے لئے

مرشد عالم حضرت مولانا غلام حبیب صاحب قدس اللہ سرہ فرمایا کرتے تھے کہ: کثرت ذکر اللہ کی وجہ سے حافظہ قوی ہوجاتا ہے۔(٤)

---

۱)۔تذکرہ علماء حق: عملیات خاندان ولی اللہی: ص:۵۲۴۔۵۲۵۔
۲)۔انوار شمسیہ: ص:۸۹۔
۳)۔خطبات مشاہیر: ج:۴ ص:۱۹۱۔
٤)۔خزینۃ الاسرار: ج:۱ ص:۵۵۔

قوت حافظہ کے لئے

نمازعشاء سے قبل یابعد، گیارہ دفعہ سورہ کوثر پڑھا کریں۔(۱)

حب اور تسخیر کے واسطے

سات کاف حب اور تسخیر کے واسطے اکیس (۲۱) بار پڑھے۔اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود شریف بھی:

اَللّٰہُ الْکَافِیْ وَقَصَدْ تُّ الْکَافِیْ وَوَجَدْتُّ الْکَافِیْ وَ کَفَانِیْ الْکَافِیْ وَنِعْمَ الْکَافِیْ وَھُوَ الْکَافِیْ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ۔۔۔(۲)

غائبانہ حصار اعظم

اول آخر ایک ایک مرتبہ درود ابراہیمی، چاروں قل،اورسورہ فاتحہ اورآیت الکرسی ایک ایک مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر حصار کیا جائے،اوراس طرح ہزاروں میل دور جس چیز کو چاہیں اس طرف دم کر کے حصار کریں،ان شاءاللہ اگر انسان ہے تو بھی حصار ومحفوظ رہے گا اگر گاڑی وغیرہ ہے تو بھی محفوظ و مامون رہے گی۔(۳)

خشک حمل کے لئے

جس عورت کا حمل خشک ہوگیا ہو،اس کے لئے یہ تعویذ چینی کے برتن میں لکھے، چالیس روز بلاناغہ اس کو یہ تعویذ پلائے،بفضلہٖ تعالیٰ حمل نموحاصل کر کے ظاہر ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ سُبْحٰنَ الَّذِیْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ کُلَّھَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِھِمْ وَمِمَّا لَا یَعْلَمُوْنَ۝۳۶ وَصَلَّ

---

۱)۔فتاوی فریدیہ: کتاب الطب والرقیۃ والتعویذ: ج:۱ص:۴۱۱۔

۲)۔مقامات ارشادیہ وعنایتیہ:ص:۴۳۸۔

۳)۔خزینۃ الاسرار:ج:۱ص:۵۷۔۵۸۔

اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ أَجْمَعِیْنَ ۔(۱)

حمل گر جانا

ایک تاگا کسم کا رنگا ہوا عورت کے قد کے برابر اس میں نو (۹) گرہ لگائے اور ہر گرہ پر یہ آیت پڑھ کر پھونکے اِن شاءاللہ تعالیٰ حمل نہ گرے گا اور اگر کسی وقت تاگا نہ ملے تو کاغذ پر لکھ کر پیٹ پر باندھیں، آیت یہ ہے:

وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰہِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَیْھِمْ وَلَا تَكُ فِیْ ضَیْقٍ مِّمَّا یَمْكُرُوْنَ ﴿۱۲۷﴾ اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِیْنَ ھُمْ مُّحْسِنُوْنَ ﴿۱۲۸﴾ ۔(۲)

گنڈہ برائے حفاظت حمل

گیارہ تار نیلا یا سیاہ سوت ڈیڑھ گز لمبا لے کر سورہ یسین پوری پڑھیں اور ہر مبین پر ایک گرہ لگا کر دم کریں، پھر اس کو حاملہ کے پیٹ پر باندھ دیں (کل سات گرہ ہوں گی) حمل اسقاط سے محفوظ رہے گا۔ اِن شاءاللہ تعالیٰ۔(۳)

مجرب المجرب عمل برائے استقرار حمل

نو(۹) دانے یعنی نو عدد چھوہارے لئے جائیں، سب سے پہلے تین عدد ہاتھ میں لے کر اول آخر پانچ پانچ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر پھر اصحاب کہف کا نام پانچ مرتبہ لیا جائے، پانچ پانچ مرتبہ پڑھنے کے بعد ان تین دانے چھوہاروں کے اوپر دم کیا جائے اسی طرح سے تین دانے چھوہارے کو تین رات تک مسلسل کھایا جائے، وہ اس طرح سے کہ پہلی رات کو ایک چھوہارے کو آدھا آدھا کھایا جائے، میاں بیوی آدھا آدھا کھا کر پھر حقوق

---

۱)۔عمدۃ السلوک:ص:۳۸۸۔

۲)۔عمدۃ السلوک: حصہ دوم:ص:۳۹۷۔

۳)۔عمدۃ السلوک: حصہ دوم:ص:۴۰۹۔

زوجیت ادا کریں۔غرضیکہ اسی طرح دوسری رات اوراسی طرح تیسری رات میں اس طرح کریں، پھرمہینہ کوپورا ہونے دیاجائے،اگراستقرارحمل ہواتوبقیہ چھوہاروں کے استعمال کی ضرورت نہیں اوراگراستقرارحمل نہ ہوتو پھردوسرے مہینہ میں اسی طرح ابتدائی تاریخ میں ماقبل جیسا کرے،اگرخدانخواستہ دوسری مرتبہ بھی استقرارحمل نہ ہواتوتیسری مرتبہ بھی بقیہ چھوہارے دم شدہ کھالیں،اِن شاءاللہ تعالی استقرارحمل ضرور ہوگا،غرضیکہ نوعدد چھوہاروں کا استعمال صرف تین مہینے کا کورس ہے۔

اصحاب کہف کے اسماءملاحظہ ہوں:

۱)یَمۡلِیۡخَا ۲)مَکۡسَلۡمِیۡنَا ۳) کَشۡفُوۡطَطۡ ۴)میلسنا مردوش

۵)دبرونش ۶)شادنوش ۷)مرطونس

۸)اسم کلبھم قطمیر۔۔۔(۱)

حمل محفوظ رہے

پیٹ میں بچہ محفوظ رہنے کے واسطے یہ عمل ہے کہ عورت کے قد کے برابر اکتالیس تارکسم کے رنگے ہوئے لےکرآیت

وَاصۡبِرۡ وَمَا صَبۡرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحۡزَنۡ عَلَيۡهِمۡ وَلَا تَكُ فِىۡ ضَيۡقٍ مِّمَّا يَمۡكُرُوۡنَ ﴿۱۲۷﴾ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيۡنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيۡنَ هُمۡ مُّحۡسِنُوۡنَ ﴿۱۲۸﴾

تک،سات مرتبہ پڑھے اور ہربارایک گرہ لگاکراس پرپھونکاجائے،پھرعورت کی کمر سے باندھ دے۔(۲)

---

۱)۔خزینۃ الاسرار:ج:ا ص:۵۶۔

۲)۔مقامات اِرشادیہ وعنایتیہ:ص:۴۳۵۔

حفاظت حمل کے لئے

فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا ۖ وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ۝ کو تین بار لکھ کر آخر میں:
وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ لکھ کر تعویذ بنا دے، عورت کمر میں باندھ لے، اور یا اللہ یا حفیظ کے چند تعویذ بھی لکھ دے، حاملہ خاتون ایک تعویذ صبح اور ایک شام چند دن پیتی رہے، رحمت ہو جائے گی، اِن شاءاللہ تعالی۔(١)

پورے ہفتے حفاظت سے رہنے کا عمل

جو آدمی نماز جمعہ کے بعد آخری تینوں قل سات سات بار پڑھ لے تو یہ آدمی دوسرے جمعہ تک ہر قسم کی تکلیف دہ چیزوں سے مامون رہے گا۔(٢)

پورے مہینہ حفظ وامان میں رہنے کے لئے

اگر سورۃ الملک کو کوئی نیا چاند دیکھتے وقت پڑھ لے تو وہ پورے مہینہ تمام بلاؤں اور مصیبتوں سے محفوظ رہے گا۔(٣)

حاکم وآقا سے مامون رہنے کے لئے

تین بار يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ اور شروع وآخر میں ایک بار درود پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر پھونکو اور (دونوں ہاتھ) اپنے چہرے پر پھیر لو پھر سامنے جاؤ۔(٤)

حاملہ ہونے اور نرینہ اولاد جننے کے لئے تعویذ

اسم يَا مُبْدِئُ کو نو (٩) ٹکڑے کاغذ پر لکھیں جس وقت عورت حیض سے فارغ ہو، اول

---

١)۔معارف بہلوی: کتاب الادعیہ: فصل سوم: ج:٤ ص:٤٠٤۔
٢)۔مجالس غور غشتوی: ص:٨٦۔
٣)۔مجالس غور غشتوی: ص:١٣٠۔
٤)۔مکتوبات مرزا مظہر جان جاناں شہیدؒ ص:١٧٩۔

مہینے میں تین رات مجامعت کریں اور صبح کو ہر روز ایک تعویذ پئیں۔اس ترکیب سے تین ماہ میں یہ نو عدد تعویذ نوش کریں اور اس آیت شریفہ کو لکھ کر عورت کو دیں کہ وہ گلے میں اس طرح لٹکائے کہ وہ تعویذ آیت شریفہ کا دو انگشت زیر ناف آویزاں رہے، ان شاء اللہ تعالیٰ عورت حاملہ ہو کر فرزند نرینہ جنے گی۔وہ آیت شریفہ یہ ہے:

اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ؕ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ۝ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ ۝ يٰزَكَرِيَّآ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمِ اسْمُهٗ يَحْيٰى لا لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِيًّا ۝ بحق مریم وعیسی ابنا صالحا طویل العمر بحق محمد وآلہ صلی اللہ تعالی علیهم وسلم (۱)

دفع خارش، پھلبھری اور چنبل

سورۃ الفاتحہ ایک بار۔اور اَمْ اَبْرَمُوْٓا اَمْرًا فَاِنَّا مُبْرِمُوْنَ۔ گیارہ مرتبہ۔(۲)

وظیفہ برائے دفع خانگی اختلافات

عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ؕ۔

۱۴۱ بار، ۱۴۱ دن تک۔(۳)

خاوند کا ناراض یا بے پرواہ رہنا

بعد نماز عشا کے گیارہ دانے سیاہ مرچ کے لے کر اول آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف اور درمیان میں گیارہ تسبیح يَا لَطِيْفُ يَا وَدُوْدُ کی پڑھیں، اور خاوند کے مہربان ہونے کا خیال رکھیں، جب سب پڑھ چکیں تو ان مرچوں پر دم کر کے تیز آگ میں ڈال دیں، اور اللہ تعالیٰ

---

۱)۔عمدۃ السلوک: حصہ دوم: ص: ۴۳۴۔

۲)۔انوار شمسیہ: ص: ۹۶۔

۳)۔انوار شمسیہ: ص: ۱۰۲۔

سے دعا کریں اِن شاءاللہ تعالیٰ خاوند مہربان ہوگا اور کم سے کم چالیس روز کریں۔(۱)

خسرہ سے بچاؤ کے لئے

جب خسرہ کی بیماری ظاہر ہو تو نیلا دھاگہ لیجئے اور سورہ رحمن پڑھئے جب بھی فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ پر پہنچیں، تو ایک گرہ لگادیں اور اس گرہ میں پھونک ماریں۔ یہ دھاگہ بچے کی گردن میں لٹکادیں۔ اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے وہ اس مرض سے محفوظ رہے گا۔(۲)

خط یا قاصد آنے سے پہلے یہ دعا پڑھے

جب کوئی خط یا قاصد آئے تو پہلے یہ دعا پڑھ لے، عافیت سے رہے گا:

أَعُوْذُبِكَ اللّٰهُمَّ مِنْ طَارِقٍ لَايَطْرُقُنَا إِلَّا بِخَيْرٍ

ترجمہ: اے اللہ! ہر آنے والے کے شر سے، تیری پناہ لیتا ہوں جب آئے، اگر آئے تو خیر کو لائے۔(۳)

خنازیر کے خاتمہ کے لئے

روزانہ ہر نماز کے ساتھ (بعد) درود شریف پڑھ کر ہاتھ پر دم کریں اور اپنے گلے پر پھیر لیا کریں۔ اِن شاءاللہ تعالیٰ آرام ہو جائے گا۔(٤)

خنازیر یعنی کنٹھ مالا کے واسطے

پکائے ہوئے چمڑے کا تسمہ بیمار کے قد کے برابر لے اور اکتالیس گرہ لگائے اور ہر ایک گرہ کے وقت یہ پڑھے اور پھونکے:

---

۱)۔عمدۃ السلوک: حصہ دوم: ص: ۴۰۰۔

۲)۔تحفہ زواریہ: مکتوب نمبر: ۱۰۴۔ص: ۱۴۹۔

۳)۔معارف بہلوی: کتاب الادعیہ: فصل اول: ج: ۴ ص: ۳۸۳۔

٤)۔فیوضات حسنیہ: ص: ۲۱۵۔

بسم الله الرحمن الرحیم أعوذبعزة الله وقوة الله وعظمة الله وبرهان الله وسلطان الله و كنف الله وجوار الله وأمان الله وحرزالله وصنع الله و كبريآءالله ونظرالله وبهآءالله وجلال الله و كمال الله لاإله إلاالله محمدرسول الله من شر ماأجد۔

پھر مریض کی گردن میں لٹکائے۔(۱)

اگر کسی کو بادشاہ یا کسی بااقتدار کا خوف ہو

کسی کو بادشاہ سے خوف ہو تو یہ **عمل** پڑھے **کھیعص کُفِیْتُ**، اور ہر ایک حرف کے ساتھ اپنے داہنے ہاتھ کی ایک انگلی بند کرتا جائے اور اسی طرح **حم عسق حُمِیْتُ** پڑھے اور بائیں ہاتھ کی ایک ایک انگلی ایک ایک حرف کے ساتھ بند کرتا جائے، پھر دونوں ہاتھوں کو اس کے روبرو کھولے۔(۲)

دعائے برائے خوف

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب کسی قوم کو خطرہ پیدا ہو، تو یہ دعا پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِنَا، وَآمِنْ رَوْعَاتِنَا اَللّٰھُمَّ إِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِھِمْ، وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ۔(۳)

برائے دفع خوف وحزن

ہر فرض نماز کے بعد سر پر دایاں ہاتھ رکھ کر: بِسْمِ اللهِ الَّذِيْ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ، اَللّٰھُمَّ أَذْھِبْ عَنِّي الْھَمَّ وَالْحَزَنَ۔ ایک مرتبہ

---

۱)۔مقامات ارشادیہ وعنایتیہ: ص:۴۳۷۔

۲)۔مقامات ارشادیہ وعنایتیہ: ص:۴۳۲۔

۳)۔ترجمان شریعت وطریقت: مخصوص دعائیں ص:۲۳۵۔

پھراس کے بعد: حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ---- گیارہ مرتبہ ایک ہی سانس میں پڑھے اور آخر میں صرف ایک مرتبہ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ پڑھے۔(۱)

خیالات فاسدہ اوران کی دوری کے لئے وظیفہ

خیالات فاسدہ اگر غیر اختیاری ہیں تو ان کا علاج یہ ہے کہ:

أَعُوْذُبِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ وَمِنْ شَرِّنَفْسِيْ وَمِنْ شَرِّ فَرْجِيْ وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ إِلَّابِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔

روزانہ کم از کم ستر (۷۰) دفعہ پڑھا کریں۔(۲)

برے خیال اور وسوسے سے بچنے کانسخہ

حضرت ابوالحسن شاذلی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: جب کوئی وسوسہ یا براخیال دل سے نہ مٹے، تو اپنے بائیں پستان کے نیچے ہاتھ رکھ کر یہ آیت اکتالیس مرتبہ روزانہ پڑھتا رہے، وہ خیال اور وسوسہ دور ہو جائے گا، یہ بڑی اہم چیز ہے:

فَيَنْسَخُ اللّٰهُ مَا يُلْقِي الشَّيْطٰنُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۵۲﴾

ترجمہ: پس دور کرتا ہے اللہ جو کچھ ڈالا ہے شیطان نے، پھر محکم و مضبوط کرتا ہے اپنی نشانیوں کو، اور اللہ تعالی جاننے والا اور حکمت والا ہے۔(۳)

خیر و برکت اور اِصلاح احوال کا وظیفہ

قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ ۚ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۷۳﴾

---

۱)۔انوار شمسیہ: ص:۸۸۔۸۹۔

۲)۔فتاوی فریدیہ: کتاب الطب والرقیۃ والتعویذ: ج:۱ص:۴۰۶۔۴۰۷۔

۳)۔معارف بہلوی: کتاب الادعیہ: فصل اول: ج:۴ص:۳۹۲۔

ہر نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھا جائے۔(۱)

خیر و برکت حاصل کرنے کے لئے

دینی معاملات اور کشایش و فراخی رزق کے لئے ہزار بار بلا ناغہ رات دن میں پڑھیں ،بہت مفید اور نہایت مجرب ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ أَفْضَلِ صَلَوَاتِکَ بِعَدَدِ مَعْلُوْمَاتِکَ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ عَلَیْہِ۔(۲)

ہر قسم کے درد کے لئے خواہ کہیں ہو

یہ آیت مع بسم اللہ تین مرتبہ پڑھ کر دم کریں، یا کسی تیل وغیرہ پر پڑھ کر مالش کریں یا باوضو لکھ کر باندھیں:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰہُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ط وَمَآ اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِیْرًا ﴿۱۰۵﴾۔۔۔(۳)

ہر قسم کے درد کے لئے

لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۸۷﴾۔ ۴۱ مرتبہ۔

ہر نماز کے بعد پڑھنا اور اگر فرصت نہ ہو تو عشا کے بعد پڑھ کر درد کی جگہ پر دم کرنا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ (تین مرتبہ) پڑھ کر

أَعُوْذُ بِعِزَّۃِ اللّٰہِ وَقُدْرَتِہٖ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ وَأُحَاذِرُ۔

سات مرتبہ پڑھ کر درد کی جگہ پر اپنا دایاں ہاتھ رکھ کر مذکورہ الفاظ کو اپنے بائیں ہاتھ سے شمار کریں درد کی جگہ پر کوئی کپڑا وغیرہ نہیں ہونا چاہئے، اور درد کی جگہ کو دم کرتے وقت پھونک کے ساتھ تھوک بھی شامل کریں، اگر درد والی جگہ پردہ کی جیسے گھٹنا وغیرہ ہو تو پھر کوئی

---

۱)۔خطبات مشاہیر: ج: ۴ ص: ۴۹۳۔

۲)۔عمدۃ السلوک: ص: ۳۹۱۔

۳)۔عمدۃ السلوک: حصہ دوم: ص: ۳۹۴۔

رومال وغیرہ ڈال کر چھپائیں اور رومال کے نیچے اپنا ہاتھ رکھ کر خود دم کریں۔
نوٹ: بشرطیکہ فتنہ نہ ہو، اگر فتنے کا خوف ہو تو ہاتھ رکھے بغیر دم کرے۔(۱)

دردسر کے واسطے

یَابَاسِطُ لکھے دفع ہو جائے گا۔(۲)

دردزہ کے وقت

یہ آیت وَاَلْقَتْ مَا فِیْهَا وَ تَخَلَّتْ ﴿۴﴾ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ﴿۵﴾
۔۔إهيا أشراهيا۔
کاغذ پر لکھے اور پاک کپڑے میں سی کر عورت کی بائیں ران پر باندھے، آسانی سے بچہ پیدا ہو جائے گا۔ اِن شاء اللہ تعالیٰ۔(۳)

دردزہ کی آسانی کے لئے

جب تھوڑا تھوڑا درد شروع ہو تو "یَاوَاسِعُ" سات مرتبہ لکھ دیں، ایک، ایک، دو، دو گھنٹے کے بعد خاتون پیتی رہے، اور سخت درد کے وقت یہ تعویذ لکھ دے، جلدی آسانی ہو گی:

مرجا شد وخر مرا نیز جاشد
زن دہقان بزاید یا نہ زاید

اس شعر کو تعویذ بنا کر دے، جو ران کی جڑ میں باندھ دیں، آسانی سے اور جلد ولادت

---

۱)۔انوارشمسیہ:ص:۹۰۔

۲)۔مقامات اِرشادیہ وعنایتیہ:ص:۴۳۲۔

۳)۔مقامات اِرشادیہ وعنایتیہ:ص:۴۳۵۔

ہوگی۔(۱)

ہر درد سے شفا کا تعویذ

اس آیت شریفہ کو تین روز متواتر کاغذ پر لکھ کر پانی میں حل کر کے اس پانی کو پلائیں اور درد کی جگہ مالش کریں، اِن شاء اللہ تعالی مفید ہوگا

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ۭ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ؀۲۱

يَاشَافِيْ يَاشَافِيْ يَاشَافِيْ ۔۔(۲)

درود تنجینا

مصائب و پریشانی میں ۳۱۳ بار پڑھیں۔مجرب ہے۔(۳)

درود شریف کے فضائل

۱)درود شفا

يَاسَلَامُ سوبار

يَاشَافِيْ سوبار

---

۱)۔معارف بہلوی: کتاب الادعیہ: فصل سوم: ج: ۴ ص: ۴۰۳۔۴۰۴۔

یہ شعر ہمارے استاد حضرت مولانا عبدالحی زید مجدہ نے اس طرح بتایا تھا:

خرم جا شد مرم جا شد

زن دہقاں را بچہ زاید یا نہ زاید

اور پوری کلاس کو اس شعر کی اجازت دی تھی کہ حاملہ عورت کو جب دردزہ شروع ہو تو گڑ پر سات بار یہ شعر پڑھ کر پھونکیں اور حاملہ کو کھلا دیں۔ بہت سے ساتھیوں نے اس کا تجربہ کیا اور اسے مجرب بتایا ہے۔

۲)۔عمدۃ السلوک: حصہ دوم: ص: ۴۳۴۔

۳)۔ہمارے باباجی: حضرت مولانا خواجہ خان محمدؒ: ص: ۲۴۴۔

یَاحَیُّ سوبار

پڑھ کر جو شخص تین بار پڑھے گا، اللہ تعالی اس کو بیماریوں سے محفوظ رکھے گا۔ بحالت مرض تین سو تیرہ (۳۱۳) بار یومیہ اگر پڑھے گا تو اللہ تعالی اس بیماری سے شفادے گا۔

درود شفایہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَاوَمَوْلَانَامُحَمَّدٍطِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِھَا وَعَافِیَةِ الْاَبْدَانِ وَشِفَائِھَا وَنُوْرِالْاَبْصَارِ وَضِیَائِھَا وَ کَشْفِ الْاَحْزَانِ وَجِلَائِھَا وَعَلٰی آلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ۔۔۔(۱)

۲) جو شخص نماز فجر پڑھ کر کسی سے بات کرنے سے پہلے سوبار درود شریف پڑھے، اللہ تعالی اس کی تیس حاجتیں دنیوی اور ستر حاجتیں اخروی یعنی سو حاجتیں پوری فرمائے گا۔ مغرب کی نماز کے بعد پڑھنے کا بھی یہی فائدہ ہے۔(۲)

۳) یہ درود شریف یومیہ ہزار بار پڑھنا امور دنیا وآخرت میں برکت اور فراخی معاش وترقی رزق کے لئے نہایت مفید ومجرب ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَامُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَامُحَمَّدٍاَفْضَلِ صَلَوَاتِكَ بِعَدَدِمَعْلُوْمَاتِكَ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔(۳)

درود خمسہ کی اجازت اور سند

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَاوَمَوْلَانَامُحَمَّدٍعَدَدَمَنْ صَلّٰی عَلَیْہِ
وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَاوَمَوْلَانَامُحَمَّدٍعَدَدَمَنْ لَّمْ یُصَلِّ عَلَیْہِ

---

۱)۔ وظیفہ سعدیہ: ص:۱۹۔۲۰۔

۲)۔ وظیفہ سعدیہ: ص:۲۰۔ بحوالہ: القول البدیع۔

۳)۔ وظیفہ سعدیہ: ص:۲۰۔ بحوالہ فوائد عثمانی۔

وَ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَاوَمَوْلَانَامُحَمَّدٍ کَمَاتُحِبُّ وَتَرْضٰی أَنْ تُصَلِّی عَلَیْہِ

وصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَاوَمَوْلَانَامُحَمَّدٍ کَمَایَنْبَغِی الصَّلَاۃُعَلَیْہِ

و صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَاوَمَوْلَانَامُحَمَّدٍ کَمَاأَمَرْتَنَا بِالصَّلَاۃِ عَلَیْہِ۔

اس درود شریف کو صبح وشام گیارہ گیارہ بار پابندی سے پڑھنا چاہئے۔

اس درود شریف کو قطب الواصلین حضرت فرید الدین شکر گنج رحمۃ اللہ علیہ اپنے متوسلین اور متعلقین کو اس کی تلقین فرمایا کرتے تھے۔

شیخ الحدیث حضرت مولانا نصیر الدین غورغشتوی قدس اللہ سرہ نے فرمایا کہ: ہمیں اس درود شریف کی اِجازت اپنے استاد محدث کبیر حضرت مولانا قاضی قمر الدین صاحب چکڑالوی رحمۃ اللہ علیہ نے عنایت فرمائی تھی اور فرمایا کہ: ہمیں اس درود کی اِجازت اپنے استاد الحدیث شیخ المشائخ محدث وقت حضرت مولانا احمد علی سہارن پوری رحمۃ اللہ علیہ سے حاصل ہوئی تھی۔(۱)

دشمنوں کو دور کرنے کے لئے

بہ تصور دفع عدو ۱۳۳ بار اَللّٰھُمَّ إِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ، وَنَعُوْذُ بِكَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ پڑھا کرو۔ اور سوتے وقت سورہ لایلاف سات بار۔(۲)

دشمن کے شر سے بچنے کے لئے

سورۃ القریش بسم اللہ کے ساتھ ہر روز ایک سو(۱۰۰) دفعہ پڑھو۔ شروع اور آخر میں

---

۱)۔مجالس غورغشتوی: ص:۱۲۶۔

۲)۔مکتوبات افغانی: مکتوب نمبر:۶۶۔ص:۱۳۳۔۱۳۴۔

پانچ بار درود پڑھو تا کہ دشمن کے شر سے محفوظ رہو۔(۱)

دشمنوں کے شر سے بچنے کے لئے

دشمنوں کے شر کو دور کرنے کے لئے سورۃ القریش۔ ہر روز ایک سو(۱۰۰) مرتبہ پڑھ لیا کریں۔ امید ہے کہ کافی المہمات آپ کے لئے کافی وشافی ہوگا۔(۲)

دشمنوں سے حفاظت کے لئے

بعد نماز فجر و مغرب یہ اسماسات دفعہ پڑھیں: اَللّٰہُ حَافِظُنَا، اَللّٰہُ نَاصِرُنَا، اَللّٰہُ نَاظِرُنَا، اَللّٰہُ مَعَنَا۔

یہ برائے دفع دشمن اکسیر ہے۔(۳)

دشمن سے حفاظت کے لئے

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ، وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ

روزانہ، ایک سو ایک مرتبہ۔ اول و آخر درود شریف تین مرتبہ۔

نوٹ: شدید حالات میں ظالموں کے ظلم سے نجات کے لئے اس کے ساتھ سورۃ الفیل تین سو تیرہ مرتبہ ایک ہی مجلس میں انفرادی یا اجتماعی طور پر پڑھ کر دعا کریں، اور اس کے ساتھ ہر روز حزب النصر کا بھی اہتمام کریں۔(۴)

برائے دفع دشمن

سورۃ القریش ایک سو ایک بار، اول و آخر درود شریف پانچ بار،

---

۱)۔ مکتوبات مرزا مظہر جان جاناں شہید ص: ۱۷۹۔

۲)۔ تحفہ زاہدیہ: حصہ دوم: مکتوب: ۳۹۔ ص: ۲۳۰۔

۳)۔ ترجمان شریعت وطریقت: اوراد وظائف نقشبندیہ: ص: ۲۱۸۔

۴)۔ انوار شمسیہ: ص: ۹۵۔۹۶۔

یا

اَللّٰھُمَّ إِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ، وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ۔۔ ۳۱۳بار۔

وتر اور نفلوں کے درمیان آنکھیں بند ہوں، تصور کرے کہ دشمن میرے سامنے کھڑا ہے، تلاوت کے بعد ایک روڑا اسی تصور میں اس دشمن یا دشمنوں کو مارے۔ دونوں مجرب ہیں، مگر پہلا قیمتی ہے۔(۱)

دشمن سے پوشیدہ ہونے کے لئے

دشمن سے حفاظت کے لئے اور پوشیدہ ہونے کے لئے یہ آیت پڑھ کر دشمن کی طرف تصوراً پھونک ماریں، اِن شاء اللہ دشمن کے سامنے گزرنے سے اس کو پتہ تک نہ ہوگا:

لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ ۚ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ﴿۱۰۳﴾۔۔۔(۲)

دشمن کی دشمنی دور کرنے کے لئے

اول درود شریف تین مرتبہ پھر سورۃ التکاثر سات مرتبہ پڑھ کر

مِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ﴿۵﴾

ایک ہزار انتیس مرتبہ پڑھے پھر سورۃ التکاثر سات بار پڑھے۔ اسی طرح چالیس روز برابر عمل کرے۔

بعد نماز مغرب یا بعد نماز عشا اس عمل کو پڑھنا چاہئے، اس بارے میں مجرب ہے(۳)

دشمنوں سے حفاظت کا انتہائی مجرب عمل

حضرت قبلہ والد گرامی کو ان کے استاد حضرت قاری حبیب اللہ خان نقش بندی قدس اللہ

---

۱)۔خطبات افغانی: ص:۴۴۸۔

۲)۔خزینۃ الاسرار: ج:۱ ص:۵۵-۵۶۔

۳)۔تذکرہ علماء حق: عملیات خاندان ولی اللہی: ص:۵۴۳۔

سرہ (المعروف بڑے قاری صاحبؒ) نے دشمنوں سے حفاظت کے لئے یہ **عمل** بتلایا تھا کہ چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھے **بلاشمار** پڑھیں:

سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ ﴿۴۵﴾

دشمنوں پر فتح پانے کے لئے

دشمنوں پر **فتح** پانے کے لئے یہ **عمل** مجرب ہے، درمیان عصر و مغرب کے بیالیس مرتبہ یہ دونوں بیت پڑھے:

روئے ظالم بقصد کشتن ماست
دل مظلوم مابسوئے خداست
اودریں فکر تابماچہ کند
مادریں فکر تاخدا چہ کند۔(۱)

دشمنوں کی دشمنی سے محفوظ رہنے کے لئے

اکثر مشائخ وعاملین نے کہا ہے کہ: یہ آیت قطب دشمنوں کی دشمنی سے **محفوظ** رکھتی ہے اور ہر آفت اور خوف سے حفاظت رکھتی ہے اور ہر دینی ودنیوی مراد کے **پورا** ہونے کے واسطے نہایت ہی مجرب ہے۔ آیت قطب یہ ہے:

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَآىِٕفَةً مِّنْكُمْ ۙ وَطَآىِٕفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ۭ يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ ۭ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ۭ يُخْفُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ ۭ يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ۭ قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى

۱)۔تذکرہ علماء حق: عملیات خاندان ولی اللہی: ص:۵۴۱۔

مَضَاجِعِهِمْ ۚ وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۱۵۴﴾...(۱)

دکان وغیرہ کی حفاظت اور برکت کے لئے

سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۹﴾
سَلٰمٌ عَلٰۤى اِبْرٰهِيْمَ ﴿۱۰۹﴾
سَلٰمٌ عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۱۲۰﴾
سَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۸۱﴾
وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ أَجْمَعِيْنَ۔
بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

ان آیات کو کاغذ پر لکھ کر آویزاں کرنا۔(۲)

دل پھڑک جائے

یَااَللّٰہُ یَاھُوَ، کی ضرب قلب پر لگائیں، اگر سو بار کیا جائے تو دل پھڑک جائے۔(۳)

برائے ہول دلی

یہ آیت مع بسم اللہ لکھ کر گلے میں باندھیں، ڈورا اتنا لمبا ہو کہ تعویذ دل پر پڑا رہے اور دل بائیں طرف ہوتا ہے۔

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ۗ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ﴿۲۸﴾...(۴)

---

۱)۔تذکرہ علماء حق: عملیات خاندان ولی اللہی: ص:۵۲۵۔

۲)۔انوار شمسیہ: ص: ۹۳۔

۳)۔رموز تصوف: حصہ فرمودات: ص: ۱۶۳۔

۴)۔عمدۃ السلوک: حصہ دوم: ص: ۳۹۵۔

دماغ کے بوجھ کے لئے

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ اِيَّاكَ نَعۡبُدُ وَاِيَّاكَ نَسۡتَعِيۡنُ ۝۴

صبح اور شام (۱۰۰، بار) یہ آیت شریفہ مع ہر بار بسم اللہ کے پڑھنا۔(۱)

دماغ کا کمزور ہو جانا

پانچوں نمازوں کے بعد سر پر ہاتھ رکھ کر گیارہ مرتبہ یَاقَوِیُّ پڑھیں۔(۲)

برائے دمہ

تانبے کی تختی پر کندہ کر کے مریض کے گلے میں ڈالے۔

يَامُذِلَّ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيۡدٍ بِقَهۡرِ عَزِيۡزِ سُلۡطَانِهٖ يَامُذِلُّ وَاللّٰهُ الۡمُوَفِّقُ وَالۡمُعِيۡنُ يَاقَهَّارُ أَنۡتَ الَّذِىۡ لَايُطَاقُ انۡتِقَامُهٗ يَاقَهَّارُ۔۔(۳)

دودھ کم ہونا

یہ دونوں آیتیں نمک پر سات بار پڑھ کر ماش کی دال میں کھلائیں۔

پہلی آیت: وَالۡوَالِدٰتُ يُرۡضِعۡنَ اَوۡلَادَهُنَّ حَوۡلَيۡنِ كَامِلَيۡنِ لِمَنۡ اَرَادَ اَنۡ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ ؕ

دوسری آیت: وَاِنَّ لَكُمۡ فِى الۡاَنۡعَامِ لَعِبۡرَةً ؕ نُسۡقِيۡكُمۡ مِّمَّا فِىۡ بُطُوۡنِهٖ مِنۡۢ بَيۡنِ فَرۡثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِيۡنَ ۝۶۶

دوسری آیت اگر آٹے کے پیڑے پر پڑھ کر گائے بھینس کو کھلائیں تو خوب دودھ دیتی ہے۔(۴)

---

۱)۔ مجالس غور غشتوی: ص: ۲۶۱۔

۲)۔ عمدۃ السلوک: حصہ دوم: ص: ۳۹۴۔

۳)۔ خطبات افغانی: ص: ۴۵۱۔

۴)۔ عمدۃ السلوک: حصہ دوم: ص: ۴۰۰۔

دنیاوی کاموں میں خیر و برکت کے لئے

اپنے دنیاوی کاموں کی خیر و برکت کے لئے ہزار بار اس درود شریف کا ورد رکھیں:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَوَاتِکَ بِعَدَدِ مَعْلُوْمَاتِکَ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ عَلَیْهِ۔(۱)

دنیا اور آخرت کی کامیابی کا وظیفہ

اَللّٰھُمَّ أَنْتَ مُقْتَدِرٌ مَّنْ فِی السَّمَاوَاتِ وَمُقْتَدِرٌ مَّنْ فِی الْأَرْضِ لَا مُقْتَدِرٌ فِیْهِمَا غَیْرُکَ ،اقْدُرْنِیْ عَلٰی عَمَلٍ فِیْ رِضَاکَ

روزانہ ایک سو(۱۰۰) مرتبہ پڑھنا ہے۔اول و آخر تین تین بار درود شریف۔یہ بہت زبردست وظیفہ ہے۔اس میں دنیا اور آخرت کی کامیابی ہے۔(۲)

دینی اور دنیاوی کاموں کے فائدہ کے لئے

دن، رات میں کسی وقت یہ درود شریف ہزار بار بلاناغہ پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ أَفْضَلِ صَلَوَاتِکَ بِعَدَدِ مَعْلُوْمَاتِکَ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ عَلَیْهِ۔

اِن شاءاللہ آپ کو تمام دینی و دنیاوی کام میں فائدہ پہنچے گا۔(۳)

دینی و دنیاوی مشکلات میں کامیابی کے لئے

دینی و دنیاوی مشکلات میں کامیابی کے لئے حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کا ختم شریف اس طرح پڑھیں: پانچ سو مرتبہ

---

۱)۔تحفہ زاہدیہ: حصہ اول: مکتوب:۱۱۔ص:۱۴۲۔

۲)۔مجالس غور غشتوی: ص:۲۶۱۔۲۶۲۔

۳)۔تحفہ زاہدیہ: حصہ اول: مکتوب:۵۲۔ص:۱۰۴۔

لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ

اول وآخر درود شریف سوسو مرتبہ پڑھ کر اس کا ثواب جناب حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی فاروقی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روح مبارک کو پہنچا کر آپؒ کے وسیلے سے بارگاہِ رب العزت میں اپنے مقاصد میں کامیاب ہونے کی دعا مانگیں، قاضی الحاجات آپ کو جمیع مقاصد و مطالب میں کامیابی عطا فرمائے گا۔(۱)

بہت بڑے فائدے کے حصول کے لئے

استغفار کی ایک تسبیح نماز عصر کے بعد اور نماز مغرب سے پہلے پڑھو اور ایک تسبیح استغفار اور ایک تسبیح سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ، سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ نماز تہجد کے بعد اور نماز فجر سے پہلے پڑھو اِن شاءاللہ تعالیٰ بہت بڑا فائدہ نصیب ہوگا۔(۲)

دینی و دنیوی فوائد کے حصول کے لئے دعا

اَللّٰهُمَّ أَلْهِمْنِيْ رُشْدِيْ، وَأَعِذْنِيْ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ (۳)

دین پر ثابت قدم رہنے کی دعا

يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ، ثَبِّتْ قَلْبِيْ عَلٰى دِيْنِكَ

جو شخص اس دعا کو مانگتا رہے گا، اِن شاءاللہ تعالیٰ دین پر ثابت قدم رہے گا جس کی برکت سے خاتمہ ایمان پر ہوگا۔(۴)

دیو کا شبہ ہونا

سورۃ الفلق اور سورۃ الناس تین تین بار پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں اور زیادہ پانی

---

۱)۔تحفہ زاہدیہ: حصہ اول: مکتوب: ۱۲۴۔ص: ۱۵۲۔

۲)۔مجموعہ فوائد عثمانیہ: فصل اول: ملفوظ نمبر ۲۷: ص: ۹۲۔

۳)۔ترجمان شریعت وطریقت: مخصوص دعائیں ص: ۲۳۵۔

۴)۔انوار شمسیہ: ص: ۹۷۔

پردم کر کے اس میں نہلائیں اور یہ دعا چالیس روز تک چینی کی طشتری پر لکھ کر پلائیں:

يَاحَيُّ حِيْنَ لَاحَيَّ فِيْ دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَائِهٖ يَاحَيُّ

اِن شاءاللہ تعالی جادو کا اثر جاتا رہے گا ،اور یہ دعا ہر بیمار کے لئے مفید ہے جس کو حکیموں نے جواب دے دیا ہو۔(۱)

ڈاڑھ میں درد ہو

جس کی ڈاڑھ میں درد ہو، یہ درد ڈاڑھ کے بوسیدہ ہونے کی بنا پر ہو یا ریاح کا درد ہو تو آپ ایک پاک تختی لیں اور اس پر پاک ہتھوڑی رکھئے کیل سے ابجد ہوز حطی لکھئے۔الف پر کیل ٹھونکئے اور ایک بار سورۃ الفاتحہ پڑھئے۔درد والا اپنی انگلی درد کی جگہ پر زور سے رکھے۔پھر اس سے پوچھئے کہ: آپ کا درد ٹھیک ہوگیا؟ اگر ٹھیک ہوگیا ہو تو بہت اچھا۔ورنہ کیل "با" پر رکھئے اور دوبارہ سورۃ الفاتحہ پڑھئے اور پہلے کی طرح اس سے پوچھئے،اگر شفا ہوگئی ہو تو ٹھیک ہے ورنہ کیل جیم پر رکھئے اور فاتحہ تین بار پڑھئے اور اسی طرح کرتے رہیئے،آپ آخری حرت تک نہ پہنچیں گے کہ اللہ تعالی اسے شفا دے گا۔(۲)

حضور کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذکر واذکار کا خلاصہ

۱) سُبْحَانَ اللهِ ،اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ، لَاإِلٰهَ إِلَّا اللهُ، لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ ،یہ ہر ایک سو،سو بار۔

۲) سورۃ الاخلاص مکمل۔۔۔۔دو سو بار

۳) حَسْبِيَ اللهُ۔۔۔۔۔سو بار

۴) أَسْتَغْفِرُ اللهَ۔جس کی مختلف تعداد بیان ہوئی ہیں۔ ۳۱۳ بار بہتر ہے۔

۵) درود شریف۔۔۔۔سو بار

---

۱)۔عمدۃ السلوک: حصہ دوم: ص:۳۹۹۔۴۰۰۔

۲)۔تحفہ زواریہ: مکتوب نمبر:۱۰۴۔ص:۱۴۸۔

بہتر درود شریف وہ ہے جو صاحب درود نے خود بتلایا ہے، جو درود شریف نماز میں پڑھا جاتا ہے وہ افضل ہے۔

۶) اَللّٰہُ الصَّمَدُ، پانچ سو بار

۷) یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ۔ پانچ سو بار

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ عمل روزانہ فرمایا کرتے تھے، حضرت امام ربانی مجدد الف ثانیؒ اس پر ہمیشہ عمل کرتے تھے۔(۱)

ذہن کی تیزی اور مطالعہ کھلنے کے لئے

اَللّٰھُمَّ نَوِّرْ قَلْبِیْ بِعِلْمِكَ وَاسْتَعْمِلْ بَدَنِیْ بِطَاعَتِكَ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ عَلَیْهِ۔

قبل از شروع سات بار پڑھ کر اپنے وجود پر دم کریں۔(۲)

رات کو جاگنے کے لئے

جو شخص اپنے سوتے وقت سورہ کہف کی آخری آیتیں پڑھے اور اللہ تعالی سے یہ دعا کرے کہ اس کو جگادے جس وقت کا ارادہ کرے تو حق تعالی اس کو اسی وقت جگادے گا، وہ آیات یہ ہیں:

اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ﴿۱۰۷﴾ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا لَا یَبْغُوْنَ عَنْهَا حِوَلًا ﴿۱۰۸﴾ قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّیْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّیْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ﴿۱۰۹﴾ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ یُوْحٰۤى اِلَیَّ اَنَّمَآ اِلٰـهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَمَنْ كَانَ یَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ

---

۱)۔ خطبات افغانی: ص: ۴۵۵۔

۲)۔ عمدۃ السلوک: ص: ۳۸۹۔

فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖۤ اَحَدًا ﴿۱۱۰﴾...(۱)

فراخیٔ رزق کے لئے

جوشخص روزانہ سو(۱۰۰)بارصبح کو یہ کلمات پڑھے گا،اللہ تعالی اس کی روزی میں برکت اورفراخی عنایت فرمائے گا:

لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ..(۲)

فراخی رزق،حصول رزق حلال اوردفع آفات کا وظیفہ

نمازفجراورنمازمغرب کے بعد گیارہ مرتبہ سورہ قریش آخر بسم اللہ الرحمن الرحیم کے ساتھ پڑھ لیاجائے،ان شاءاللہ رزق میں کشادگی اورآفات ومصائب سے حفاظت نصیب ہوگی (۳)

وسعت رزق اوردشمن سے حفاظت کے لئے

سورۃ القریش مع بسم اللہ الرحمن الرحیم مکمل پڑھنا۔صبح وشام گیارہ مرتبہ۔

نوٹ:وسعت رزق کے لئے الَّذِیْۤ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ، پڑھتے وقت وسعت رزق کاتصورکرنااوروَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ پڑھتے وقت دشمن سے حفاظت کاتصورکرنا،مجرب عمل ہے۔(۴)

کشائش رزق

سال میں ایک چلہ،ہرروز وقت معین پر،گیارہ باردرودشریف پڑھے،پھرگیارہ سوگیارہ باریامغنی پڑھے،پھرگیارہ بارسورہ مزمل،پھرگیارہ باردرودشریف،اسی طرح چلہ پورا کرے،غیبی امداد ہوگی۔اورپھرروزانہ سورہ مزمل گیارہ بارپڑھے،یاایک ہی وقت میں یادن میں مختلف

---

۱)۔عمدۃ السلوک:حصہ دوم:ص:۴۱۳۔۴۱۴۔

۲)۔وظیفہ سعدیہ:ص:۲۱۔بحوالہ بیاض محمدی۔

۳)۔خطبات مشاہیر:ج:۴ص:۵۳۴۔

۴)۔انوارشمسیہ:ص:۹۲۔

اوقات میں پورا کرے، مسخرات میں سے ہے۔(۱)

وسعت رزق کی دعا

وَمَنۡ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجۡعَلۡ لَّهٗ مَخۡرَجًا ۝۲ وَّيَرۡزُقۡهُ مِنۡ حَيۡثُ لَا يَحۡتَسِبُ ؕ وَمَنۡ يَّتَوَكَّلۡ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسۡبُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمۡرِهٖ ؕ قَدۡ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَىۡءٍ قَدۡرًا ۝۳

یہ قرآنی عمل ہے، فجر کی نماز کے بعد اول آخر درود شریف پڑھ کر اس کو پڑھا کرے، بعضوں نے تین سو بار پڑھنا لکھا ہے۔(۲)

مرض رشتا کے لئے

مرض رشتا (جس میں دانے پڑتے ہیں اور جن سے دھاگہ نما مواد نکلتا ہے) ایک شخص اس مرض میں مبتلا ہو گیا تو حضرت شاہ غلام علی دہلوی قدسنا اللہ بسرہ الاقدس نے اسے فرمایا کہ: یہ آیت اکثر پڑھا کرو یہاں تک کہ دو رکعت نماز میں قیام و رکوع وسجود میں بھی پڑھا کرو:

(رَبِّ) اَنِّیۡ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنۡتَ اَرۡحَمُ الرّٰحِمِیۡنَ۔(۳)

رشتہ نکاح کے لئے

عشا کی نماز کے بعد وتر سے قبل ۴۵۰ مرتبہ حَسۡبُنَا اللّٰهُ وَنِعۡمَ الۡوَكِيۡلُ۔ پڑھ لیا کریں، اور رَبِّ اِنِّیۡ لِمَاۤ اَنۡزَلۡتَ اِلَیَّ مِنۡ خَیۡرٍ فَقِیۡرٌ ۝۲۴ ۔کثرت سے پڑھ لیا کریں۔ ہر نماز کے بعد جب بھی موقع ملے مفہوم کو ملحوظ رکھ کر ورد جاری رکھیں، اللہ تعالیٰ مدد فرمائیں گے۔(۴)

---

۱)۔خطبات افغانی: ص: ۴۵۰۔

۲)۔سوانح مجاہد ملت حضرت مولانا غلام غوث ہزارویؒ: ص: ۱۰۳۔

۳)۔درالمعارف: ص: ۲۴۰۔

۴)۔خطبات مشاہیر: ج: ۴ ص: ۵۱۳۔

نسخہ اکسیر برائے روزگار

يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ يَاغَنِيُّ يَامُغْنِيُ يَافَتَّاحُ

کی روزانہ ایک تسبیح یعنی ایک سومرتبہ پڑھا کریں۔کوئی بھی وقت ملے،وقت کی پابندی بالکل نہیں۔اِن شاءاللہ روزگار جلداز جلد مل جائے گا۔(۱)

زبان میں ہکلا پن یا ذہن کم ہونا

فجر کی نماز پڑھ کرایک پاک کنکری منہ میں رکھ کہ یہ آیات اکیس (۲۱) بار پڑھیں:

رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ﴿۲۵﴾ وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ ﴿۲۶﴾ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ﴿۲۷﴾ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ﴿۲۸﴾

اورروزانہ ایک بسکٹ پر الحمدللہ لکھ کر چالیس روز کھلانے سے بھی ذہن بڑھتا ہے۔(۲)

بچے کی زبان کھلنے کا وظیفہ

زبان کھولنا اور بند کرنا یہ سب اللہ کی قدرت میں ہے،شیرینی لے کر اس پر ۴۱ مرتبہ یہ آیت: رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ﴿۲۵﴾ وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ ﴿۲۶﴾ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ﴿۲۷﴾ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ﴿۲۸﴾

پڑھیں اور شیرینی پر دم کر کے بچے کی زبان کے نیچے رکھ دیا کریں،۴۱ روز تک یہ عمل کریں،اللہ پاک اپنے کلام کی برکت سے زبان کھول دے گا۔(۳)

زخم اچھا ہونے کے لئے

اگر کہیں زخم ہوتو شہادت کی انگلی پر اپنا تھوک لگائیں پھر مٹی پر رکھ کر زخم کی جگہ رکھیں

---

۱)۔خزینۃ الاسرار:ج:۱ص:۵۷۔

۲)۔عمدۃ السلوک:حصہ دوم:ص:۳۹۵۔

۳)۔خطبات مشاہیر:ج:۴ص:۴۸۴۔

اور یہ دعا پڑھیں:

بِاسْمِ اللّٰهِ تُرْبَةُ أَرْضِنَا بِرِيقَةِ بَعْضِنَا لِيُشْفَى بِهِ سَقِيمُنَا بِإِذْنِ رَبِّنَا۔۔۔(۱)

برائے دردِزہ

کلمات وآیات ذیل کو گڑ پر پڑھ کر کھلائیں یا لکھ کر سفید کپڑے میں باندھ کر حاملہ کی بائیں ران میں باندھ دیں اور بعد فراغت فوراً کھول دیں، اِن شاءاللہ ولادت میں بہت سہولت ہوگی:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ۝۱ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۝۲ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ۝۳ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ ۝۴ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۝۵ اهيا اشراهيا اللهم سهل عليها الولادة ۔ خَلَقَهٗ فَقَدَّرَهٗ ۝۱۹ ثُمَّ السَّبِيْلَ يَسَّرَهٗ ۝۲۰ ۔۔۔(۲)

دردِزہ کے واسطے

یہ عمل بھی مفید ہے، یہ کلمہ لکھ کر پیشانی پر باندھے آسانی سے بچہ پیدا ہو۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ اَلشَّكُوْرُ الصَّبُوْرُ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۔(۳)

دردِزہ کا ایک اور عمل

قند سیاہ کی تین گولیاں لے کر ہر ایک گولی پر تین تین مرتبہ اس آیت شریفہ کو پڑھ کر دم

---

۱)۔ وظیفہ سعدیہ: ص: ۱۹۔ بحوالہ: الصحیح لمسلم۔

۲)۔ عمدۃ السلوک: حصہ دوم: ص: ۴۰۱۔ ۴۰۲۔

۳)۔ تذکرہ علماء حق: عملیات خاندان ولی اللہی: ص: ۵۳۷۔

کرے اور جو عورت دردزہ میں مبتلا ہو اس کو کھلا دے، اِن شاءاللہ العزیز جلد بچہ پیدا ہوگا:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ـ فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ﴿۵﴾ خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ ﴿۶﴾ يَّخْرُجُ مِنْۢ بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ ﴿۷﴾

اس کے اول وآخر درود شریف ضرور پڑھنا چاہیئے۔(۱)

برائے زیارت جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

۱) جو شخص جمعرات کو دو رکعت نفل اس طرح ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد گیارہ (۱۱) بار آیت الکرسی اور گیارہ (۱۱) بار سورۂ اخلاص پڑھے پھر نماز کے بعد یہ درود شریف سو مرتبہ پڑھے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَآلِهٖ وَسَلِّمْ

وہ خواب میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوگا۔

اگر پہلی بار شرف یاب نہ ہو تو تین جمعوں تک یہ **عمل مسلسل** کرنے سے اِن شاءاللہ اسے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی زیارت نصیب ہو جائے گی۔(۲)

۲) جو شخص جمعرات کو دو رکعت نفل اس طرح ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد پچیس (۲۵) مرتبہ سورۂ اِخلاص پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد یہ درود شریف ایک ہزار مرتبہ پڑھے:

صَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ

وہ اِن شاءاللہ خواب میں جناب سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے دیدار سے مشرف ہوگا۔(۳)

---

۱)۔تذکرہ علماء حق: عملیات خاندان ولی اللہی: ص:۵۳۸۔

۲)۔وظیفہ سعدیہ: ص:۲۵۔

۳)۔وظیفہ سعدیہ: ص:۲۵۔ بحوالہ جذب القلوب اِلی دیار المحبوب۔

خواب میں زیارت رسول ﷺ کا وظیفہ

درود شریف وسیلہ قرب ہے کثرت درود سے حضور ﷺ سے عشق ومحبت اور طلب پیدا ہوتی ہے، جب سچی طلب کے ساتھ درود پڑھا جائے گا تو حضور اقدس ﷺ کی زیارت کی سعادت حاصل ہو جائے گی۔ جمعرات کو اہتمام کے ساتھ غسل کر کے ایک ہزار مرتبہ درود پڑھا جائے، بزرگوں نے خواب میں حضور ﷺ کی ملاقات میں اس عمل کو مجرب بتایا ہے(۱)

سامان جلدی بکنے کے لئے

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔ فَاسۡتَبۡشِرُوۡا بِبَيۡعِكُمُ الَّذِىۡ بَايَعۡتُمۡ بِهٖ‌ ؕ وَذٰلِكَ هُوَ الۡفَوۡزُ الۡعَظِيۡمُ ﴿۱۱۱﴾ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيۡرِ خَلۡقِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَأَصۡحَابِهٖ أَجۡمَعِيۡنَ۔

لکھ کر مال ومتاع میں رکھیں۔(۲)

سانپ، بچھو اور بھڑ وغیر کا کاٹ لینا

ذرا سے پانی میں نمک گھول کر اس جگہ ملتے جائیں اور سورۃ الکافرون پوری سورت پڑھ کر دم کرتے جائیں بہت دیر تک ایسا ہی کریں۔(۳)

سانپ کا گھر میں نکلنا یا آسیب ہونا

چار کیلیں لوہے کی لے کر ایک ایک پر یہ آیت پچیس پچیس بار دم کر کے گھر کے چاروں کونوں پر زمین میں گاڑ دیں اِن شاءاللہ تعالی سانپ اس گھر میں نہ رہے گا اور اس گھر میں آسیب کا اثر بھی نہ ہوگا، وہ آیت یہ ہے:

---

۱)۔خطبات مشاہیر: ج:۴ ص: ۴۹۴۔

۲)۔عمدۃ السلوک: ص:۳۸۹۔

۳)۔عمدۃ السلوک: حصہ دوم: ص:۳۹۶۔

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۝ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۝ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۝ ۔۔(۱)

سانپ کے لئے

حضرات نقشبندیہ رحمہم اللہ تعالی کے معمولات میں سے یہ اعلی چیز ہے، چناں چہ جس کوخلافت دیتے ہیں، اس کوہی اس کی اجازت دیتے ہیں، ہرکسی کو اجازت نہیں دیتے، اول آخرسات باردرودشریف، سات بارفاتحہ شریف، سات بارآیت الکرسی، سات بار چاروں قل، بسم اللہ الرحمن الرحیم کے ساتھ، پڑھ کرنمک پردم کرے، اورالہی بحرمت دوست محمد قندھاری رحمۃ اللہ علیہ، الہی بحرمت شیخ عبدالقادر صاحب رحمۃ اللہ علیہ، بھی سات بار پڑھ کراس نمک پردم کرے، کاٹنے کی جگہ پرتین دن تک ملتا رہے، اوراس نمک کوچکھتا بھی رہے، اس دوران کوئی جھاڑ پھونک اوردوانہ کرائے، توان شاءاللہ تعالی رحمت ہوگی۔

باؤلے کتے کے کاٹے کے لئے بھی یہی چیز ہے، مگر یہ کہ آیت الکرسی اس میں نہ ملائے اگرکسی جگہ سانپ رہتاہواوروہاں چھڑک دیں گےتوسانپ بھاگ جائے گا، ان شاءاللہ تعالی۔(۲)

سحروآسیب کے لئے

سورۂ فاتحہ، چاروں قل، آیت الکرسی، سات سات بار، یا تین بار پڑھ کردم کرے۔
اور أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ كُلِّهَا مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ۔ پڑھ کرگھرمیں پھونک ماردیں۔(۳)

---

۱)۔عمدۃ السلوک: حصہ دوم: ص:۳۹۶۔۳۹۷۔

۲)۔معارف بہلوی: کتاب الادعیہ: فصل سوم: ج:۴ ص:۴۱۱۔۴۱۲۔

۳)۔تذکرہ شیخ المشائخ مولانا محمد احمد صاحبؒ: ص:۱۸۲۔

سحر سے بچنے کے لئے

قرآن کریم کی پانچ آیتیں ایسی ہیں جن میں سے ہرایک میں دس دس قاف ہیں۔جوان آیتوں کو پابندی کے ساتھ صبح وشام تین تین بار پڑھے گا تو اللہ تعالی اس کوسحر سے ،مصیبتوں سے،آفات سے وبلیات سے،دشمنوں کے شر سے،حاسدین کے حسد سے،ماکرین کے مکر سے محفوظ رکھے گا اوران آیتوں کے پڑھنے والے کو اللہ تعالی شوکت وہیبت اور رفعت وبلندی عطا فرمائے گا اوراس کودشمنوں پر غلبہ عطا فرمائے گا اوراس کوحشرات الارض اورموذی جانور نقصان نہیں پہنچا سکیں گے اوران کے پڑھنے والے کو اللہ تعالی ظاہری وباطنی اورعلوی وسفلی طور پر اہل تصرف میں سے کردے گا وہ پانچ آیتیں اوران کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے:

أعوذ باللہ من الشیطان الرجیم۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلَمۡ تَرَ اِلَی الۡمَلَاِ مِنۡۢ بَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ مِنۡۢ بَعۡدِ مُوۡسٰی ۘ اِذۡ قَالُوۡا لِنَبِیٍّ لَّہُمُ ابۡعَثۡ لَنَا مَلِکًا نُّقَاتِلۡ فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ ؕ قَالَ ہَلۡ عَسَیۡتُمۡ اِنۡ کُتِبَ عَلَیۡکُمُ الۡقِتَالُ اَلَّا تُقَاتِلُوۡا ؕ قَالُوۡا وَمَا لَنَاۤ اَلَّا نُقَاتِلَ فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ وَقَدۡ اُخۡرِجۡنَا مِنۡ دِیَارِنَا وَاَبۡنَآئِنَا ؕ فَلَمَّا کُتِبَ عَلَیۡہِمُ الۡقِتَالُ تَوَلَّوۡا اِلَّا قَلِیۡلًا مِّنۡہُمۡ ؕ وَاللّٰہُ عَلِیۡمٌۢ بِالظّٰلِمِیۡنَ ﴿۲۴۶﴾ ۔۔۔البقرة

(قَدِیۡرٌ عَلٰی مَا یُرِیۡدُ)۔

یہ بریکٹ میں بند الفاظ تین بار پڑھنا۔

ہرآیت شریفہ کے آخر میں ان جیسے الفاظ لکھے ہوں گے ان کو تین تین بار پڑھنا ہے۔از مفتی محمد قاسم۔

لَقَدۡ سَمِعَ اللّٰہُ قَوۡلَ الَّذِیۡنَ قَالُوۡۤا اِنَّ اللّٰہَ فَقِیۡرٌ وَّنَحۡنُ اَغۡنِیَآءُ ۘ سَنَکۡتُبُ مَا قَالُوۡا وَقَتۡلَہُمُ الۡاَنۡۢبِیَآءَ بِغَیۡرِ حَقٍّ ۙ وَّنَقُوۡلُ

ذُوۡقُوۡا عَذَابَ الۡحَرِيۡقِ ﴿۱۸۱﴾ ...آل عمران
(قَوِيٌّ لَا يَحۡتَاجُ إِلٰى مُعِيۡنٍ) تین بار
اَلَمۡ تَرَ اِلَى الَّذِيۡنَ قِيۡلَ لَهُمۡ كُفُّوۡۤا اَيۡدِيَكُمۡ وَاَقِيۡمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۚ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيۡهِمُ الۡقِتَالُ اِذَا فَرِيۡقٌ مِّنۡهُمۡ يَخۡشَوۡنَ النَّاسَ كَخَشۡيَةِ اللّٰهِ اَوۡ اَشَدَّ خَشۡيَةً ۚ وَقَالُوۡا رَبَّنَا لِمَ كَتَبۡتَ عَلَيۡنَا الۡقِتَالَ ۚ لَوۡلَاۤ اَخَّرۡتَنَاۤ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيۡبٍ ؕ قُلۡ مَتَاعُ الدُّنۡيَا قَلِيۡلٌ ۚ وَالۡاٰخِرَةُ خَيۡرٌ لِّمَنِ اتَّقٰى ۚ وَلَا تُظۡلَمُوۡنَ فَتِيۡلًا ﴿۷۷﴾ .....النساء
(قَهَّارٌ لِمَنۡ طَغٰى وَعَصٰى) تین بار
وَاتۡلُ عَلَيۡهِمۡ نَبَاَ ابۡنَىۡ اٰدَمَ بِالۡحَقِّ ۘ اِذۡ قَرَّبَا قُرۡبَانًا فَتُقُبِّلَ مِنۡ اَحَدِهِمَا وَلَمۡ يُتَقَبَّلۡ مِنَ الۡاٰخَرِ ؕ قَالَ لَاَقۡتُلَنَّكَ ؕ قَالَ اِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ الۡمُتَّقِيۡنَ ﴿۲۷﴾ ....المائدۃ
(قُدُّوۡسٌ يَهۡدِيۡ مَنۡ يَّشَاءُ) تین بار
قُلۡ مَنۡ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ؕ قُلِ اللّٰهُ ؕ قُلۡ اَفَاتَّخَذۡتُمۡ مِّنۡ دُوۡنِهٖۤ اَوۡلِيَآءَ لَا يَمۡلِكُوۡنَ لِاَنۡفُسِهِمۡ نَفۡعًا وَّلَا ضَرًّا ؕ قُلۡ هَلۡ يَسۡتَوِى الۡاَعۡمٰى وَالۡبَصِيۡرُ ۙ اَمۡ هَلۡ تَسۡتَوِى الظُّلُمٰتُ وَالنُّوۡرُ ۚ اَمۡ جَعَلُوۡا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ خَلَقُوۡا كَخَلۡقِهٖ فَتَشَابَهَ الۡخَلۡقُ عَلَيۡهِمۡ ؕ قُلِ اللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَىۡءٍ وَّهُوَ الۡوَاحِدُ الۡقَهَّارُ ﴿۱۶﴾
...الرعد
(قَيُّوۡمٌ يَرۡزُقُ مَنۡ يَّشَآءُ الۡقُوَّةَ) تین بار۔

یہ ایک خاص الخاص چیز ہے۔اس کو علی الدوام پڑھنا ہے۔اس کی برکات آپ اپنی آنکھوں سے دیکھیں گے۔اس میں بہت تاثیر ہے۔اس میں تسخیر بھی ہے۔(۱)

---

۱)۔مجالس غور غشتوی:ص:۱۲۴۔۱۲۵۔

سحر و جادو اور سانپ کے کاٹے کے لئے

(سانپ کے کاٹے کے لئے)مندرجہ بالا معمول نمک پر پڑھ کر کھلانا اور زخم پر لگانا نہایت مفید اور مجرب ہے۔(دفع سحر و جادو کے لئے)روزانہ تین مرتبہ یہی معمول پڑھ کر تمام وجود پر دم کرے۔(۱)

ردسحر

سُبْحَانَ اللهِ الْقَادِرِ الْقَاهِرِ الْكَافِي أَعُوْذُمِنْ شِرِّ عَدُوٍّ هُوَأَقْوٰى مِنِّي بِرَبٍّ هُوَأَقْوٰى مِنْهُ۔

مذکورہ بالا دعا یا تو خود مریض پڑھے،اور یا کوئی دوسرا شخص پڑھ کر دم کرے،دونوں طرح درست ہے۔

پڑھنے کا طریقہ:اول وآخر درود شریف،تین ،تین بار پھر دعا مذکورہ بالا،ایک سو گیارہ بار پڑھ کر اس پر دم کرے،اور بعد نماز صبح اور شام معوذتین پڑھ کر دم کرے۔

نوٹ:ردسحر کے لئے ان دو میں سے سے کوئی ایک **عمل** کرے۔(۲)

ردسحر

۱)معوذتین یعنی آخری دو سورتیں لکھ کر تعویذ بنا کر مریض کے گلے میں ڈالیں۔

۲)سات عدد سبز بیری کے پتے لے کر انہیں دو پتھروں کے درمیان خوب کوٹیں یا رگڑیں،ان رگڑے ہوئے پتوں کو کسی بالٹی میں ڈال دیں،پھر اوپر سے اس بالٹی میں پانی ڈالتے جائیں اور آیت الکرسی پڑھتے جائیں،ان پتوں کو پانی میں اچھی طرح **حل** کریں،اب مریض کو اس میں سے تین گھونٹ پانی پلا کر باقی سے اسے نہلا دیں،یہ **عمل** تین دن کرنا ہے۔

---

۱)۔عمدۃ السلوک:حصہ دوم:ص:۴۳۱۔

۲)۔خطبات افغانی:ص:۴۵۱۔

۳) پھر تین کھلے منہ والے مٹی کے کورے پیالے وغیرہ لیں، دیسی سیاہی سے سرکنڈہ کے قلم سے اس پیالے میں سورۃ البینہ پوری لکھیں، تین دن علی الصبح ان پیالوں میں سے روزانہ ایک پیالہ پانی سے اس لکھی ہوئی سورت کو دھو کر پی لے، إن شاءاللہ سحر دور ہو جائے گا۔(۱)

برائے دفع سحر

آیات ذیل لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں اور پانی پر پڑھ کر اس کو پلائیں، اگر نہلانا نقصان نہ کرتا ہو تو ان ہی آیات کو پانی پر پڑھ کر اس سے مریض کو نہلائیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۸۱﴾ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۸۲﴾

اور سورۃ الفلق اور سورۃ الناس پوری۔(۲)

سر اور دانت کے درد اور ریاح کے لئے

ایک پاک تختی پر ریت بچھا کر ایک میخ سے اس پر یہ لکھو: ابجد ھوز حطی اور میخ کو زور سے الف پر دباؤ اور درد والا اپنی انگلی زور سے درد کی جگہ رکھے اور تم ایک دفعہ الحمد پڑھو اور اس سے درد کا حال پوچھو، اگر اب بھی درد ہو تو اسی طرح ''ب'' کو دباؤ، غرض ایک ایک حرف پر اسی طرح عمل کرو، إن شاءاللہ حروف ختم نہ ہونے پائیں گے کہ درد جاتا رہے گا(۳)

درد سر کے لئے

یہ اوراد پڑھ کر دم کرنا یا لکھ کر اپنے پاس رکھنا بھی مفید ہے:

وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ؕ

---

۱)۔خطبات افغانی: ص: ۲۵۲۔

۲)۔عمدۃ السلوک: حصہ دوم: ص: ۴۰۲۔

۳)۔عمدۃ السلوک: حصہ دوم: ص: ۳۹۴۔

إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ؕ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ﴿۵۶﴾

اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ؕ﴿۱﴾ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ؕ﴿۲﴾ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ﴿۳﴾

یہ سارا نہ ہو سکے تو صرف سورہ کوثر (یعنی یہ آخری سورت) پانچ مرتبہ پڑھ کر دم کرنا بھی مجرب اور مفید ہے۔(۱)

برائے دردسر

دردسر خواہ آدھا سیسی کا ہو یا دوسری طرح کا، آیات ذیل لکھ کر درد کے موقع پر باندھ دیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۙ﴿۱﴾ وَرَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ۙ﴿۲﴾ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ﴿۳﴾ لَّا يُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُوْنَ ۙ﴿۱۹﴾

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّ كُلِّ عِرْقٍ نَعَّارٍ، وَمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ۔(۲)

سفر کی حوادث سے بچنے کی دعا

جو شخص چاہے کہ ریل، موٹر اور جہاز وغیرہ تمام سواریوں کے حوادث سے بچے، اس کو چاہئے کہ جب کسی جانور، موٹر، ریل، ہوائی جہاز اور کشتی وغیرہ پر سوار ہونے لگے تو یہ دعا پڑھے، اِن شاءاللہ حوادث سے محفوظ رہے گا:

سُبْحٰنَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ ۙ﴿۱۳﴾ وَاِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ﴿۱۴﴾

---

۱)۔خطبات مشاہیر: ج: ۴ ص: ۴۸۵۔

۲)۔عمدۃ السلوک: حصہ دوم: ص: ۴۰۱۔

ترجمہ: پاک ہے وہ ذات جس نے اس سواری کو ہمارے لئے مسخر کیا، حالاں کہ ہم نہ تھے اس پر طاقت پانے والے، اور تحقیق ہم اپنے رب کی طرف جانے والے ہیں۔

اور پھر یہ پڑھے:

اَللّٰهُمَّ كُنْ صَاحِبَنَا فِيْ سَفَرِنَا وَخَلِيْفَةً فِيْ أَهْلِنَا وَاطْمِسْ عَلٰى وُجُوْهِ أَعْدَائِنَا

ان شاء اللہ تمام حوادث سے محفوظ رہے گا۔(۱)

سگریٹ، بیڑی چھڑانے کے لئے

حضرت شیخ مولانا عبدالغفور المدنی قدس اللہ سرہ سے جب کوئی شخص سگریٹ بیڑی کوشش کے باوجود نہ چھوٹنے کا عذر کرتا تو حضرت قدس اللہ سرہ اس شخص سے نمک منگواتے اور یہ آیات اور ادعیہ پڑھ کر نمک پر دم کرکے اس کو دیتے جس کے استعمال سے سگریٹ نوشی کا ترک کرنا آسان ہو جاتا:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۱) سورۃ الفاتحہ، آیت الکرسی، سورۃ الاخلاص، سورۃ الفلق، سورۃ الناس۔ ہر ایک تین بار

۲) أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ كُلِّهَا مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ۔ تین بار

أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ، مِنْ غَضَبِهِ وَعِقَابِهِ، وَشَرِّ عِبَادِهِ، وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَأَنْ يَّحْضُرُوْنِ۔ تین بار

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهِ شَيْءٌ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔ تین بار

۳) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وعلى آل محمد طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِهَا وَعَافِيَةِ الْأَبْدَانِ وَشِفَائِهَا وَنُوْرِ الْأَبْصَارِ وَضِيَائِهَا وَرُوْحِ الْأَرْوَاحِ وَسِرِّ بَقَائِهَا وَعَلٰى آلِهِ وَصَحْبِهِ

---

۱)۔ معارف بہلوی: کتاب الادعیہ: فصل اول: ج: ۴ ص: ۳۹۳۔

وَسَلِّمْ۔ تین بار۔۔(۱)

سلسلہ کے کام میں دشواری ہو

کشمیر کے سلسلہ نقش بندیہ کے ایک بزرگ نے راقم الحروف سے فرمایا کہ: سلسلہ کے کام میں اگر دشواری ہو تو سو(۱۰۰) مرتبہ کلمہ طیبہ پڑھ کر اس کا ایصال ثواب سارے انبیا واولیا کو کریں اور ان کے طفیل سلسلہ کے کام میں آسانی کے لئے دعا کریں۔ اللہ پاک راہیں کھول دے گا۔

سونے کے وقت کی دعائیں

بہتر ہے وضو یا تیمم کر کے بستر پر لیٹیں۔ اس کے بعد اگر وضو ٹوٹ جائے تو مضائقہ نہیں سبحان اللہ تینتیس (۳۳) بار الحمد للہ تینتیس (۳۳) بار، اللہ اکبر چونتیس (۳۴) بار پڑھیں۔ اخروی ثواب کے علاوہ دنیاوی فائدہ یہ ہے کہ: دن بھر کے کام کی تھکن محسوس نہ ہوگی۔

سورۂ اخلاص، سورۂ فلق، سورۂ ناس، پڑھ کر ہاتھ پر دم کریں اور سارے بدن پر پھیریں، اور تین بار آیت الکرسی پڑھیں (بخاری) رات کو ہر قسم کے شر، بلا اور آفت سے حفاظت رہے گی۔ پھر یہ دعا پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ أَسْلَمْتُ نَفْسِيْ إِلَيْكَ، وَوَجَّهْتُ وَجْهِيْ إِلَيْكَ، وَفَوَّضْتُ أَمْرِيْ إِلَيْكَ، وَأَلْجَأْتُ ظَهْرِيْ إِلَيْكَ، رَغْبَةً وَّرَهْبَةً إِلَيْكَ، لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَا مِنْكَ إِلَّا إِلَيْكَ، آمَنْتُ بِكِتَابِكَ الَّذِيْ أَنْزَلْتَ، وَبِنَبِيِّكَ الَّذِيْ أَرْسَلْتَ

پھر داہنی کروٹ سو جائیں۔۔۔(۲)

---

۱)۔ تجلیات غفوری: ص: ۱۵۹۔ ۱۶۰۔

۲)۔ وظیفہ سعدیہ: ص: ۲۲۔ ۲۳۔ بحوالہ بخاری۔

شادی کے لئے مجرب عمل

اس درود شریف:

يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَصَلَّ اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ

کو دن رات میں ایک سو مرتبہ پڑھ لیا کریں۔ اس کے بعد اللہ تعالی کی درگاہ میں اپنی شادی کے لئے دعا کریں۔ ان شاء اللہ ضرور کامیابی ہوگی۔(۱)

شادی اور دیگر اہم کاموں کے لئے

ہردم دعاہامی کنم برخاک می مالم جبیں

ایں دوستاں راجمع کن یاجامع المتفرقیں

بعد نماز تہجد اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ دفعہ پڑھیں، اور درمیان میں یہ پڑھا کریں، یا کریم کرم کن یا رحیم رحم کن، سخت دل کو نرم کر۔(۲)

دفع شر کے لئے

دفع شر کے لئے سورہ لایلاف سے بہتر کوئی نسخہ نہیں ہے۔(۳)

دفع شر اعدا کے لئے

یس والقرآن، شر دفع مشکل آسان۔

بہتر یہ ہے کہ جس قدر ہو سکے پڑھتا رہے۔(٤)

---

۱)۔تحفہ زاہدیہ: حصہ اول: مکتوب:۱۰۹۔ص:۱۴۱۔

۲)۔حیات سعیدیہ: ص:۱۰۱۔

۳)۔مکتوبات مرزا مظہر جان جاناں شہید ص:۱۸۱۔

٤)۔حیات سعیدیہ: ص:۱۰۱۔

ہر قسم کے شر و بلیات، جن و بھوت سے حفاظت کے لئے

آیت الکرسی پڑھنے کے بعد:

حٰمٓ ﴿١﴾ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿٢﴾ غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِيْدِ الْعِقَابِ ذِى الطَّوْلِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ﴿٣﴾ ... پڑھنا۔ صبح وشام۔۔(۱)

ہر قسم کی شفا کے لئے ایک اور وظیفہ

يَاسَلَامُ، ایک لاکھ پچیس ہزار مرتبہ پڑھ کر دعا کرے، دم کر کے استعمال بھی کرے، مجرب شدہ نسخہ ہے۔(۲)

نوٹ: حضرت مولانا ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ حضرت مظہر جان جاناں کے لئے یہی ختم شریف پڑھتے رہے تو اللہ تبارک وتعالی نے انہیں شفا عطا فرمائی۔(۳)

صبح وشام کی بڑے فائدے والی مختصر دعا

اگر نماز فرض فجر اور فرض مغرب کے سلام کے بعد سات بار: اَللّٰهُمَّ أَجِرْنِيْ مِنَ النَّارِ پڑھ لے تو اس دن یا اس رات میں اگر اس پر موت آ گئی تو عذاب دوزخ سے محفوظ رہے گا۔(٤)

انشراح صدر کے لئے

عصر کی نماز کے بعد سورہ الم نشرح سات دفعہ پڑھا کرو، اس کے پڑھنے سے انشراح صدر ہوگا۔(٥)

---

۱)۔انوار شمسیہ: ص:۹۶۔۹۷۔

۲)۔معمولات مظہریہ: ص:۱۳۴۔

۳)۔معمولات مظہریہ: ص:۱۳۵۔

٤)۔معارف بہلوی: کتاب الادعیہ: فصل اول: ج:۴ ص:۳۸۴۔

٥)۔مکتوبات غفوری: ص:۲۰۶۔

تعویذ برائے دفع طحال

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ. اِنَّ اللّٰهَ یُمۡسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ اَنۡ تَزُوۡلَا ۚ وَلَئِنۡ زَالَتَاۤ اِنۡ اَمۡسَكَهُمَا مِنۡ اَحَدٍ مِّنۡۢ بَعۡدِهٖ ؕ اِنَّهٗ كَانَ حَلِیۡمًا غَفُوۡرًا ﴿۴۱﴾ . یَاطَحَّالُ اِرۡجِعۡ اِلٰی مَكَانِكَ بِحَقِّ أَبِیۡ بَكۡرِنِ الصِّدِّیۡقِ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنۡهُ.

لکھ کر طحال کی جگہ پر باندھیں۔(۱)

دفع طحال کے لئے

بروز یک شنبہ ایک قرص گل طحال کے برابر بنا کر طحال کی جگہ پر رکھیں، دست راست میں چاقو لے کر ایک بار سورہ الم نشرح باتسمیہ پڑھ کر چاقو سے اس قرص کو کاٹیں اور اس طرح سات دفعہ کریں، لیکن اول و آخر درود شریف زیادہ کریں، اس معمول کو تین یک شنبہ کریں ان شاء اللہ طحال کٹ جائے گی۔(۲)

عبادت سے نفرت اور گناہوں سے نفرت کا طریقہ

لَاحَوۡلَ وَلَاقُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ

کثرت سے پڑھنا بہت مفید ہے۔(۳)

عافیت کے لئے دعا

حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ سے منقول ہے:

اَللّٰهُمَّ إِنِّیۡ لَاأَتَحَمَّلُ عَلٰی نِعۡمَةِ الۡمَرَضِ فَأَبۡدِلۡهُ بِنِعۡمَةِ الۡعَافِیَةِ.

---

۱)۔عمدۃ السلوک:ص:۳۹۰۔

۲)۔عمدۃ السلوک:ص:۳۹۰۔

۳)۔تذکرہ علماء حق:عملیات خاندان ولی اللہی:ص:۵۲۷۔

ترجمہ: اے اللہ! میں **نعمت** مرض برداشت نہیں کرسکتا، اس کے بدلے **نعمت عافیت** عطافرما۔

اگر یہ دعا بیمار پڑھتا رہے تو **عافیت** ہوجائے گی اور اگر **عافیت** والا پڑھے تو دکھ سے محفوظ رہے گا، نیز **عافیت** کے لئے یہ دعا بھی پڑھ سکتا ہے:

اَللّٰھُمَّ إِنَّا نَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِي الدِّيْنِ وَالدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ۔ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ۔

طریقہ: ہرنماز کے بعد تین بار یہ دعا پڑھے، اور اول آخر، ایک، ایک بار درود شریف پڑھے۔(۱)

تمام دن آرام و عافیت میں رہے

اگر صبح سویرے درج ذیل دعا کو تین بار پڑھ لیا جائے تو تمام دن آرام و **عافیت** میں رہے گا، اور اگر شام کو پڑھ لیا جائے تو ساری رات امن واُمان میں گزرے گی:

بِسْمِ اللهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

ترجمہ: پناہ لیتا ہوں اس خداتعالی کے نام کے ساتھ کہ نہیں ضرر کرتی اس کے نام کے ساتھ کوئی چیز زمین اور آسمان میں، اور وہ سننے والا اور جاننے والا ہے ہر چیز کا۔

اس کے ساتھ اگر اول آخر درود شریف ایک، ایک بار پڑھ لے تو بہتر ہے۔(۲)

عشق مجازی سے حفاظت

غلبہ شہوت، برے تخیلات، عشق مجازی اور بدنظری سے بچنے کے لئے درج ذیل آیت

---

۱)۔معارف بہلوی: کتاب الادعیہ: فصل اول: ج: ۴ ص: ۳۸۶۔۳۸۷۔

۲)۔معارف بہلوی: کتاب الادعیہ: فصل اول: ج: ۴ ص: ۳۸۱۔

ہر روز صبح کی نماز کے بعد پڑھنے کا معمول بنالیا جائے، اِن شاء اللہ مذکورہ امراض سے نجات ملے گی۔

لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ فَاَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ عَلَيْهِمْ وَاَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيْبًا ﴿۱۸﴾ ۔۔۔(۱)

عشق مجازی سے نجات کے لئے

عاشق (چاہے لڑکی پر ہو یا لڑکے پر۔ از مرتب) کے لئے مناسب ہے کہ یہ آیت:

زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوٰتِ مِنَ النِّسَآءِ وَالْبَنِيْنَ وَالْقَنَاطِيْرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْاَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ؕ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ ﴿۱۴﴾ ۔۔۔آل عمران

نماز عشا کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھے اور سینہ پر دم کردے کہ: اللہ تعالی اس کو اس انجام بد سے نجات دے دیں۔(۲)

برائے علم وحفظ

اَللّٰهُمَّ أَخْرِجْنَا مِنْ ظُلُمَاتِ الْجَهْلِ وَأَكْرِمْنَا بِنُوْرِ الْفَهْمِ وَافْتَحْ عَلَيْنَا أَبْوَابَ فَضْلِكَ وَيَسِّرْ عَلَيْنَا خَزَائِنَ عِلْمِكَ۔

سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ﴿۳۲﴾

رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ﴿۱۰﴾

رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ﴿۲۵﴾ وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ ﴿۲۶﴾ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ

---

۱)۔خطبات مشاہیر: ج: ۴ص: ۵۳۱۔

۲)۔فتاوی فریدیہ: کتاب الطب والرقیۃ والتعویذ: ج:۱ص: ۴۱۰۔

لِّسَانِيْ ﴿۲۷﴾ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ﴿۲۸﴾ .... صبح وشام ایک مرتبہ

رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ... يَاحَافِظُ أَعِنِّيْ ...... صبح وشام تین مرتبہ

اَللّٰهُمَّ نَوِّرْ بِالْعِلْمِ قَلْبِيْ وَاسْتَعْمِلْ بِطَاعَتِكَ بَدَنِيْ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ... صبح وشام تین مرتبہ

اَللّٰهُمَّ يَامُعَلِّمَ إِبْرَاهِيْمَ (عليه السلام) عَلِّمْنِيْ وَيَامُفَهِّمَ سُلَيْمَانَ (عليه السلام) فَهِّمْنِيْ وَيَامُلْهِمَ الْمَلَائِكَةَ أَلْهِمْنِيْ ۔ ۔صبح وشام تین مرتبہ ۔۔۔(۱)

علمی اور روحانی ترقیوں کے لئے نسخہ اکسیر

اَلْوَلِيُّ، اَلْوَدُوْدُ، اَلْعَلِيْمُ اَلْحَلِيْمُ اَلْكَرِيْمُ اَلْوَهَّابُ، ذُوالطَّوْلِ، يَاذَاالْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ ۔

اس میں اسم اعظم بھی ہے، محبوبیت، تسخیر، اور علمی وروحانی ترقیوں کے لئے اکسیر ہے، ہر نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالیں ۔(۲)

علم وذہن کی ترقی کے لئے

فجر کی نماز کے بعد سات مرتبہ یہ دعا پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ افْتَحْ عَلَيْنَا أَبْوَابَ فَضْلِكَ وَيَسِّرْ عَلَيْنَا خَزَائِنَ عِلْمِكَ ۔

سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ .. (۳)

---

۱)۔انوار شمسیہ :ص:۸۶۔

۲)۔خطبات مشاہیر: ج:۴ ص:۴۸۷۔۴۸۸۔

۳)۔ترجمان شریعت وطریقت: مخصوص دعائیں: ص: ۲۳۳۔

عقدہ علمی کے حل کے لئے

سورہ الم نشرح خارج صلاۃ ۱۴ بار۔۔۔۔مؤثر ہے۔(۱)

عقیدہ پختہ کرنے کی بہترین دعا

حضرت ابوالحسن شاذلی رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ: جو شخص یہ دعا نماز کے بعد پڑھتا رہے گا اس کا عقیدہ پختہ رہے گا:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَسْئَلُكَ تَوْحِیْدًا لَا یَشُوْبُهُ ضِدٌّ وَیَقِیْنًا لَا یُخَالِطُهُ شَكٌّ۔

ترجمہ: اے اللہ! آپ سے سوال کرتا ہوں ایسی توحید کا جس کے خلاف کی ملاوٹ نہ ہو، اور ایسے یقین کا جس میں شک نہ ہو۔(۲)

حصول عنایت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے

درج ذیل آیات ہر نماز کے بعد ایک بار پڑھے، سلامتی وعنایت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شامل حال رہے گی، پڑھنے والا اس دن زندہ رہے گا، مقتول ہوگا نہ مضروب ہوگا:

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْكُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ﴿۱۲۸﴾
فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ﴿۱۲۹﴾ ۔۔۔(۳)

جس عورت کے صرف لڑکی پیدا ہوتی ہو

جس عورت کے لڑکی پیدا ہوتی ہو نہ لڑکا، تو حمل پر تین مہینہ گزرنے سے پہلے آیت

---

۱)۔مکتوبات افغانی: مکتوب نمبر: ۸۹۔ص: ۱۶۰۔

۲)۔معارف بہلوی: کتاب الادعیہ: فصل اول: ج: ۴ ص: ۳۹۲۔ ۳۹۳۔

۳)۔وظیفہ سعدیہ: ص: ۱۷۔۱۸۔ بحوالہ حرز سنوسی۔

اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ؕ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ۝٨ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ ۝٩ ۔تک اور آیت

يٰزَكَرِيَّآ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمِ ِۨ اسْمُهٗ يَحْيٰى ۙ لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِيًّا ۝٧ ۔۔۔تک

ہرن کے باریک چمڑے پر گلاب اور زعفران سے لکھ کر یہ لکھے:

بِحَقِّ مَرْيَمَ وَعِيْسٰى اِبْنًا صَالِحًا طَوِيْلَ الْعُمُرِ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔

اور عورت کی کمر سے باندھے۔اللہ تعالیٰ اسے لڑکا مرحمت کرے گا۔(۱)

جس عورت کی لڑکی ہی پیدا ہوتی ہو

جس عورت کی لڑکی ہی پیدا ہوتی ہو تو اس کے پیٹ پر شہادت کی انگلی دائرہ کی مانند ستر (۷۰) بار پھرائی جائے اور ہر بار یَامَتِیْنُ پڑھا جائے۔(۲)

جس عورت کا بچہ زندہ نہ رہتا ہو

جس عورت کا بچہ زندہ نہ رہتا ہو تو اجوائن اور سیاہ مرچ پر پیر کے روز ظہر کے قریب سورہ والشّمس چالیس مرتبہ پڑھے ،اور ہر بار شروع اور آخر میں درود شریف پڑھے اور حمل کے ظہور سے بچہ کے دودھ چھڑانے تک تھوڑا تھوڑا عورت کو کھلایا جائے ،ان شاء اللہ تعالیٰ بچہ کی عمر دراز ہوگی۔(۳)

---

۱)۔مقامات ارشادیہ وعنایتیہ :ص:۴۳۵۔

۲)۔مقامات ارشادیہ وعنایتیہ :ص:۴۳۶۔

۳)۔مقامات ارشادیہ وعنایتیہ :ص:۴۳۵۔۴۳۶۔

رد غائب

اگر کسی کالڑکالاپتاہوکرکہیں چلا گیا،تواس کوواپس لانے کے لئے آیات ذیل لکھ کر چرخے کے ساتھ باندھیں اورتین دن تک صبح وشام پندرہ، پندرہ منٹ، چرخا الٹا گھمائیں، پھرکسی پھل داردرخت پرلٹکادیں، اِن شاءاللہ تعالیٰ گھر سے غائب واپس آجائے گا، یااس کا پتاچل جائے گا وہ آیات یہ ہیں:

اِنَّا رَآدُّوْهُ اِلَيْكِ

فَرَدَدْنٰهُ اِلٰٓى اُمِّهٖ كَیْ تَقَرَّ عَيْنُهَا

اِنَّ الَّذِیْ فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لَرَآدُّكَ اِلٰى مَعَادٍ ط

پھراس غائب کانام اوراس کے والد کانام لکھ دے۔(۱)

رد غائب

اگرکسی کالڑکا یااورکوئی لاپتہ ہوگیاہو،تواس کے واپس آنے کے لئے آیات ذیل لکھ کر اس تعویذ کوکالے یانیلے کپڑے میں لپیٹ کرگھرمیں جوکوٹھڑی زیادہ تاریک ہواس میں دوپتھروں کے درمیان اس طرح رکھ دیاجائے کہ اس پرکسی کاپاؤں نہ پڑے، پتھرنہ ہوں توچکی کے دوپاٹوں میں دبادیں اورلفظ فلاں بن فلانۃ کی جگہ اس لاپتہ کانام اوراس کی ماں کانام لکھیں، پہلے سورہ فاتحہ اورآیت الکرسی لکھ کر:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِاَنَّ لَكَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَنْ فِيْهِنَّ

فَاجْعَلِ اللّٰهُمَّ السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا فِيْهِمَا وَمَا عَلٰى عَبْدِكَ

فلاں بن فلانۃ اَضْيَقَ مِنْ خَلْقِهٖ حَتّٰى يَرْجِعَ اِلٰى مَوْلَاهُ

بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ۔

پھر لکھے:

اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِیْ بَحْرٍ لُّجِّیٍّ يَّغْشٰهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ

---

۱)۔معارف بہلوی: کتاب الادعیہ: فصل سوم: ج:۴ ص:۴۱۰۔

سَحَابٌ ؕ ظُلُمٰتٌۢ بَعۡضُهَا فَوۡقَ بَعۡضٍ ؕ اِذَاۤ اَخۡرَجَ يَدَهٗ لَمۡ يَكَدۡ
يَرٰىهَا ؕ وَمَنۡ لَّمۡ يَجۡعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوۡرًا فَمَا لَهٗ مِنۡ نُّوۡرٍ ۝٤٠
وَمِنۡ وَّرَآٮِٕهِمۡ بَرۡزَخٌ اِلٰى يَوۡمِ يُبۡعَثُوۡنَ ۝١٠٠
وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِىَ خَلۡقَهٗ ؕ
وَّاللّٰهُ مِنۡ وَّرَآٮِٕهِمۡ مُّحِيۡطٌ ۝٢٠ بَلۡ هُوَ قُرۡاٰنٌ مَّجِيۡدٌ ۝٢١ فِىۡ لَوۡحٍ
مَّحۡفُوۡظٍ ۝٢٢

پھر کہے: اَللّٰهُمَّ إِنِّيۡ أَسۡئَلُكَ بِحَقِّ هٰذِهِ الۡاٰيَاتِ أَنۡ تُصَلِّيَ عَلٰى نَبِيِّكَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّآلِهِ وَصَحۡبِهِ وَسَلِّمۡ وَأَنۡ تَرُدَّ الۡعَبۡدَ إِلٰى مَوۡلَاهُ بِرَحۡمَتِكَ يَاأَرۡحَمَ الرَّاحِمِيۡنَ۔(١)

غم وسختی دور کرنے کا مجرب نسخہ

اگر غم وفکر میں پریشان اور حیرت وقلق میں ہوتو یہ دعا پڑھے:

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ الۡعَظِيۡمُ الۡحَلِيۡمُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوَاتِ وَالۡأَرۡضِ، رَبُّ الۡعَرۡشِ الۡعَظِيۡمِ.

طریقہ: ہر رات اول آخر سات بار درود شریف اور ایک سو گیارہ بار یہ دعا پڑھے، تو نجات ہوگی، اگر یہ دعائے معظم قیدی کی رہائی کے لئے پڑھے تو اسم اعظم کا حکم رکھتی ہے۔(۲)

غموم اور ہموم سے نجات کے لئے

لَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ۔۔۔۔تین سو تیرہ مرتبہ

اور آخر میں لَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الۡعَلِيِّ الۡعَظِيۡمِ۔ **مکمل** پڑھنا۔ اول وآخر درود شریف تین مرتبہ۔(۳)

---

۱)۔عمدۃ السلوک: حصہ دوم: ۴۰۴۔۴۰۵۔

۲)۔معارف بہلوی: کتاب الادعیہ: فصل اول: ج:۴ ص:۳۸۵۔

۳)۔انوار شمسیہ: ص: ۹۴۔

غیبت سے حفاظت کا نسخہ

حضرت مولانا شیخ محمد تھانوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اگر شروع مجلس میں
بِسۡمِ اللّٰہِ الَّذِیۡ لَا یَضُرُّ مَعَ اسۡمِہٖ شَیۡءٌ فِی الۡاَرۡضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ وَھُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ
تین بار پڑھے تو غیبت سے محفوظ رہے گا۔(۱)

قیدی کی رہائی اور دفع غم کے لئے

اگر کوئی شخص دفع غم، رہائی اور قید سے نجات پانے کے لئے: لَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ، ۵۷۵ بار اور اول آخر سات، سات بار درود شریف پڑھتا رہے، تو ان شاء اللہ تعالیٰ غم کافور ہو جائے گا اور قید سے نجات ملے گی، بشرطیکہ بلا جرم قید ہوا ور اگر اتنا پڑھنے کی فرصت نہ ہو تو ۳۱۳ بار پڑھے۔(۲)

اگر غم زیادہ ہو اور کشائش رزق کے لئے

اگر غم واندوہ زیادہ تکلیف کا باعث ہو تو کلمہ شریف: لَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ، ہر وقت ورد زبان رکھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس کلمہ شریف کی برکت سے تمام رنج والم دفع ہو جائیں گے اور کاروبار میں کشائش ہوگی۔(۳)

غنائے ظاہری و باطنی کے لئے

یہ آیت: لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ سُبۡحٰنَکَ ﷺ اِنِّیۡ کُنۡتُ مِنَ الظّٰلِمِیۡنَ ﴿۸۷﴾ ۳۱۳ مرتبہ

---

۱)۔معارف بہلوی: کتاب الادعیہ: فصل اول: ج: ۴ ص: ۳۸۳۔
۲)۔معارف بہلوی: کتاب الادعیہ: فصل اول: ج: ۴ ص: ۳۸۴۔
۳)۔تحفہ زاہدیہ: حصہ دوم: مکتوب: ۲۹۔ص: ۲۱۲۔

پڑھیں۔آگے پیچھے ایک سومرتبہ درودشریف۔(۱)

عمل سورہ فاتحہ مع طریقہ زکاۃ

ہرمقصد کے لئے نمازفجر کی سنتوں اورفرض کے درمیان روزانہ بلاناغہ سورہ فاتحہ اکتالیس مرتبہ،اوراول وآخردرودشریف سات مرتبہ پڑھے،اسی طرح چالیس دن پورے کرے،پھرجس کام کے لئے چند مرتبہ بمع درودشریف پڑھ کر یاایک باربرائے تعویذ لکھ کردے گا،کامیابی ہوگی۔

اگراسی طرح ہمیشہ پڑھتارہے،توفلاح کی علامت ہے۔

پڑھنے کاطریقہ یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیمِ اَلْحَمْدُ للہ۔۔۔الخ

رحیم کے میم کوالحمد کے لام سے ملاکر پڑھے۔(۲)

فالج ،شوگر، بلڈ پریشراوراچانک حوادثات سے بچنے کے لئے

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْأَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔

صبح وشام تین مرتبہ۔(۳)

فالج اورکمر کے درد کے لئے

فالج اورکمر درداورعرق النساکے واسطے سورۃ الفاتحہ ایک پاک برتن میں لکھے اورروغن بلسان سے اسے دھوکراورسات باراس تیل پرسورہ فاتحہ پڑھ کردم کرے اورتیل کوتمام بدن

۱)۔ترجمان شریعت وطریقت:مخصوص دعائیں ص:۲۳۴۔

۲)۔خطبات افغانی:ص:۴۵۰۔

۳)۔انوارشمسیہ:ص:۹۴۔

پر دو، تین روز ملا کرے، مفید ہے۔(۱)

فتنوں سے بچنے کے لئے

اَللّٰهُمَّ إِنَّا نَعُوْذُبِكَ مِنَ الْفِتَنِ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ۔

کم از کم ۲۱ بار پڑھا کریں۔(۲)

قحط سالی کے خاتمہ کے لئے

تین روز تک کلام اللہ شریف کا ختم کرنا چاہئے اور ایک لاکھ درود شریف۔ خداوند کریم سے فضل کی امید ہے۔(۳)

قرض ادا کرنے کے لئے

سورہ لایلاف قریش ہر روز صبح وشام گیارہ گیارہ مرتبہ اور

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ، وَأَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ

ہر نماز کے بعد سات مرتبہ اور جمعہ کی نماز کے بعد (۷۰) مرتبہ پڑھا کرو۔(۴)

قرض کی ادائے گی کے لئے

صبح وشام یہ دعائیں سات مرتبہ ادائے قرض کے لئے اکسیر ہیں:

۱) اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ، وَأَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔

۲) اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحَزَنِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنَ

---

۱)۔ تذکرہ علماء حق: عملیات خاندان ولی اللہی: ص: ۵۳۴۔

۲)۔ مکتوبات افغانی: مکتوب نمبر: ۱۱۳۔ ص: ۱۹۱۔

۳)۔ تحفہ زاہدیہ: حصہ دوم: مکتوب: ۹۔ ص: ۱۷۹۔

۴)۔ مکتوبات غفوری: ص: ۴۲۔

الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنَ الْبُخْلِ وَالْجُبْنِ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّيْنِ وَقَهْرِ الرِّجَالِ ۔(۱)

قرض سے خلاصی کے لئے

روزانہ گیارہ سو مرتبہ یَامُغْنِیُ اور تین بار بوقت عصر سورۃ مزمل پڑھنے پر مداومت رکھیں۔(۲)

ادائے گی قرض کے لئے

اگر کوئی قرض دار ہر نماز کے بعد پچیس (۲۵) بار اور عشا کے بعد سو پچیس (۱۲۵) بار یہ دعا پڑھے گا تو اللہ تعالی کی مہربانی سے اس کا قرض ادا ہو جائے گا:

اللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ، وَأَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ ۔۔۔(۳)

قرض سے نجات کے لئے

اللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ، وَأَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ

۔ صبح وشام سات مرتبہ

اور نماز جمعہ کے بعد ستر (۷۰) مرتبہ پڑھنا زیادہ مفید ہے۔(٤)

قرض اور ہر مشکل کے لئے

سورہ نصر بعد از نماز فجر، ۲۱ بار۔ بعد نماز ظہر، ۲۲ بار، بعد نماز عصر، ۲۳ بار، بعد نماز

---

۱)۔ترجمان شریعت وطریقت: مخصوص دعائیں: ص: ۲۳۳۔

۲)۔مکتوبات افغانی: مکتوب نمبر: ۷ ص: ۵۲۔

۳)۔وظیفہ سعدیہ: ۲۱ بحوالہ مسند احمد وترمذی۔

٤)۔انوار شمسیہ: ص: ۹۳۔

مغرب، ۲۴ بار، بعد نماز عشا، ۲۵ بار۔ مداومت کلید کامیابی ہے۔(۱)

وظیفہ قرض

صبح کی نماز کے بعد سورۃ النصر چالیس مرتبہ۔(۲)

قرض سے چھٹکارہ حاصل کرنے کا وظیفہ

اللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ، وَأَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔

بہتر یہ ہے کہ عشا کی نماز کے بعد یہ وظیفہ عاجزی سے پانچ سو بار پڑھے، إن شاءاللہ جلد ہی قرضہ ادا ہو جائے گا۔(۳)

قساوت قلبی دور کرنے کا وظیفہ

رَبِّ اِنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ۔ پر دوام رکھیں بہت مفید ہے۔

بعد از فجر تا صحت سات بار یہ بھی پڑھا کریں:

اَللّٰهُمَّ لَاتُشْمِتْ أَعْدَائِيْ بِدَائِيْ وَاجْعَلِ الْقُرْآنَ الْعَظِيْمَ شِفَائِيْ فَأَنَا الْعَلِيْلُ وَأَنْتَ الْمُدَاوِيْ۔(٤)

اختلاج قلب کے لئے

اختلاج قلب کے لئے سورہ الم نشرح گیارہ بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پئیں۔(٥)

---

۱)۔خطبات افغانی: ص: ۴۴۸۔

۲)۔خطبات افغانی: ص: ۴۴۹۔

۳)۔سوانح مجاہد ملت حضرت مولانا غلام غوث ہزارویؒ: ص: ۱۰۳۔

٤)۔مکتوبات افغانی: مکتوب نمبر: ۵۹۔ص: ۱۲۵۔

٥)۔حضرت علامہ عبدالشکور فاروقی لکھنویؒ حیات وخدمات: ص: ۱۹۱۔

برائے اختلاج قلب

آیات ذیل لکھ کر گلے میں اس طرح ڈالیں کہ قلب پر پڑی رہیں:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اَلَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَتَطۡمَئِنُّ قُلُوۡبُہُمۡ بِذِکۡرِ اللّٰہِ ؕ اَلَا بِذِکۡرِ اللّٰہِ تَطۡمَئِنُّ الۡقُلُوۡبُ ﴿۲۸﴾

وَّرَبَطۡنَا عَلٰی قُلُوۡبِہِمۡ

لَوۡلَاۤ اَنۡ رَّبَطۡنَا عَلٰی قَلۡبِہَا لِتَکُوۡنَ مِنَ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ ﴿۱۰﴾

وَلِیَرۡبِطَ عَلٰی قُلُوۡبِکُمۡ ...(۱)

کاروبار میں ترقی کے لئے

صبح وشام سورۃ القریش گیارہ مرتبہ پڑھیں۔(۲)

تعویذ برائے کاروبار ودکان کے لئے

یَّرۡجُوۡنَ تِجَارَۃً لَّنۡ تَبُوۡرَ

ویَامُقَلِّبَ الۡقُلُوۡبِ وَالۡاَبۡصَارِ ویَاخَالِقَ اللَّیۡلِ وَالنَّہَارِ۔

اجۡعَلۡ اَفۡـِٕدَۃً مِّنَ النَّاسِ تَہۡوِیۡۤ اِلَیۡہِمۡ

یَاحَیُّ یَاقَیُّوۡمُ بِرَحۡمَتِكَ أَسۡتَغِیۡثُ

وَصَلَّ اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ وَسَلَّمۡ۔(۳)

برائے ترقی کاروبار

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اِیَّاكَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاكَ نَسۡتَعِیۡنُ

(ایک سوایک بار پڑھنا، اول وآخر تین تین بار درود شریف)۔(٤)

---

۱)۔عمدۃ السلوک: حصہ دوم: ص:۴۱۰۔

۲)۔انوار شمسیہ: ص:۸۸۔

۳)۔انوار شمسیہ: ص:۹۵۔

٤)۔مجالس غور غشتوی: ص:۲۶۱۔

اگر پاگل کے کتے نے کاٹا ہو

جس شخص کو پاگل کتے نے کاٹا ہواور آدمی کے پاگل ہونے کا اندیشہ ہوتو آپ یہ آیت روٹی کے چالیس ٹکڑوں پر لکھئے اور اسے کہیے کہ وہ ہر روز روٹی کا ایک ٹکڑا کھا لے:

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۝١٥ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۝١٦ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۝١٧ ۔(١)

اگر کسی کو دیوانہ کتا کاٹ لے

توسورۂ فاتحہ اور چہار قل پڑھ کر دم کرے، از حد مجرب ہے۔(٢)

کشادگی ذہن کے لئے

کتاب کے مطالعہ کے اول و آخر، تین تین دفعہ پڑھا کرو:

اَللّٰهُمَّ نَوِّرْ بِالْعِلْمِ قَلْبِيْ وَاسْتَعْمِلْ بِطَاعَتِكَ بَدَنِيْ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ۔

اِن شاءاللہ تعالیٰ ذہن کھل جائے گا۔(٣)

کلمہ طیبہ کے فضائل

١)جو شخص روزانہ ہزار بار وضو کی حالت میں

لا إله إلا الله محمد رسول الله

پڑھے گا، اس پر اسباب رزق آسان ہوں گے۔(٤)

---

١)۔تحفہ زواریہ: مکتوب نمبر: ١٠٤۔ص: ١٤٨۔

٢)۔عمدۃ السلوک: حصہ دوم: ص: ٤٣١۔

٣)۔مکتوبات غفوری: ص: ٢٠٦۔

٤)۔وظیفہ سعدیہ ص: ٢٠۔بحوالہ کشکول کلیمی۔

۲)حدیث میں ہے کہ سب سے بہتر ذکر: لا إلہ إلا اللہ ہے۔۔(۱)

برائے دورۂ کمیڑ ہ

جب بچے کومسان کادورہ پڑرہاہوتوسات بارالحمد پوری اورسات باسورۃ النصر پوری اورسات باردرود ابراہیمی پڑھ کردم کرے اور پڑھتے ہوئے داہنے ہاتھ کی انگشت شہادت کوسینہ اور پیٹ پر پھیرتا رہے۔(۲)

کھیتی باڑی کی حفاظت کے لئے

بسم اللہ الرحمن الرحیم اللہ یارزاق العباد یاخلاق الخلائق یافاطرالسماوات ویامثبت الزرع فی الارض والنبات ویامجیب الدعوات ادفع من ھذاالزرع شرالھوام والوحوش وشرالفارۃ والخنازیر المفسدۃ وارزقنا رزقا حسناوصلی اللہ علی خیر خلقه محمد وآله وأصحابه أجمعین۔

اس عبارت کوکاغذ پرلکھ کروہ ٹھیکری جس پرابھی تک پانی نہ لگاہو،اس میں بندکر کے زمین کے درمیان دفن کردیں۔ إن شاءاللہ، اللہ تعالی کے فضل سے خیر ہوگی۔(۳)

کھیت کی حفاظت کے لئے

اصحاب کہف کے اسمائے مبارک لکھ کر ہنڈیا میں بندکرکے کھیت کے ہرکونے میں دفنادیں۔ إن شاءاللہ کھیت ہرقسم کےنقصان وژالہ باری سے محفوظ رہے گا۔(٤)

---

۱)۔وظیفہ سعدیہ:ص:۲۰۔بحوالہ ترمذی

۲)۔عمدۃ السلوک: حصہ دوم:ص:۴۱۰۔

۳)۔معمولات مظہریہ:ص:۱۳۵۔

٤)۔تحفہ زاہدیہ:حصہ اول:مکتوب:۵۵۔ص:۱۰۶۔

گاڑی حادثہ سے محفوظ رہے

گاڑی میں سوار ہونے کے بعد یَالَطِیۡفُ یَاحَفِیۡظُ (۴۔۵) کہنے سے گاڑی کو کوئی حادثہ نہیں ہوتا۔(۱)

گلے کے سوجنے کے لئے

جب گلہ سوجھ جائے تو: بسم اللہ الرحمن الرحیم لی اللہ، لی اللہ، ھو یو کع فی اللوح۔ کو بروز پیر یا جمعہ کو لکھ کر گلے میں باندھ لیں، ان شاء اللہ خیر ہوگی۔(۲)

گم شدہ چیز کی بازیابی کے لئے

اگر کسی کی کوئی چیز گم ہو جائے، وہ یا حفیظ ایک سو انیس (۱۱۹) بار پڑھ کر یہ آیت ایک سو انیس (۱۱۹) بار پڑھے، اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے وہ چیز اسے مل جائے گی۔

یٰبُنَیَّ اِنَّهَاۤ اِنۡ تَكُ مِثۡقَالَ حَبَّةٍ مِّنۡ خَرۡدَلٍ فَتَكُنۡ فِیۡ صَخۡرَةٍ اَوۡ فِی السَّمٰوٰتِ اَوۡ فِی الۡاَرۡضِ یَاۡتِ بِهَا اللّٰهُ ؕ ...(۳)

گناہوں کی معافی وفراخیٔ رزق کے لئے

سُبۡحَانَ اللهِ وَبِحَمۡدِهٖ، سُبۡحَانَ اللهِ الۡعَظِيۡمِ وَبِحَمۡدِهٖ أَسۡتَغۡفِرُ اللهَ۔

یہ وظیفہ جو شخص بوقت سحر ایک سو ایک (۱۰۱) بار پڑھے گا۔ تو اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں کو معاف فرمائے گا۔ اور روزی میں برکت اور فراخی بخشے گا۔(۴)

---

۱)۔ نقشبندی کشکول: ص: ۴۶۔

۲)۔ معمولات مظہریہ: ص: ۱۳۵۔

۳)۔ وظیفہ سعدیہ: ص: ۲۲۔ بحوالہ القول الجمیل۔

۴)۔ وظیفہ سعدیہ: ص: ۲۱۔ بحوالہ وظیفہ السالکین۔

گناہوں سے معافی اور خاتمہ بالخیر ہونے کا طریقہ

عفو گناہ کے لئے استغفار اور خاتمہ بالخیر ہونے کے لئے کلمہ طیبہ کا زیادہ ورد رکھنا اور نماز کے بعد آیت الکرسی پڑھنا نہایت مفید ہے۔(۱)

گھبراہٹ دور کرنے کے لئے

یَاوَھَّابُ چودہ دفعہ پڑھا کریں۔(۲)

گھریلو پریشانیوں کے لئے

سورہ فاتحہ مع التسمیہ سنت فجر وفرض فجر کے درمیان بہ تصور مقصد پڑھے۔عشا کے بعد یا عصر کے بعد **لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ﴿۸۷﴾** سو بار۔ **رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ** ۔ بہ تصور مقصد پڑھا کرے۔(۳)

جس گھر میں بد بو آتی ہو

گھر میں جو بد بو آتی ہے اس کے سلسلے میں یہ کریں کہ دو کاغذوں پر آیت الکرسی لکھ کر ایک کاغذ صدر دروازہ پر اور ایک کاغذ خاص اس مقام کے قریب چسپاں کر دیں اور روزانہ صبح وشام آیت الکرسی پڑھ کر چاروں طرف دم کر کے تین مرتبہ دستک دیا کریں۔جس کوٹھری میں یہ شکایت ہے اس میں تین روز بوقت مغرب اذان دے کر چاروں طرف پھونک کر تین مرتبہ دستک دے دیں۔(٤)

---

۱)۔تذکرہ علماء حق: عملیات خاندان ولی اللہی:ص:۵۲۷۔

۲)۔فتاوی فریدیہ: کتاب الطب والرقیۃ والتعویذ: ج:۱ص:۴۱۱۔

۳)۔مکتوبات افغانی: مکتوب نمبر:۱۱۶۔ص:۱۹۳۔

٤)۔حضرت علامہ عبدالشکور فاروقی لکھنویؒ حیات وخدمات:ص:۱۹۱۔

جس گھر میں پتھر لگتے ہوں

جس کے گھر میں شیطان آتے ہوں اور پتھر پھینکتے ہوں، وہ آیت
اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ﴿۱۵﴾ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ﴿۱۶﴾ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ﴿۱۷﴾
تک لوہے کی چار میخوں پر ہر ایک میخ پر پچیس بار پڑھے اور میخوں کو مکان کے چاروں گوشوں میں گاڑ دے۔ یا اسمائے اصحاب کہف چار کاغذوں پر لکھ کر گھر کے چاروں گوشوں میں لٹکا دے۔(۱)

لڑکا بدخو ہو

ہوتو یہ آیت لکھ کر گردن میں ڈال دے:
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ وَلَبِثُوْا فِيْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِيْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا ﴿۲۵﴾... يَوْمَئِذٍ يَّتَّبِعُوْنَ الدَّاعِيَ لَا عِوَجَ لَهٗ ۚ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا ﴿۱۰۸﴾...(۲)

لڑکا پیدا ہونے کے واسطے

حمل پر ڈیڑھ مہینہ گزرنے کے بعد تیس روز تک یہ تعویذ لکھ کر عورت کو ہر روز پلائے وہ تعویذ معظم یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَسَلِّمْ
صَيَّرَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى ذَكَرًا اِنْ كَانَ اُنْثٰى

---

۱)۔مقامات ارشادیہ وعنایتیہ: ص: ۴۳۴۔

۲)۔تذکرہ علماء حق: عملیات خاندان ولی اللہی: ص: ۵۳۸۔۵۳۹۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ وَسَلِّمْ ۔۔۔(۱)

لڑکیوں کے رشتے کے لئے

لڑکیوں کے رشتہ ملنے کے لئے **یَاوَدُوْدُ یَالَطِیْفُ** سو،سو مرتبہ پڑھنا اور دعا کرنا مجرب ہے اور ظالم کے قلوب کو نرم کرنے کے لئے بھی مجرب ہے۔(۲)

ورد برائے دفع لکنت لسانی

قبل از درس وتلاوت:

رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ﴿۲۵﴾ وَیَسِّرْ لِیْٓ اَمْرِیْ ﴿۲۶﴾ وَاحْلُلْ عُقْدَۃً مِّنْ لِّسَانِیْ ﴿۲۷﴾ یَفْقَھُوْا قَوْلِیْ ﴿۲۸﴾ ۔۔۔تین مرتبہ

صبح وشام۔سورۃ الانشراح،سات مرتبہ۔۔۔(۳)

ماہواری کی کمی

آیات ذیل کو لکھ کر گلے میں اس طرح ڈالیں کہ تعویذ رحم پر پڑا رہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَجَعَلْنَا فِیْھَا جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِیْلٍ وَّاَعْنَابٍ وَّفَجَّرْنَا فِیْھَا مِنَ الْعُیُوْنِ ﴿۳۴﴾ لِیَاْكُلُوْا مِنْ ثَمَرِہٖ ۙ وَمَا عَمِلَتْہُ اَیْدِیْھِمْ ۭ اَفَلَا یَشْكُرُوْنَ ﴿۳۵﴾ ۔۔۔اَوَلَمْ یَرَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰھُمَا ۭ وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ كُلَّ شَیْءٍ حَیٍّ ۭ اَفَلَا یُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۰﴾ (۴)

---

۱)۔تذکرہ علماء حق: عملیات خاندان ولی اللّٰہی: ص:۵۳۸۔۵۳۹۔

۲)۔صدائے غیب: ص:۵۰۔

۳)۔انوار شمسیہ: ص:۹۷۔

۴)۔تذکرہ علماء حق: عملیات خاندان ولی اللّٰہی: ص:۵۳۸۔۵۳۹۔

ماہواری کی زیادتی

اگر کسی عورت کو ایام ماہ واری زیادہ آتے ہوں اور اس سے تکلیف ہو تو آیات ذیل لکھ کر گلے میں ڈالیں، اس طور کہ تعویذ رحم پر پڑا رہے:

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔ وَقِيۡلَ يٰۤاَرۡضُ ابۡلَعِىۡ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقۡلِعِىۡ وَغِيۡضَ الۡمَآءُ وَقُضِىَ الۡاَمۡرُ وَاسۡتَوَتۡ عَلَى الۡجُوۡدِىِّ وَقِيۡلَ بُعۡدًا لِّـلۡقَوۡمِ الظّٰلِمِيۡنَ﴿۴۴﴾ ۔ ۔ (۱)

ایام ماہ واری میں بے قاعدگی کو درست کرنے کے لئے

مندرجہ ذیل تین تعویذ ایام ماہ واری کی بے قاعدگی کو درست کرنے کے لئے انتہائی مجرب ثابت ہوئے ہیں، چوں کہ جب تک ایام میں بے قاعدگی رہے گی اولاد ہونا مشکل ہے، اس لئے اولاد کے تعویذات سے پہلے خدانخواستہ اگر ایام میں بے قاعدگی ہو تو اس کے لئے یہ تین تعویذات دیں:

۱) فَاللّٰهُ خَيۡرٌ حٰفِظًا

یہ کاغذ پر لکھ کر تعویذ بنا کر ناف کے نیچے باندھنا ہے۔

۲/۳) دوسرے اور تیسرے تعویذ میں ایک ہی آیت لکھنی ہے، وہ یہ ہے:

وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوۡلٌ‌ ۚ قَدۡ خَلَتۡ مِنۡ قَبۡلِهِ الرُّسُلُ‌ؕ اَفَا۟ٮِٕنْ مَّاتَ اَوۡ قُتِلَ انْقَلَبۡتُمۡ عَلٰۤى اَعۡقَابِكُمۡ‌ؕ

ایک تعویذ کمر پر باندھنا ہے اور دوسرا تعویذ سینہ پر باندھنا ہے۔ ان شاءاللہ العزیز ایام اپنی عادت پر آجائیں گے۔ (۲)

---

۱) ۔تذکرہ علماء حق: عملیات خاندان ولی اللہی: ص: ۵۳۸۔۵۳۹۔

۲) یہ عمل راقم الحروف احسان الحق عفی عنہ کو کچلاک کے ایک بزرگ مولانا عبدالمنان زید مجدہ نے دیا تھا۔

متفرق چیزوں کے لئے

اگر آپ کو کوئی حاجت ہو، یا آپ کا کوئی شخص غائب ہو آپ چاہتے ہوں کہ وہ غائب شخص خیریت اور نفع کے ساتھ واپس آجائے، یا آپ کا کوئی بیمار ہو اور آپ چاہتے ہوں کہ اللہ اسے شفا دے تو فجر کی سنتوں اور فرض کے مابین ۴۱ بار سورہ فاتحہ پڑھئے۔(۱)

بچوں کے مٹی کھانے کا علاج

مرغی کا انڈہ لے کر اسے پانی میں ابالیں جب پک جائے تو ٹھنڈا کر کے چھلکا اتار لیں اور سیاہی لئے بغیر ناخن سے یا پاک تنکے سے اس پر یہ آیت لکھ لیں:

فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۱۳۷﴾

پھر ٹکڑے ٹکڑے کر کے بچے کو کھلاتے رہیں، انڈہ قابض ہے وقفے وقفے سے کھلاتے رہیں، اس کی برکت سے اللہ پاک رحم فرمادے گا، اگر اس کے اثرات جلد ظاہر نہ ہوں تو پھر دوسرے انڈے پر یہی لکھ کر بچے کو کھلائیں، اللہ پاک رحم فرمادے گا۔(۲)

مثانہ کی کمزوری کی تکلیف کے لئے

ہر نماز کے بعد ۲۱ مرتبہ یَارَبِّ اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ کا ورد کریں۔ اللہ تعالیٰ شفا عطا فرمائے گا۔(۳)

ایک مجرب عمل

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ أَفْضَلِ صَلَوَاتِكَ بِعَدَدِ مَعْلُوْمَاتِكَ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ۔

---

۱)۔ تحفہ زواریہ: مکتوب نمبر: ۱۰۴۔ ص: ۱۴۸۔

۲)۔ خطبات مشاہیر: ج: ۴ ص: ۴۸۹۔ ۴۹۰۔

۳)۔ تحفہ زواریہ: مکتوب نمبر: ۱۱ ص: ۳۴۔

دن،رات میں ایک ہزار مرتبہ،اگر اتنا نہ ہوسکے تو پانچ سو مرتبہ،اگر اس قدر بھی نہ پڑھ سکوتو سو مرتبہ ورد کرلیا کریں۔

(اس کے پڑھنے سے اِن شاء اللہ العزیز،اللہ تعالی کی محبت اور مشائخ عظام کی محبت حاصل ہوگی۔

اللہ تعالی اگلے پچھلے سب گناہوں کو معاف فرمادے گا۔

معاش کوئی ذریعہ نکل آئے گا۔قرض وغیرہ سے سبک دوشی ہوگی)۔(۱)

محبت کا عمل

مندرجہ ذیل تعویذ کو موم جامہ کرکے گلے میں ڈالے یا دائیں بازو میں باندھے:

بستم دل بستم جان بستم زبان بستم بندہا وبستم ہوش وبستم عقل وبستم شکل وبستم وہم وبستم خیال وبستم خواب وآرام وبستم شنوائی وبستم گویائی وبستم بینائی ہمہ رابند کردم فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں۔(۲)

محبت الٰہی اور دفع شرم ساری کے لئے

تڑپنے پھڑکنے کی توفیق دے
دل مرتضی سوز صدیق دے
مرا شرمساری زروئے تو بس
دگر شرمسارم مکن پیش کس

طریقہ:بعد نماز عشا اکیس بار یہ اشعار پڑھے،اور اول آخر تین،تین بار درود شریف پڑھتا رہے۔(۳)

---

۱)۔تحفہ زاہدیہ:حصہ اول:مکتوب:۱۲۳۔ص:۱۵۱۔

۲)۔خطبات افغانی:ص:۲۵۳۔

۳)۔معارف بہلوی:کتاب الادعیہ:فصل اول:ج:۴:ص:۳۹۴۔

محبت الٰہی کا دوسرا نسخہ

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ حَرَکَاتِیْ وَسَکَنَاتِیْ کُلَّھَا فِیْ مَحَبَّتِکَ وَتَقْوَاکَ

ترجمہ: اے اللہ! میرے ہر چلنے پھرنے اور آرام کو اپنی محبت کے لئے اور اپنے قانون پر عمل کرنے کے لئے بنا۔

طریقہ:

صبح وشام سات بار یہ دعا اور اول آخر ایک، ایک بار درود شریف پڑھا کرے۔(۱)

اللہ تعالی کی محبت کے لئے

صبح کی سنت اور فرض کے درمیان اکتالیس بار درج ذیل دعا اور اول آخر تین، تین بار درود شریف پڑھا کرے، اللہ تعالی اپنی محبت کے طریق کو اس کے لئے آسان فرمائے گا:

یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ لَااِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ اَنْ تُحْیِیَ قَلْبِیْ بِنُوْرِ مَحَبَّتِکَ وَمَعْرِفَتِکَ اَبَدًا یَااللہُ یَااللہُ۔

ترجمہ: اے ہمیشہ سے زندہ رہنے والے! اے تمام دنیا کے حافظ ورزاق! تیرے سوا کوئی معبود نہیں، آپ سے سوال کرتا ہوں کہ میرے دال کو اپنی محبت ومعرفت کے نور سے زندہ فرمادے، ہمیشہ کے لئے، اے اللہ! اے اللہ!۔

نیز ذکر کی کثرت محبت کے غلبہ کا سبب ہے، اسی طرح اللہ تعالی کی نعمتوں کا شمار بھی زیادتیٔ محبت کا موجب ہے، قرآن مجید کی تلاوت اور اس کے معنی کا تدبر وتفکر، زیادتیٔ محبت کا موجب ہے، اور اللہ تعالی کی مخلوق اور اپنے وجود کے حالات میں تفکر بھی غلبہ محبت کا موجب ہے۔(۲)

---

۱)۔معارف بہلوی: کتاب الادعیہ: فصل اول: ج: ۴ ص: ۳۹۴۔۳۹۵۔

۲)۔معارف بہلوی: کتاب الادعیہ: فصل اول: ج: ۴ ص: ۳۹۵۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت کے لئے

لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ الْحَنَّانُ الْمَنَّانُ بَدِيْعُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ
يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ
أَعْطِنِيْ حُبَّكَ، وَحُبَّ مَنْ يُّحِبُّكَ، وَحُبَّ عَمَلٍ يُقَرِّبُنِيْ إِلٰى حُبِّكَ

ایک سوایک بار، اول وآخرتین، باردرودشریف۔ رات کو پڑھنا۔(۱)

محبت زوجین کے لئے

آیات ذیل اپنے پاس تعویذ بنا کر رکھے:

وَأَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ ۚ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ ﴿٣٩﴾
يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَيَا مُسَخِّرَ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَالْأَرَضِيْنَ السَّبْعِ قَلِّبْ (لفلان قلب فلان) بِالْخَيْرِ لِأَدَاءِ الْحُقُوْقِ يَا وَدُوْدُ حَبِّبْ حَبِّبْ يَا وَدُوْدُ۔

فلان کی جگہ اس کا نام لکھے جس کو محبت نہیں اور لفلان کی جگہ اس کا نام لکھے جس کے لئے محبت کرانی ہو، اور یالطیف یاودود، گیارہ سو بار، گیارہ عدد، کالی مرچ پر پڑھ کرا کتالیس روز تک بلاناغہ جلتی آگ میں ڈالتا رہے، اگر دوسرا چلہ بھی پڑھے تو عمدہ ہے، بے محبت کو محبت ہو جائے گی، اِن شاءاللہ تعالی۔(۲)

دفع مرگی

آیات ذیل لکھ کر گلے میں ڈال دینا چاہئے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
(رَبِّ) أَنِّيْ مَسَّنِيَ الشَّيْطٰنُ بِنُصْبٍ وَّعَذَابٍ ﴿٤١﴾

---

۱)۔مجالس غور غشتوی:ص:۲۶۲۔۲۶۳۔

۲)۔معارف بہلوی: کتاب الادعیہ: فصل سوم: ج:۴ ص:۴۱۱۔

(رَبِّ) اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ﴿۸۳﴾
رَّبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّیٰطِیْنِ﴿۹۷﴾وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ یَّحْضُرُوْنِ﴿۹۸﴾

نیز مذکورہ بالا کو کاغذ پر یا پانی پر دم کرے، اور اس پانی میں مساوی مقدار میں تیل ملا کر نہایت ہی ہلکی آگ پر اس پانی کو خشک کرے، جب پانی خشک ہو جائے اور صرف تیل رہ جائے تو اس تیل کو ہر روز سر میں بھی ڈالے اور بدن کی مالش بھی کرتا رہے، دو چار مہینے میں رحمت ہوگی۔ اِن شاءاللہ تعالیٰ۔(۱)

مرض مرگی کے واسطے

تانبے کی تختی کے ایک جانب سنیچر کی پہلی ساعت میں

یَاقَهَّارُ أَنْتَ الَّذِیْ لَا یُطَاقُ انْتِقَامُهٗ

اور دوسری طرف

یَامُذِلَّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ بِقَهْرِ عَزِیْزِ سُلْطَانِهٖ یَامُذِلُّ

کندہ کر کے بیمار کی گردن میں لٹکائے۔(۲)

مریض کی صحت یابی کے لئے

